





هذه خطبة علمية تحتوي على فضيلة النطق والبيان

والالسنة المفيدة، لاسيما المسلسل الاشهر

المسماة

بالخطبات الحيدرية على الالسنة المفيدة

مما افاد بها العالم الفاضل، الاديب الكامل جامع المعقول

والمنقول، حاوي الفروع والاصول، مولانا ابو الوفا

السيد نديم الله الحسيني البختياري (مولوي فاضل)


في الجلسة العظيمة التي انعقدت في بلدة وانمباري

من بلاد مدراس

سنة ١٣٢٨ه

طبعت بمطبعة محمودية السيد حيدرآباد دكن





بسم الله الرحمن الرحيم

ان ابهى ما يزين به الكلام، واملح ما تنتج به بنات
الاقلام، حمد الملك العزيز العلام، الذى اكمل
علينا نعمه الجليله، وافاض علينا من سجال رحمته
الجزيله، فله المجد والعلى، وله المثل الاعلى —
والصلوة والسلام، على من جاء بالهدى ولوا
الاسلام، الذى اخرجنا من ظلمات الغى الى انوار
الهدايه، وشفانا من مرضات الضلالة والغوايه
الذى عجزت دون فصاحته مصاقع العرب والعجم
وكلت لدى بلاغته السن خطباء الامم،
فله الشرف والكرم، والفضل والعظم، وعلى

آله الشرفاء النجباء، واصحابه الفصحاء الخطباء،
وبعد: فيا ايها العلماء الكرام، والسادات العظام
هذه الجلسة العظيمة العلميه، ما اعظم شانها،
وهذه المدرسة معدن العلوم العليه، ما أبرك
زمانها، وما اقدس مكانها، ارى كبراء القوم
قد اجتمعوا فيها، وفضلاء اليوم قد انضموا اليها،
ففي مثل هذه الحفلة الجليله، عجبا لمثلي ان يمثل
بين يديكم، ويجترى بالخطبة لديكم، ولكن
الصغار، ما لم يفصحوا عن ما كمن في اذهانهم
لدى الكبار، لا تصلح حالهم، ولا يملح مقالهم
فعلى هذا انتصبت بين يديكم، واجترأت بالخطبة لديكم
فمعذرة مني اليكم يا معشر الفضلاء، على استلفاتي
مسامعكم العليه، واستعارتي اوقاتكم البهيه،
الآن اريد ان اتكلم شيئا على فن الخطابه، واظهر
فضيلة النطق الذي ميز الانسان، عن سائر

افراد الحيوان ، وَاُبيّنَ الالسنةَ التى نحتاج اليها اليوم -

اعلموا ! اولاً ان النطق للانسان نعمة عظيمة ، وعطية كريمة ، به تتزيّن العقول ، وتكمُلُ نعم الله علينا من الفروع والاصول ، لانه اعلى وسيلةً لاظهار ما فى الضمائر ، واكملُ الةً للافصاح عن السرائر ، والله تعالى خلق الانسان مدنيًّا بالطبع داعيًا الى الجمع ، وعلّق حاجات كل على الاخر ليتعاون كلٌ منّا ويتناصر ، فهذا الاجتماع والالتيام ، والتعاون والتناصر ، والتالف والتصافى هو التمدّن الانسانى ، والتجمع العمرانى ، وهذا التمدن لايكمُل الاباَمرٍ يهدى الناس الى ضمائر غيرهم ، ويُنبئهم عن شرهم وخيرهم ، فهذا الامر هو النطق والخطابه ، به نظهر اغراضنا على اغيارنا ، وبه نُفصح عن مُدركات عقولنا ،

وبه نهدى الناس الى ارشد السبل ، ونكفهم
عن الضلال والزلل ، فلولا هذا النطق فينا ،
لما ظهرت كرامتنا وشرافتنا ، لان فضيلة الانسان
من تلقاء عقله الدراك ، وادراك حقائق الاشياء
ما امكن من السمك الى السماك ، واعطانا الله
ذلك الجوهر الشريف لامرين ،
احدهما[١] : ان نعرف به خالقنا المدبر السموات
والارض ، وندرك عجائب ما فى خلقه ودقائقه
قائلين ،، ربنا ما خلقت هذا باطلا ،، ونستكشف به
سرائر ما فى العالم ، داعين ،، ربنا اكشف لنا عن
سر العالم كاملا ،،
والثانى[٢] : ان نستفيد به مما فى هذا العالم ،
بجمع ما ينفعنا ويزيننا ودفع ما يضرنا ويشيننا ،
وهذا كله لا يتم بدون التعاون والتناصر ،
والتآلف والتضافر ، لان فردا من افراد الامة

لا يمكن ان يقوم بامره وحدا، ويتم حاجاته وينال مقاصده منفردا، فحينئذٍ لا بدّ للانسان من الاستعانة والاستمداد، والاجتماع فى الامصار والبلاد، ويتهيّأ كلّ واحد باشغالٍ تفيد امّته، ويلتزم عليه بدفع ما تبيدُ قومه، وتعلمون انّ هذا الامر يستحيل بدون الاطلاع على ما فى الضمائر، والوقوف على السرائر، فمست حاجة الانسان الى قوةٍ تكون آلةً لافضاء المعارف الى الغير، وخلق الله تعالى قوة النطق والسمع فينا، مُكمِلاً نِعَمَه السابغةَ علينا، ومُتمِّماً عطاياه البالغةَ الينا، فكملتُ بالنطق شرافة الانسان وفضيلتُهُ ومِن ثَمَّ وُضِعت الالفاظ للمعانى، لان تلك القوة لا تنتقل بنفسها، بل تحرّك اللسان ولوجد فيه اصواتاً معيّنَةَ الاوضاع، وهى تتموّجُ فى الهواء وتصل الى الاسماع، فبحاسّة السمع يدرك

العقل تلك المعاني والمعارف ، ويطلع على المكامن من الظرايف واللطائف ، ولكون النطق دالاً على المدركات ، ومظهراً لفضل العقل الفارق بين الانسان ، وغيره من افراد الحيوان ، سمي العقل بالنطق ، وعرف الانسان ، في علم الميزان ، بانه حيوان ناطق ، فليس المراد بالناطق الا العاقل الذي يدرك الكليات ، ويستنتج المجهولات ، بالنظر في المقدمات ، واللسان خلق لاظهار ما في الجنان

كما قيل

ان الكلام لفي الفؤاد وانما ٭ جعل اللسان على الفؤاد دليلا

ايها الكرام !

ان للنطق والخطابة تاثيراً كبيراً في النفوس والقلوب ومدخلاً كثيراً في الحروب والكروب ، هو الذي يرفع الوضيع ، ويضع الرفيع ، ويبدل الفرحات ، ويبدل الترحات ، ويسيل العبرات ، ويزيل

الزفرات ، وله فى جذب القلوب تاثير المغناطيس ، حيث يدهش دونه العقول - وفى كسر الجيوش نفوذ بطلٍ بئيس ، حيث يأيس منه الفحول - وَلعمرى ان النطق سيفٌ بتّاك ، ورمحٌ هتّاك طالمَا نفلّق به أفراقَ الاعداء ، وكثيرا ما نذبُّ به عن حقوق الاوداء ---

ايها الفضلاء!

انى لا اقدر على احصاء تاثيرات النطق ، إنّه سحرٌ ينطق الخُرسَ الاعاجم ، ويحلّل عُقَدَ ألسُنِ اللّكْنِ فى المحافل والمجالس ، به ينال المرءُ الشرفَ الاعلى ، ويلقى عنده مشربًا احلى ، فلكونه اهم فى العمران البشرى وانفع فى مهمّات التمدّن الانسانى ، وَجَبَ علينا ان نكمّله ونتعوّده ونأتمس اركانه ونشيّده ، حيث نقدر على اتيانه من كل الشئون ، ونتصرّف فيه كيف ما اردنا من

جُلِّ الفنون ، ونستمِدَّ به فی تبلیغ شریعتنا الغرّاء ، ونستعمله فی اعلاء ملّتنا البیضاء —

ایها الکرام من الکَمَلَه ، والاخوان من الطَّلَبَه !

آلأن ارید ان اُبَیِّنَ لکم ما هو المفیدُ من الالسنة ،

اعلموا ! ان الالسنَةَ کلّهَا جدیرةٌ بان تعرف و تُستکمل ، لکنّ المفیدةَ فی الیوم ، لاسیّما لمسلمی الهند ، اربع ، اللّغَةُ العربیّة ، و الهندیّه والفارسیّه ، والانجلیزیّه ، فمنها الاولیٰ ، اجلُّ قدرا ، واعظمُ نفعا ، واحلیٰ لفظا ، و اکبرُ وُسعا ، وقد فُرِضَ علینا تعلّمُ الدّین وتفهّمُه ودیننا الاسلام ، القیٰ الینا فی اللغة العربیّه ، وکتاب الله تعالیٰ واحادیث رسوله علیه الصلوٰة والسلام ، وتفاسیرهما کلُّها مُبیّنَةٌ فی العربیّه ، فما لم نتعلّمِ العربیّه ، لا نقِفُ علی الشریعة الوضیّه ، وان کان یُمکن لنا اَنْ نفهمها بالفارسیة والهندیّه ،

ولكنْ تعلمون ان الترجمة من لغةٍ الى لغةٍ لا يستوفى المطالبَ حقَّ الاستيفاء – ولا يحيط الفوائدَ المشتملةَ على الفاظها كلِّها – بيد ان الكلامَ العربيَّ فيه شيئٌ ما في غيره ، وهو الذى اعجز الفصحاء والبلغاء ، ومصاقعَ العرب والعجم كلَّها ، مِنْ اَنْ ما قدروا على اتيان كلامٍ بليغٍ يُماثِلُ اقصرَ سورةِ كلامِ الله تعالى ، وها هي الفصاحة والبلاغة التى امتلأ بها كلام الله جلَّ وعلا ؛ وفعُمَ منها كلام نبيّه الذى اُوتى جوامعَ الكَلِم – فهذه خصائص الكلام العربي التى تأخذ بمجامع قلوب المطالعين، وتخفض دونها جباهَ المتكبّرين ، لا يمكن لاحدٍ ان يُتَرجِمَها من العربيّة الى غيرها، فمعارف الدين وحقائقه لا تُكشف عن وجوهها الاستار الا بالعربيّه – وخزاين

البركات ومفاتيح اسرار الكون لاتحصل الا بالعربيّه - فعلينا ايها الاخوان ! ان نمدّ فى تعليمها وتسهيلها ، ونستعدّ لتعميمها و تكميلها - فطوبىٰ لمن اسّس لمدارس العربيّة وبُشرىٰ لمن حصّل العلوم الدينيّه ، وسعىٰ فى ترويج العلوم الاسلاميّه -

والثانية هى لغة ديارنا التى نتكلّم بها اليوم ، وتتوقف على حصولها مقاصد القوم ، لكل اُمّةٍ لُغَةٌ تختصّهم ، وتدور حول حماها مآربهم ومقاصدهم ، وهذه صارت لغتنا من حين ما غادرنا اوطاننا العربيّه ، واخذت قلوبنا نضارة الرياض الهنديّه ، فسلونا بطاحنا ، وظباء وجرتنا ، واخذت تُعلّلنا ملاح هذه الديار وغوانى هاتيك الامصار ، فصرنا قنا نص هواهنّ ، وفدا يا غواهنّ ، فاقمنا فى هذه الديار مدّة طويلة ،

ونسينا ما كنّا فيه من خصالٍ جميله ، ومكرمات
نبيله ، فاشترينا بسجيّاتنا العربيّه ، خصائلَ
الطغام الهنديّه ، فلاتَ حينَ مناصَ لنا من
هذه الديار ، وأصبحنا ندعى بالهنديّين في
الامصار ، فلهذا وجب لنا ان نُكمّلَ لُغتَنا الهنديّة
التى نشأتْ من بلاد لكناؤ ودهلى، ولنا ان نقتفىَ
فى هذه اللغة آثارا اهل هاتيك البلاد ، و
نتتبّع اوضاع تراكيبهم ، ونحذُوا حذو
ساليبهم –

اللغة الثالثة هى التى قد تربّتْ فى بيوت المسلمين
زمنًا كثيرا ، وكانت لُغتنا قبل نشأة الهنديّه-
والملوكُ قد جعلوها لسانَ رياستهم ، وكانت
تجرى الاعلانات والمراسيم بها فى سياستهم،
ولكونها مرضيّةً فى الشرق عند السّلاطين ،
توَجّهَ العُلماءُ والادَباءُ الى تحصيلها ، و ثانيًا

اَعِنَّةَ هِمَمِهِمْ الى تكميلها ، ولذا ترون اكثر العلوم والفنون مدوَّنَةً فى الفارسيّه ، ومُصَنَّفاتُ علماء المسلمين فيها بما لا تُعَدُّ ولا تُحصٰى ، ما مِنْ عِلمٍ الّا ويوجَدُ فيه كتابٌ فى الفارسيّه ، فكانّها صارتْ لُغَةَ المسلمين - فان نُغادِرُ و نُهمِلُ هذا اللسانَ المفيد ، تذهبُ نتائجُ افكار السَلَفِ اَدراجَ الرياح ، وسالتْ باَعناق مطايا مستكشفاتهم البِطاحُ فعلينا ان نجِدَّ آثارا وائلنا ، ونَرْغَبَ فى ابراز ما كمَنَ مِن آياتِ اسلافِنا ، لانّ اليوم قد اخذتْ احوالُ المسلمين فى التنزلِ مأخذا وتخلّفت عنهم ما كانوا فيها من الخصائص السنيّه ، والاكتشافات البهيّه ، ففى تعلُّمِنا اللّغةَ الفارسيّةَ فوائدُ كثيره - منها ما ذكرنا ، ومنها انّها تُكمّلُ لُغتَنا الهنديّه - لانّ الهنديّةَ مركّبةٌ من لغاتٍ شتّى ، واعظمُ اجزائها دخلاً العربيّه ، ثم الفارسيّة

لانها وضعت من اختلاطهما بالهندية الاصلية القديمة ، وايضًا الانجليزية قد تطرقت فيها اليوم، فبناء الهندية على هذه اللغات الاربع — فجدّوا ايها الاخوان الى اقتطاف ثمرات فنون الفارسية واعمروا قصورًا اسلافكم الخاوية عروشها للايام الآتية —

واما الرابعة اى الانجليزية فاحتياجنا الى تعلمها من حيث انها لسان السلطنة والحكومة ، وفيها تصدر الاحكام السياسية ، والاعلانات القضائية ، وبها ننال الوظائف الجليلة والخدمات النبيلة ، غير ما فيها من العلوم والمعارف الحكمية ، والاكتشافات الجديدة البهية ، التى بها ارتقت الامم المغربية ، وهى لغة قد عمت بسيط الارض وجميع الاقطار وهبت ريح صيتها سائر القرى والامصار ،

ولكن ايها الاخوان ! هذه المدارس الانجليزيّة،
ربّما تُضِرّ صِبْيانَنا ، وتفرّ منهم عن سُنَنِ
اَسْلافِنا ، لانها وُضِعتْ لِمحْضِ العلوم الدنيويّة
عَرِيّةً عن علوم الاخلاق والاداب الدينيّة،
فلذا نرى اليوم طائفةً من متعلمى الانجليزيّه،
الذين مِيطتْ عنهم التمائم فى هذه المدارس
الدنيويّه ، راغبين عن الاصول المِلِّيّة ،
والآداب الاسلاميّه ، كانّهم ما احسّوا بما هم
فيه ، وما دَرَوْا ما هم عليه -

ايّها السّادة الكرام، والحاضرون من الاخوان !
انّى لمّا رأيت ابناء القوم فى هذه الايّام، انْ قدْ
تغيّرت احوالُهُم ، وسقطتْ مراتبهُم دون
الاقوام، وركدتْ ريحهُم ، وكسدتْ سوقهُم ،
بعدَ ما تروّجتْ فيها الى العزّ والاحترام، نظرتُ
وتأمّلتُ فى وجوه هذا الادبار ، فعرفتُ انه

لا من محض تعلّم الانجليزيّة ، بل من قلّة مبالاتنا
على احوالنا ، وعدم جدّنا على آثار اوائلنا ، فلمّا
نَبذْنا الطريقة الحَسَنَة وراء ظهورنا ، وَصِرْنا
فِرَقًا مختلفةً فی امورنا ، وشَتّتْنا بايدينا شملَنَا ،
وَاَتَيْنا بما فرّق جَمْعَنَا ، رأينا من الذلّة والمسكنة
ما رأينا من الشجون ، فلات حينَ مناصَ لنا من
الهون ، فيا قومِ ! لا تمشوا على رِسلِكم لعمرى
ان هذا الطريقَ لا يوصِلكم الى فلاحِكم -
واعلموا انّ تلك المخازِىَ قد ضُربت عليكم ،
من فَعلتكم التی فعلتم ، والله لولا اشتعلت بينكم
نار العداوة والبغضاء ، ولولا تطرّقت فيكم حرّية
التی تخرجكم عن حدود الملّة البيضاء ، لما وقعتم
فی هذا الضيق والهوان والبلاء - ولوِ اعتصمتم
بحبل الله حقّ اعتصام ، لما سمّنتكم الاقوام
بالوحوش والانعام - فيا ايها الناس لا يغرّنّكم

الغرور، انظروا فی عواقب الامور، لا تلقوا بایدیکم الی التہلکۃ والبوار، ولا تہدموا قصر عزکم الذی بنت آباءکم الخیار، ھذا آخر ما اردت ان اخطب لدیکم۔


ثم اعتذر من قلوبکم الصافیۃ، علی اضاعتی اوقاتکم البہیۃ، واستعاذتی مسامعکم العلیۃ، واسئل اللہ تعالی ان یوفقنا للخیر والسداد، وللسلوک علی سبیل الرشاد، وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین۔ والصلوۃ والسلام علی حبیبہ رحمۃ للعالمین۔ وعلی آلہ واصحابہ اجمعین


انا العبد الفقیر الی اللہ الباری

السید نذیر اللہ الحسینی البختیاری

(مولوی فاضل)

تمت





(۱) نمبر سلسلۂ اشاعۃ العلوم حیدرآباد دکن

المعنی فی بطن الشاعر یا مطالب سعدی دیگر

الحمد للہ والمنہ کہ شرح ابیات مولانا مولوی خرم علی صاحب مرحوم مشتمل بر اشعار نصیحت

موسوم بہ

خدا کی قدرت

از تصانیف

تاج مناہج تحقیق تاج معارف تدقیق عالم باعمل فاضل بے بدل سالک مسالک شریعت و طریقت واقف اسرار

معرفت و حقیقت عارف باللہ حضرت مولانا مولوی حاجی حافظ محمد انوار اللہ صاحب قبلہ حیدرآبادی دامت فیوضہم و برکاتہم

(بفرمایش مولوی ابوالوفا نعیم سید حسینی صاحب بختیار کاکی مولوی فاضل مہتمم اشاعۃ العلوم)

باہتمام مہتمم مطبع دائرۃ المعارف نظامیہ حیدرآباد دکن

مطبع دائرۃ المعارف النظامیہ حیدرآباد دکن میں طبع ہوئی

طبع دوم

بسم الله الرحمن الرحيم

خدا کی قدرت کامل عیاں ہے ۔ اسی کی ساری قدرت ہی جہاں ہے

دئے انساں کو اُسنے فہم و ادراک ۔ کیا کرتا ہے جس سے سیر افلاک

اُسیکے قبضۂ قدرت میں سب ہے ۔ ہیں سب مخلوق اور وہ سب کا رب ہے

اُسیکے ہاتھ ہے ساری خدائی ۔ خدائی سب اسی کی ہے بنائی

اُسینے دی ہے عظمت انبیا کو ۔ کرامت بخشی اُس نے اولیا کو

سُنو یارو نصیحت کرتے ہیں ہم ۔ اسے مانو۔ رہو دل شاد و خرم

خدا فرما چکا قرآں کے اندر ۔ مرے محتاج ہیں پیر و پیمبر

تو پھر دشمن جو ہو کوئی خدا کا ۔ بھلا کیونکر نہ وہ محتاج ہو گا

ذرا تو بھائیو خالق سے شرماؤ ۔ بہت بھٹکے کبھی تو راہ پر آؤ

کبھی حاجت جو پیش آتی ہے تم کو ۔ تو پھر کیسی وہ بھٹکاتی ہے تم کو

ہر اک کے پاس لیجاتی ہے تم کو ۔ نہیں ایماں کی لاج آتی ہے تم کو

کبھی ہندو سے مانگیں جا کی حاجت ۔ کریں گے ہے کرستاں سے لجاجت

کبھی نیچر کی کرتے ہیں خوشامد ۔۔۔ خوشامد ھر کہ را کردی خوش آمد

کبھی ہو پارسی کے پاس جاتے ۔۔۔ اور اُس کے سامنے ہو گڑگڑاتے

کہا تھا اُنکو ختم المرسلیں نے ۔۔۔ ہمارے رحمۃ للعالمیں نے

کہ گر ہو نعل کے تسمے کی حاجت ۔۔۔ تو وہ بھی رب سے ہی چاہو مبنت

خدا نے جب پہ تم لائے ہو ایماں ۔۔۔ یہہ فرمایا سُنو اُس کا ہے فرماں

نہیں طاقت سوا اُسکے کسی میں ۔۔۔ کہ کام آوے تمہاری بیکسی میں

جو محبوبین حق کی ہو یہہ حالت ۔۔۔ نہووے اُن میں جب بالذات طاقت

تو پھر اعدائے حق سے کیا ہے امید ۔۔۔ ٹھکانا جنکا ہے دوزخ میں جاوید

بھلا پیروں سے ہی اتنی تو امید ۔۔۔ سفارش سے وہ کر سکتے ہیں تائید

مُحبان خدا چاہیں جو حق سے ۔۔۔ تو پھر مطلب بھلا کیونکر نہ نکلے

غضب کی بات ہے دشمن کے آگے ۔۔۔ پسارو ہاتھ اے بندو خدا کے

سنو یارو یہہ باتیں دل لگا کے ۔۔۔ نہیں قدرت کسی میں جز خدا کے

ہیں بت مبغوض حق سو اُنکے محتاج ۔۔۔ بنے بیٹھے ہوئے ہیں خود مہاراج

مشکوۃ میں روایت ہے کہ انس اور ثابت بنانی رضی اللہ عنہما سے کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے چاہیے کہ مانگیں تم لوگ اللہ تعالی سے سب حاجتیں یہاں تک کہ تسمہ نعل کا اگر ٹوٹ جاوے اور نمک رواہ الترمذی ۱۲ منہ۔
بخاری کی کتاب الرقاق باب التواضع میں حدیث ہے کہ حق تعالی فرماتا ہے جس کو میں دوست رکھتا ہوں اگر وہ مجھ سے کچھ مانگے تو میں ضرور ضرور ہی اسکو دیتا ہوں ۱۲

جو خود محتاج ہووی دوسریکا
بھلا اُس سی مدد کا مانگنا کیہ

اگر کچھ مانگنا ہو رب سے مانگو
سفارش اُس کے محبوبونسی چاہیہ

خدا سی اور بزرگوں سی بھی کہنا
یہی ہی شرک یارو اس سی بچنا

تردد میں دوئی ہوتی ہے یارو
جو کچھ ہو مانگنا خالق سے مانگو

بزرگوں سے اگر کچھ چاہتے ہو
اور اُن کو مستقل گر تم نہ سمجھو

تو یہہ پھر مانگنا حق ہی سے ہوگا
ولی کی بس سفارش کا ہی ٹیکا

اگر چاہے سوا اُن کے کسی سے
کوئی مقصود دشمن سے خدا کے

تو یہہ ممکن نہیں کہ مانگتا ہو
خدا سے واسطہ کرکے عدو کو

بھلا شرک سے جس نے ایسا مانگا
نہ کہیئے اُس کو مشرک تو کہیں کیا

جو سمجھے مستقل غیر خدا کو
کہیں مشرک ضرور اُس بیحیا کو

خبر قرآن میں ہی یہہ محقق
نہ بخشیگا خدا مشرک کو مطلق

معاذ اللہ جسے اُسنے نہ بخشا
مقرر وہ جہنم میں پڑے گا

اگر قرآن کو سچ مانتے ہو
تو پھر تم منتیں کیوں مانتی ہو

عدو اللہ کی منت اور مسلمان
ذرا سوچو تو کیسا ہے یہہ ایمان

تمھیں یہ طور بد کسنے سکھایا
محمدؐ نے کہاں یہہ کہہ بتایا

ہی شیطاں دشمنِ اولادِ آدم ۔ سکھاتا ہی وہی راہِ جہنم
کسی کو بت پرستی ہی سکھاتا ۔ کسیکو ہی وہ قبروں پر جھکاتا
کہاں توڑو مزاریں اولیا کی ۔ جو ممکن ہو تو قبرِ مصطفےٰ بھی
شہیدوں کی بھی قبروں کو سراسر ۔ زمیں کے ساتھ کردیجے برابر
نشاں اُنکا کہیں رہنے نہ دیجے ۔ اثر اُنکا مٹا دیجے زمیں سے
سبب یہہ ہے کہ شیطاں پر ہی لعنت ۔ اُسے رحمت سی ہوتی ہے اذیت
اور اُن حضرات کی قبروں پہ دائم ۔ نزولِ رحمتِ خالق[ع] ہے پیہم،
تو مارے رشک کے چھاتا ہے مردود ۔ کہ کھدواکر انھیں کردیوے نابود
نکالا اس لیئے ڈھنگ اُسنے ایسا ۔ کہ مٹ جائے جہاں سے نام اُنکا
نہ ہووے ناکہیں ذکر اُن کا مطلق ۔ اُتر آوے[ع] نہ اُس جا رحمتِ حق
مگر کیا کر سکے بیچارہ شیطاں ۔ خدا ہووے کسیکا جب نگہباں
غرض اللہ سی دونوں کو روکا ۔ بھلا کر راہِ حق خندق میں جھوکا
مسلمانو ذرا سوچو تو دل میں ۔ پھنسے ہو کسطرح تم آب و گل میں

[ع] امام سخاوی مقاصد حسنہ میں قول سفیان بن عیینہ رح کا نقل کیا ہے عند ذکر الصالحین تنزل الرحمۃ ۱۲
[ع] یعنی اولیا کے صرف قبروں اور جسموں ہی میں کہ آب و گل ہیں نظر کو تمنے روک رکھی ہے چشم بصیرت کو کھولو اور اُن کے مرتبوں کو دیکھو کہ کیا ہیں ۱۲ منہ

نہ جانو اُن کو خدا کی مثل اپنے
فرشتوں سے ہیں بڑھ گئے رتبے

بہت غفلت میں سوئے اب جاگو
خدا کے ہو تو بندو تم نہ مانگو
بھلا اُن کافروں سے مانگنا کیا
وسیلے کو نہیں بس اولیا کیا

وہ مالک ہے سب اسکے آگے لاچار
نہیں ہے کوئی اسکے گھر کا مختار
کرے با کا نہ پوچھے یا الٰہی
دیے کیوں انکو رتبے لاتناہی

وہ کیا ہے جو نہیں ہوتا خدا سے
جسے تم مانگتے ہو اولیا سے
جو کچھ تم چاہتے ہو اولیا سے
وہ سب بے شبہ ہوتا ہے خدا سے
تو مانگو واسطے سے اولیا کے
دلا دیں گے دعا کر کے خدا سے

بیانِ شرک سُن کہتے ہیں مرد
کہ منکر ہیں بزرگوں سے بلاشک
غلط فہمی ہی دیکھی اِن سے اکثر
یہ ناداں دوست ہیں دشمن سے بد تر
قصورِ فہم کو کوئی کرے کیا
تھا مطلب کچھ تو کچھ کا کچھ ہی سمجھا
ہوا اچھا بہت ہی خیر گذری
جو ہمنے جلد شرح متن لکھی
وگرنہ مطلب اشعار بے غور
عزیزوں نے بنا رکھا تھا کچھ اور

ارے لوگو زباں اپنی کو روکو
بزرگوں سے نہیں انکار ہم کو

یعنی جو کچھ تم اولیا سے چاہتے ہو چاہو وہ سب خدا تعالیٰ سے ہو سکتا ہے صرف اجابت دعا کیلئے ذریعہ ہیں

خدا لعنت کرے اُس رو سیہ پر
کہ جسکے دل میں ہو بغض پیمبر

جسے ہو بغض آل مصطفےٰ کا
خدا اسکو کرے دوزخ کا کندا

جسے اصحاب حضرت سے ہو انکا
رہے ہر دم خدا کی اُسپہ پھٹکار

جسے کچھ بغض ہووے اولیا سے
ہمیشہ ابر لعنت اُسپہ برسے

اب اتنا او بھی سن رکھیو حضرت
جو حق پر نا چلے اُسپر بھی لعنت

ہمارا کام سمجھانا ہے یارو
اب آگے چاہو تم مانو نہ مانو

تو اپنے حال میں کچھ سوچ خرم
زباں اب بند کر واللہ اعلم

کہیں فرط محبت سے نہ وہ بات
نکل آئے کہ جس کا ہو نہ اثبات

بیاں اتنی نہ کر اِن کی فضیلت
کہ کچھ کا کچھ سمجھ لیں اہل بدعت

خدا مختار ہے چاہے سو کہہ دے
وہی جانے دئے انکو جو رتبے

اگر ارشاد نبی بیبصر ہوا ہے
وگر بی یبطش و بیمشی کہا ہے

تو ہم کہتے ہیں لائے دل سے ایماں
اگرچہ فہم معنی میں ہیں حیراں

مگر دے ہمکو وہ انوار ایماں
الٰہی جس سے سمجھیں تیرا فرماں

بخاری شریف کی کتاب الرقاق باب التواضع میں یہہ حدیث ہے جسکا ترجمہ یہ ہے ہمیشہ بندہ قریب ہوتا جاتا ہے طرف میری یہانتک کہ دوست رکھتا ہوں میں اسکو پھر جب دوست رکھتا ہوں اسکو تو ہو جاتا ہوں میں سماعت اُس کی جس سے سنتا ہے اور بصارت اسکی جس سے دیکھتا ہے اور ہاتھ اسکا جس سے پکڑتا ہے اور پاؤں اُسکا جس سے چلتا ہے انتہی ۱۲ - اور ایک روایت میں ہے مجھی سے سنتا ہے وہ اور مجھی سے دیکھتا ہے اور مجھی سے پکڑتا ہے اور مجھی سے چلتا ہے ۱۲ -

اعلان

اہل اسلام کو بشارت دیجاتی ہے کہ حضرت مولانا مولوی حاجی حافظ محمد انوار اللہ صاحب قبلہ کی تصنیفات جنکی بحسب اقتضائے زمانہ نہایت سخت ضرورت ہے مندرجہ ذیل پتہ سے شائقین کی طلب پر روانہ کیجا سکتی ہیں۔

انوار احمدی۔ اس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل اور درود شریف کے فوائد اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے آداب اور چند ضروری مسائل پر نہایت محققانہ بیان کیا گیا ہے جنکی عموماً اہل اسلام کو ضرورت ہے جو اپنی خوبی و پسندیدگی کی باعث ہاتھوں ہاتھ تقسیم ہو چکی تھی اب پھر شائقین کے تقاضے پر مکرر طبع کی گئی ہے قیمت ۱۲/

کتاب العقل۔ اس میں عقل کی حقیقت کھولدی گئی ہے کہ دینی ابواب میں کہاں تک چل سکتی ہے اور حکمت قدیمہ و فلسفہ جدیدہ کا اثر جن مسائل پر پڑتا تھا انکے جوابات عقلی نہایت محققانہ انداز سے دیے گئے ہیں قیمت کاغذ چکنا ۱۲/ کاغذ کھرا ۸/

افادۃ الافہام۔ ہر دو حصہ یہ کتاب مرزا غلام احمد صاحب قادیانی کی ازالۃ الاوہام کا جواب ہے نہایت ہی محققانہ و مہذبانہ طرز سے جوابات دیے گئے ہیں جنکے ضمن میں کئی دینی ضروری مسائل کی تحقیقات اور نیز بہت سے تاریخی حالات منقح ہیں اس کتاب کو دیکھنے سے مذہب قادیانی کے مفاسد سے بخوبی آگاہی ہو جاتی ہے۔ کاغذ چکنا ... کھرا ...

مقاصد الاسلام۔ ہر چہار حصہ جن میں اخلاق تمدن فقہ کلام فلسفۂ اسلام اور تصوف وغیرہ مضامین پر نہایت محققانہ اور دلکش طرز پر بحث کی گئی ہے۔ قیمت ....


حقیقۃ الفقہ۔ ہر دو حصہ جس میں محققین محدثین کے فرائض منصبی انکے کارنامے اور حدیث، فقہ و اجتہاد کی ضرورت نہایت مدلل طور پر ثابت کی گئی ہے خصوصاً امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی جانفشانیاں اور فضائل جو اکابر محدثین کے اقوال سے ثابت ہیں نہایت شرح و بسط سے لکھے گئے ہیں۔ قیمت ....

انوار الحق۔ مولوی حسن علی صاحب لکچرر کی تائید الحق جو مرزا صاحب قادیانی کی تائید میں لکھی گئی ہے اسکے جواب میں یہ محققانہ رسالہ لکھا گیا ہے اسکا طرز بیان دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ کسقدر دلچسپ ہے قیمت ... ۶/

پتہ۔ حضرت مولانا مولوی حاجی حافظ محمد انوار اللہ صاحب قبلہ حیدرآباد دکن۔ بازار سلطان شاہ (انوار منزل)

المعلن

ابوالوفا سید بدیع اللہ حسینی عفی عنہ (مولوی فاضل)



إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ

بعونہ تعالیٰ

رسالۂ حفاظ

مسمّٰی باسم تاریخی

مکارم الحفظہ

۱۳۲۵ھ

جس میں

حفظ قرآن کے تاریخی واقعات۔ شرعی احکام۔ اور حفاظ قرآن کے فضائل و آداب مع متعدد فوائد و ہدایات و دلچسپ قصص و حکایات کتب تفسیر۔ حدیث۔ فقہ۔ تجوید۔ تاریخ۔ سیر وغیرہ سے جمع کئے گئے ہیں

مؤلفہ

جناب مولوی حافظ حفیظ اللہ خان صاحب حفیظ (مولوی فاضل)

ملازم سررشتۂ تعلیمات سرکار عالی

باہتمام

جناب مولوی ابوالوفا سید ندیم اللہ حسینی صاحب بختیاری (مولوی فاضل)

مہتمم مجلس اشاعۃ العلوم حیدرآباد دکن

بماہ جمادی الاولی سنہ ۱۳۳۱ھ

محمود پریس واقع محلہ شبلی گنج حیدرآباد دکن میں طبع ہوا

خلاصہ تبصرہ مولوی احمد مکرم صاحب رکن تنقیدی و انتظامی مجلس اشاعۃ العلوم

مکارم الحفظ

مولوی محمد حفیظ اللہ خاں صاحب اس کتاب کے جامع و مؤلف ہیں۔ نام تاریخی ہے۔ حفظ قرآن کتاب کا موضوع ہے
زبان اردو، سادہ و سلیس اور عبارت مطلب خیز ہے۔
مؤلف نے اس کتاب کو ایک مقدمہ، دو بابوں اور خاتمہ پر تقسیم کیا ہے۔ مقدمہ میں موضوع کتاب کے متعلق چند عمدہ فوائد ہیں۔ ہر فائدہ کی تائید میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور فقہاء و علماء کے اقوال معتبرہ کو پیش کیا ہے چند اُن بزرگان امت کا اجمالی ذکر ہے جنہوں نے نہایت قلیل مدت میں قرآن مجید کو حفظ کیا ضمناً دیگر معلومات مفیدہ اور حکایات دلآویز بھی ہیں۔
باب اول میں حفاظ قرآن مجید کے فضائل کا بیان ہے جو احادیث اور اقوال سلف صالحین سے منقول ہیں۔ ساتھ ساتھ مناسب مواقع پر حکایات دلچسپ ہیں اور باب کے آخر میں مسلسل حکایات اور اکابر کے اقوال و تذکرے ہیں جن سے حفظ قرآن کی ترغیب و تحریص مقصود ہے۔
دوسرے باب میں آداب حفظ و حفاظ کی تفصیل ہے۔ حفاظ سلف کے اخلاق حسنہ کا بیان تعلیم فن تجوید و معانی قرآن کی ترغیب۔ تلاوت کی تحریص۔ قرآن کے حفظ کرکے بھول جانے پر تنبیہ و ترہیب ہے اور یہ کہ قرآن بھولنے سے کیا مراد ہے اور قرآن مجید کو کس طرح پڑھنا اور کتنی مدت میں ختم کرنا مستحب ہے پھر اُن بزرگوں کے مختصر تذکرے جنہوں نے قلیل عرصہ میں ختم قرآن کئے ہیں۔
پھر سات منزل کی صراحت مع وجہ تقسیم پھر حسب حال حفاظ چند مسائل کی تصریح اور خلوص کی ترغیب ہے
خاتمہ میں اُن ہدایات کی تفصیل ہے جن کا جاننا ہر اُس شخص کے لئے جو حافظہ کرنا چاہتا ہو بہت ضروری ہے
کتاب کے عمدہ اور مفید عام ہونے میں کوئی شبہ نہیں ہے اور میرا جہاں تک خیال ہے آجتک اردو زبان میں ایسی کوئی کتاب تالیف نہیں کی گئی ہے۔ پس ایسے وقت میں کہ مذہبی دنیا میں ہلچل مچی ہے لوگوں کے قلوب دینی خیالات سے خالی اور عقائد سے منحرف ہوتے جاتے ہیں اور خاصکر حفاظ قرآن مجید کی تعداد روز بروز گھٹتی چلی جاتی ہے۔ ایسی کتاب کا چھپنا ضروری و لازمی ہے اور مناسب بلکہ نہایت ضروری ہے کہ نہ صرف اس کو چھاپا جائے بلکہ اس کو ہر طرف شائع کیا جائے اور جہاں تک ممکن ہو اس کی اشاعت میں اور اس کے پھیلانے میں سر توڑ کوشش کی جائے تا عوام اس سے مستفید و متمتع ہوں اور کتاب جس غرض کے لئے لکھی گئی ہے وہ پوری ہو جائے اور افراد امت قرآن کے حفظ و حفاظت میں سست نہ ہونے پائیں۔ یہ میری آزادانہ رائے ہے لیکن اس رائے کے ساتھ ہی میں یہ بھی بتا دینا چاہتا ہوں کہ فاضل مصنف نے کہیں اپنی رائے کو دخل نہیں دیا ہے۔ جو کچھ لکھا ہے وہ سلف صالحین اور علمائے متقدمین سے لیکر جمع کر دیا ہے۔

فہرست مضامین رسالہ مکارم الحفظ

صفحہ	مضامین	صفحہ	مضامین
۲۵	ر (۵) حفاظ اہل جنت کے سردار ہیں	۲۸	ف روایت جامع صغیر
	ر (۶) حافظ اسلام کا علم بردار ہے۔	ر	ر (۱۶) حافظ اپنے خاندان کے دس
ر	اسکی اہانت کرنے والے پر خدا کی لعنت ہے	ر	آدمیوں کی شفاعت کریگا۔
ر	ر (۷) حافظ اور غیر حافظ میں ایسا فرق	ر	ف روایت مشکوٰۃ۔
	ہے جیسا کہ خالق و مخلوق میں۔	ر	ر (۱۷) حافظ کے ماں باپ اگر مشرک ہونگے تو
ر	ر (۸) حافظ قرآن اللہ کا دوست ہے		ان کے عذاب میں تخفیف ہو گی۔
	اسکی دشمنی خدا کی دشمنی ہے۔ اور اسکی	۲۹	ر (۱۸) حافظ کے والدین قیامت کے روز
	دوستی خدا کی دوستی ہے۔		تاج پہنائے جائینگے الخ
۲۶	ر (۹) حافظ کی عقل ہمیشہ درست رہتی ہے	ر	ف قول ابن حجر
ر	ف تشریح حدیث	ر	ر (۱۹) حفاظ آنحضرت و صحابہ وغیرہ کے
ر	ر (۱۰) حافظ قرآن کی ایک دعا مقبول ہے[1]		خلیفہ ہیں۔
ر	ر (۱۱) حافظ معلم کلام اللہ اور نور الٰہی سے	۳۰	ر (۲۰) حافظ اپنے دونوں پہلوں میں نبوت کو
	ڈھکا ہوا ہے۔		مندرج کئے ہوئے ہے۔
ر	حکایت قاری ابو جعفر	ر	ف تشریح حدیث۔
۲۷	ر (۱۲) حافظ اللہ کی رحمت سے گھرا ہوا ہے	ر	ر (۲۱) حافظ سے جنت میں کہا جائیگا
ر	ر (۱۳) حافظ کیلئے وہ جنت ہے جسمیں	ر	کہ تو پڑھ اور ترقی کر۔
	نہر رہاں ہے۔	۳۱	قول دلیل الفالحین و تائید از کنز العمال
ر	ر (۱۴) آسمان والے حفاظ کا ذکر کرتے ہیں	ر	ر (۲۲) فرشتوں کا حافظ کو بشارت دینا
۲۸	ر (۱۵) اسلامی جوش حفاظ میں ہوتا ہے	۳۲	ر (۲۳) حافظ کیلئے قیامت کے دن خوشحالی ہے

[1] حدیث نمبر (۱۰) کا صحیح ترجمہ یہی ہے۔ کتاب میں اس کے مطابق درست کر لیا جائے ۱۲ منہ

باب دوم

مضامین	صفحہ

مضامین	صفحہ

خاتمہ



دیباچہ

یہ رسالہ جس کا تاریخی نام مکارم الحفظہ ہے اس کو میں نے ۱۳۲۵ھ میں تالیف کیا تھا۔ختم تالیف کے بعد ہی سے مجھے برابر یہ خیال رہا کہ یہ رسالہ جلد طبع ہو کر پبلک میں شائع ہو جائے۔لیکن افسوس ہے کہ زمانہ کے گوناگوں حوادث وافکار نے اس خیال کو ایک عرصہ تک پورا نہ ہونے دیا اور اصل یہ ہے کہ جو وقت اس کی طبع و اشاعت کا قضا و قدر نے مقرر رکھا تھا اس سے تقدیم و تاخیر ناممکن تھی مگر اب نہایت مسرت و فخر کا مقام ہے کہ اس تاخیر سے بموجب مثل "دیر آید درست آید" اس رسالہ کو مجلس اشاعۃ العلوم حیدرآباد دکن کی علمی قدر دانی و جوہر شناسی سے وہ مغتنم موقع نصیب ہوا جس سے بہتر کوئی دوسرا موقع اس کو میسر نہیں آسکتا۔چنانچہ اب یہ رسالہ میری دیرینہ آرزو کے موافق مجلس موصوف کی طرف سے چھپکر شائع ہو گیا ہے جس پر میں اس مجلس کا تہ دل سے شکر گزار اور دست بدعا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اس علمی مجلس کو ہمیشہ سرسبز اور تمام حوادث سے محفوظ رکھے اور اس کے اسلامی فیوض و برکات سے ہر خاص و عام کو فیضیاب و بہرہ ور کرے۔اور جو معزز حضرات اس کے حامی۔سرپرست اور اراکین ہیں ان کو ہمیشہ دینی

و دنیاوی مقاصد میں شاد کام رکھے (آمین)

آجکل فلسفۂ جدید و مغربی تعلیم کی نہایت گرم بازاری ہے اور اس کا اثر یہانتک پھیلا ہوا ہے کہ بہت سے مسلمان جو اس اثر سے متاثر ہو چکے ہیں وہ اسلامی مسائل کو بھی مغربی اصول کی کسوٹی پر کستے ہیں۔ اور جو شرعی احکام مغربی اصول سے میل نہیں کھاتے ان کے اظہار و اشاعت سے چین بجبین ہوتے ہیں چونکہ اس رسالہ میں بھی اس کے موضوع کی نوعیت کے اعتبار سے ایسے ایسے مضامین درج ہیں جو اس نئی روشنی میں بالکل انوکھے معلوم ہوں گے اور مغربی اصول کی کسوٹی پر کسنے سے بادی النظر میں کھوٹے نظر آئیں گے۔ لہذا اس مقام پر اس کی ضرورت محسوس ہوئی کہ اس رسالہ کا وہ اصلی معیار بھی بتلا دیا جائے جو درحقیقت اس کے پرکھنے کے لئے مقرر ہے اور جس کی رو سے اسکی اصلی کیفیت و صداقت نمایاں ہو سکتی ہے۔

دراصل یہ رسالہ پرانے مذاق پر اُن پرانے خیال کے دیندار مسلمانوں کیلئے لکھا گیا ہے جن میں صرف حفظ قرآن معمولی اردو نوشت و خواند کا رواج ہے اور ان کی بود و باش اکثر قصبات و دیہات میں ہوتی ہے اور خود اس کا موضوع بھی ایسا نہیں ہے کہ اس سے بجز ان دیندار مسلمانوں کے کوئی اور شخص دلچسپی لے اس کے ثبوت کے لئے یہ مشاہدہ کافی ہے کہ آجتک حفظ قرآن کا رواج عموماً ایسے ہی غریب مسلمانوں میں چلا آتا ہے۔ دوسرے مسلمان اپنے بڑے بڑے مشاغل میں مشغول رہتے ہیں۔ ان کو بھلا اتنی فرصت کہاں کہ ایسے کام کے لئے اپنے نازک دماغ پر بار ڈالیں جس کا دنیا میں کوئی نتیجہ نہ نکلے۔

یہ بات بھی ظاہر ہے کہ ایسے بے علم۔ سیدھے سادے مسلمان ہر عالم ظاہر و باطن کے ساتھ حسن عقیدت رکھتے ہیں اور ان کی باتوں کو صدق دل سے باور کر لیتے ہیں۔ نہ وہ کشف و کرامات کا نام سنکر چو کنے ہوتے ہیں نہ خواہ مخواہ کسی عالم کے ساتھ بدظنی و بدگمانی کرتے ہیں بس ایسے لوگوں کی ترغیب و تحریص کے لئے ان بزرگوں کے اقوال و اعمال کا نقل کرنا بھی نہ عقلاً مذموم ہے اور نہ شرعاً ممنوع۔

اب میں اس رسالہ کے مضامین کی کمیت و کیفیت سے بحث کرتا ہوں اور اس بات کو ظاہر کرتا ہوں کہ اس رسالہ کی ترتیب جمہور محدثین و فقہا کے مسلک پر ہوئی ہے۔

اس رسالہ میں دراصل چھ قسم کے مضامین ہیں جو حسب ذیل ہیں۔

(۱) احادیث نبوی	(۴) تاریخی واقعات
(۲) مسائل فقہی	(۵) کشف و کرامات
(۳) اوعیہ ماثورہ وغیرہ	(۶) قصص و حکایات

۱۔ حدیثیں معتبر کتابوں سے لی گئی ہیں اور زیادہ تر کنز العمال سے ماخوذ ہیں جس کا ماخذ جمع الجوامع جامع صغیر۔ زوائد جامع صغیر[51] ہے اور یہ کتابیں جیسی ہیں ان کا حال بیان ذیل سے ظاہر ہے۔

(الف) مولانا شیخ عبدالحق محدث دہلوی جمع الجوامع کی نسبت فرماتے ہیں[52]

---

[51] زوائد جامع صغیر کا قلمی نسخہ دو جلدوں میں کتب خانہ آصفیہ میں موجود ہے ۱۲

[52] دیکھو رسالہ اصول حدیث مشکوٰۃ کے اول میں ہے ۱۲

ولقد اورد السيوطی فی کتابه جمع الجوامع من کتب کثیرة تتجاوز خمسین مشتملة علی الصحاح والحسان والضعاف وقال ما اوردت فیها حدیثا وسم بالوضع اتفق المحدثون علی ترکه وردہ واللہ اعلم۔

جلال الدین سیوطی نے اپنی کتاب جمع الجوامع میں پچاس سے زیادہ کتابوں سے جو صحیح حسن اور ضعیف حدیثوں پر مشتمل ہیں روایات نقل کی ہیں اور یہ کہا ہے کہ میں نے اس میں کوئی ایسی حدیث نہیں نقل کی ہے جو موضوعیت کے ساتھ نامزد ہوا اور محدثین نے اس کے ترک و رد پر اتفاق کیا ہو واللہ اعلم۔

(ب) امام جلال الدین سیوطی جامع صغیر کی نسبت خود فرماتے ہیں[51]۔

صنته عما تفرد به وضاع او کذاب۔

میں نے اس کو وضاع یا کذاب کی خاص روایت سے محفوظ رکھا ہے۔

(ج) صاحب کنز العمال جامع صغیر اور اس کے زوائد کی نسبت لکھتے ہیں[52]

ان المؤلف رحمه الله ذکر ان الاحادیث التی فی الجامع الصغیر وزوائدہ اصح واخصر وابعد من التکرار۔

مولف رحمہ اللہ نے ذکر کیا ہے کہ جامع صغیر اور اس کے زوائد کی حدیثیں زیادہ صحیح و مختصر اور تکرار سے بہت بعید ہیں۔

ان عبارات سے صاف ظاہر ہوا کہ کنز العمال موضوع حدیث سے مبرا ہے

۵۱ دیکھو دیباچہ جامع صغیر۔

۵۲ دیکھو دیباچہ کنز العمال ۱۲

لیکن ضعیف احادیث سے خالی نہیں۔ لہٰذا اب یہ بیان کیا جاتا ہے کہ فضائل حفظ قرآن جو فضائل اعمال کے قبیل سے ہیں ان میں ضعیف حدیثیں باتفاق جمہور محدثین و فقہا معتبر ہیں۔

(الف) ان الحدیث الضعیف یکفی فی فضائل الاعمال علی ما صرح بہ جمہور المحدثین والفقہاء[۱]

ضعیف حدیث فضائل اعمال میں کافی ہے۔ جیسا کہ جمہور محدثین و فقہا نے تصریح کی ہے۔

(ب) ان الندب یثبت بالضعیف کما صرح بہ ابن الہمام فی کتاب الجنائز من فتح القدیر۔[۲]

استحباب ضعیف حدیث سے ثابت ہوتا ہے جیسا کہ ابن ہمام نے فتح القدیر کی کتاب الجنائز میں تصریح کی ہے۔

(ج) قال النووی فی الاربعین اتفق العلماء علی جواز العمل بالحدیث الضعیف فی فضائل الاعمال انتھی وقال احمد بن حجر المکی فی شرحہا لفتح المبین لانہ ان کان صحیحا فی نفس الامر فقد اعطی حقہ والا لم یترتب علی العمل بہ مفسدۃ تحلیل وتحریم ولا ضیاع حق للغیر۔[۳]

نووی نے اربعین میں لکھا ہے کہ علما کا اس پر اتفاق ہے کہ فضائل اعمال میں ضعیف حدیث پر عمل کرنا جائز ہے اور احمد بن حجر مکی نے اس کی شرح فتح المبین میں لکھا ہے کہ جواز کی وجہ یہ ہے کہ اگر وہ فی الواقع صحیح ہو تو اس نے عمل کرکے اس کا حق ادا کیا اور اگر صحیح نہ ہوا تو اس عمل سے نہ تحلیل و تحریم کی خرابی واقع ہوئی اور نہ کسی غیر کا حق ضائع ہوا۔

---

[۱] سعایہ جلد اول ص ۱۷۰ [۲] سعایہ جلد اول ص ۱۷۹ ۱۲ [۳] تحفۃ الکملہ حاشیہ تحفۃ الطلبہ مولانا عبد الحی لکھنوی علیہ الرحمہ ۱۲

(د) وفي انموذج العلوم للجلال الدواني اذا وجد حديث ضعيف في فضيلة عمل من الاعمال ولم يكن هذا العمل مما يحتمل الحرمة او الكراهة فانه يجوز العمل به ويستحب لانه مامون الخطر ومرجو النفع اذ هو دائر بين الاباحة والاستحباب فالاحتياط العمل به رجاء للثواب انتهى[1]

جلال الدین دوانی نے انموذج العلوم میں ذکر کیا ہے کہ جب کسی عمل کی فضیلت میں ضعیف حدیث پائی جائے اور وہ عمل حرمت یا کراہت کا محتمل نہ ہو تو اس پر عمل کرنا جائز اور مستحب ہے اس لئے کہ وہ خطرے سے مامون ہے اور اس سے نفع کی امید ہے کیونکہ وہ اباحت واستحباب میں دائر ہے۔ پس احتیاط یہ ہے کہ بامید ثواب اس پر عمل کیا جائے۔

(ه) يجوز عند العلماء التساهل في اسانيد الضعيف دون الموضوع من غير بيان ضعفه في المواعظ والقصص وفضائل الاعمال لا في صفات الله تعالى واحكام الحلال والحرام قيل كان مذهب النسائي ان يخرج عن كل من لم يجمع على تركه وابوداود وكان

علماء کے نزدیک موضوع حدیث کو چھوڑ کے ضعیف حدیث کی اسناد میں بلا بیان ضعف تساہل کرنا مواعظ وقصص وفضائل اعمال میں جائز ہے صفات باری تعالیٰ واحکام حلال وحرام میں جائز نہیں کہا گیا ہے کہ امام نسائی کا مذہب یہ تھا کہ ہر ایسے شخص سے روایت کر لیا کرتے تھے جس کا متروک ہونا متفق علیہ نہیں ہوتا تھا اور ابوداؤد کا بھی یہی مسلک تھا اور وہ

[1] تحفۃ الکملہ حاشیہ تحفۃ الطلبہ مولانا عبدالحی لکھنوی علیہ الرحمہ ۱۲

یاخذ ماخذہ ویخرج الضعیف اذا لم یجد فی الباب غیرہ ویرجحہ علی رای الرجال۔	جس باب میں سوائے ضعیف کے کوئی دوسری حدیث نہیں پاتے تھے اس باب میں اسی کو نقل کر لیتے تھے اور اس کو لوگوں کی رائے پر ترجیح دیتے تھے۔

۲- فقہی مسائل فقہ کی معتبر و مستند کتابوں مثلاً شامی۔ عالمگیری۔ فتاوی قاضی خاں۔ خزانۃ الروایات وغیرہ سے لئے گئے ہیں اور خاص وہی مسئلے لکھے گئے ہیں جو حنفی مذہب میں معتبر ہیں۔

۳- ... میں رسالہ کے خاتمہ میں حفظ قرآن وغیرہ کے متعلق نقل کی گئی ہیں اس میں ایک دعا ترمذی شریف سے اور باقی مجربات دیربی سے نقل کی گئی ہیں۔ اور یہ دونوں کتابیں جس پایہ کی ہیں اس کے اظہار کی ضرورت نہیں۔

۴- تاریخی واقعات۔ تفسیر۔ حدیث۔ تاریخ۔ سیر وغیرہ کی معتبر کتابوں سے ماخوذ ہیں۔ چنانچہ اس کی تصدیق مطالعہ کتاب سے بخوبی ہو جائے گی۔

۵- کشف و کرامات کا حال بزرگان دین کی کتابوں سے اخذ کیا گیا ہے جو مسلمان مسئلہ "کَرَامَاتُ الْاَوْلِیَاءِ حَقٌّ" کے قائل ہیں ان کے نزدیک وہ کتابیں معتبر ہیں جن سے یہ مضمون لیا گیا ہے۔ اب اگر کسی صاحب کو اس نئی روشنی میں کشف و کرامات کی جھلک ناگوار معلوم ہو اور اس وجہ سے ان کے نزدیک وہ کتابیں بھی پایۂ اعتبار سے ساقط ہوں تو براہ کرم وہ ہمیں معاف فرمائیں۔ ہم اوپر خود لکھ آئے ہیں کہ ہمارا یہ رسالہ اپنے اصول پر اپنے خیال کے مسلمانوں کے لئے مرتب ہوا ہے۔

ك رسالۂ اصول حدیث میر سید شریف جو ترمذی کے اول میں ہے۔

۶۔ قصص و حکایات سے سوائے انبساط خاطر و انشراح صدر کوئی اور مفاد نہیں
تاہم اس رسالہ میں ایسے مضامین بھی مشہور و معتبر رسالوں اور کتابوں سے لئے گئے ہیں
البتہ ایک جگہ ایک زندہ مصنف کے حوالہ سے لکھا گیا ہے کہ فلاں شخص نے اتنے قلیل
عرصہ میں قرآن حفظ کیا تھا اگر یہ فی نفسہ صحیح ہو تو فبہا ورنہ اس کے ذکر سے کوئی حرج
شرعی نہیں لازم آتا کیونکہ یہ کوئی حلت و حرمت کا مسئلہ نہیں ہے۔
امام جلال الدین سیوطی رح جن کی جلالت شان اظہر من الشمس ہے اپنی کتاب خصائص الکبریٰ
میں ہر قسم کے اقوال نقل کرتے ہیں چنانچہ خود فرماتے ہیں[۱]۔

اعلم انی اذکر کل ما قال فیہ عالم انہ من خصائصہ سواء کان علیہ اصحابنا ام لا صحیحا ام لا فان ذلک داب المتتبعین المستوعبین وان کان الجھلۃ القاصرون اذا راوا مثل ذلک بادروا الی الانکار علی مورد ہ[۱]	جاننا چاہیئے کہ میں ہر ایسے مسئلہ کا ذکر کرتا ہوں جس کی نسبت کسی عالم نے کہا ہے کہ یہ آنحضرت کے خصائص میں سے ہے خواہ ہمارے اصحاب اس کے قائل ہوں یا نہ ہوں اور خواہ وہ صحیح مانا گیا ہو یا نہیں اس لئے کہ جو لوگ تتبع و استیعاب کے درپے ہیں انکا یہی شیوہ ہے اگرچہ کم فہم جہال جب ایسی بات کو دیکھتے ہیں تو بیان کرنے والے پر جھٹ رد و قدح کرنے کے لئے تیار ہو جاتے ہیں ۔

جب ائمہ سلف بنظر استیعاب ہر قسم کے اقوال نقل کرنا جائز رکھتے ہوں تو ادنیٰ مولفین
کی کیا حقیقت ہے بہر حال میں نے اس رسالہ میں ہر طرح کی احتیاط کی ہے
تاہم ناظرین سے ملتمس ہوں کہ وہ خذ ما صفا ودع ما کدر پر کاربند ہوں اور براہ کرم
میری کوشش کی قدر دانی فرمائیں ۔ فقط مؤلف

[۱] خصائص کبریٰ مطبوعہ دائرۃ المعارف حیدر آباد دکن جلد دوم صفحہ ۲۳۹ ۔ ۱۲

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ نَزَّلَ الْقُرْآنَ الْعَظِیْمَ لِلْھُدٰی وَالْمَوْعِظَۃِ وَنَوَّرَ بِاَنْوَارِہٖ
عُیُوْنَ النَّاظِرِیْنَ وَصُدُوْرَ الْحَفَظَۃِ ۔ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ مُحَمَّدٍ
وَّ آلِہٖ وَصَحْبِہٖ فِیْ کُلِّ لَحْظَۃٍ ؛ بِعَدَدِ مَا فِیْ جَمِیْعِ الْاَلْسِنَۃِ مِنْ نُقْطَۃٍ وَّحَرْفٍ وَّ لَفْظَۃٍ

اَمَّا بعد مخفی نہیں کہ جسطرح قرآن مجید خدا کا مقدس و مطہر کلام ہے اسیطرح اس کی تلاوت کرنے والے۔ اسکے احکام پر چلنے والے خدا کے مقبول و برگزیدہ بندے ہیں۔ اور ان میں زیادہ ممتاز و محترم وہ گروہ ہے جس نے اسکو بلحاظ عظمت و بزرگی اپنے سینے میں محفوظ رکھکر اسکے صلہ میں شریعت غرا سے حامل القرآن کا مبارک خطاب حاصل کیا ہے اس لئے اس میں ذرا شک نہیں کہ یہ گروہ اپنے اس کار نمایاں کی بدولت دنیا میں ہر طرح تعظیم و تکریم کے لائق اور آخرت میں اعلیٰ مراتب و مدارج کا مستحق ہے لیکن یہ امر بھی مسلم ہے کہ ہر ایک شئے جب تک کہ اپنے حد اعتدال پر قائم رہتی ہے اور اس میں افراط و تفریط کا دخل نہیں ہوتا اسی وقت تک وہ اپنے صفات یا خصوصیات کے ساتھ متصف ہونے کے قابل سمجھی جاتی ہے۔ اس لحاظ سے غور کیجئے تو یہ کہنا بالکل بجا و درست ہے کہ حامل القرآن کے لقب و دیگر فضائل و خصوصیات کے مستحق

دراصل وہی حفاظ ہیں جو حفظ قرآن کے ساتھ ان احکامات کے بھی پابند ہیں جنکی
رعایت عموماً ہر مسلمان اور خصوصاً حافظ قرآن کو لازم ہے اور جو اسکے برخلاف ہیں گو
وہ بظاہر اس طبقہ میں شمار کئے جائیں مگر حقیقت میں اس سے خارج ہیں۔ اسی لئے
حدیثوں میں جہاں حامل القرآن کا لفظ آیا ہے اسکو شارحین نے حافظ باعمل کے
معنی پر محمول کیا ہے جس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ جو حفاظ احکام شرع کے پابند
نہیں وہ محض دنیاوی اعتبار سے اس لقب کے ساتھ ملقب ہیں۔ اُخروی اعتبار سے
ہرگز اسکے اہل نہیں۔ اس اصول کے لحاظ سے جب ہم اپنے زمانہ کے حفاظ کی طرف
توجہ کرتے ہیں تو ہمیں سخت افسوس ہوتا ہے کہ انکی تعداد ظاہر لقب کے اعتبار سے
تو ہر ملک و دیار میں غیر محصور و بے شمار پائی جاتی ہے۔ مگر اصل غرض کے اعتبار سے
ہر جگہہ بہت کم نظر آتی ہے علاوہ اس کے آجکل زمانہ کی نیرنگی سے بعض مسلمانوں کے
خیالات اس قدر متغیر ہو گئے ہیں کہ وہ اپنی اولاد کو حفظ قرآن تو کیا ناظرہ قرآن پڑھانا
بھی تضیع اوقات سمجھتے ہیں۔ ایسی حالت میں اگر خدا کا فضل ہمارے شامل حال نہ رہا
تو اندیشہ ہے کہ آگے چلکر نہ حفاظ قرآن کی یہ رہی سہی قدر و منزلت باقی رہے گی اور نہ
حفظ قرآن کا یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ پس ان امور پر نظر کرنے سے میرے دل میں
یہ خیال پیدا ہوا کہ ایک مختصر رسالہ بزبان اردو حفاظ قرآن کے فضائل و آداب میں
لکھوں جس سے انکو حفظ قرآن کے متعلق ہر ایک پہلو سے پوری پوری واقفیت حاصل
ہو جائے اور اسکی رو سے خود فیصلہ کر لیں کہ حفظ قرآن کی بدولت دونوں جہان میں
سرخروئی حاصل کرنے کی کیا صورت ہے۔ نیز عام مسلمانوں کو اس امر کی اطلاع ہو جائے
کہ حفظ کلام مجید اور حفاظ قرآن شریف کے کیا کیا فضائل و مراتب ہیں تاکہ وہ بخوبی

حافظ اور حفظ قرآن کی قدر دان و رتبہ شناس ہوجائیں اور ان میں بھی حفظ قرآن کا ذوق و شوق پیدا ہو چنانچہ میں نے یہ مختصر رسالہ ۱۳۲۵ھ میں تالیف کیا اور اسکا تاریخی نام مَکَارِمُ الحَفَظَۃ رکھا۔

اب اللہ تعالے سے التجا ہے کہ اسکو قبول فرما کر میری نجات و مغفرت کا وسیلہ۔ حفاظ قرآن کی عبرت و نصیحت کا ذریعہ اور غیر حفاظ کے حق میں حفظ قرآن و قدر دانی حفاظ کا محرک بنائے۔

میں اس تالیف میں کسی امر کا مدعی نہیں ہوں۔ محض ناقل ہوں۔ اسی لئے ہر مضمون کے ساتھ ساتھ اسکا ماخذ بھی بتلا دیا ہے بلکہ اکثر اہم مقامات پر کتابوں کی اصل عبارتیں بھی ترجمہ کے ساتھ نقل کی ہیں تاکہ ناظرین کو پورا اطمینان ہو جائے اور بوقت ضرورت خود اصل کتاب میں دیکھ لیں علی العموم ہر کتاب کا مضمون اسی جگہ سے نقل کیا گیا ہے جو اسکا خاص مبحث ہے مگر بعض علوم کی کتابوں میں ضمنی مضامین بھی پائے گئے ہیں اسلئے جہاں انکا ذکر آیا ہے وہاں اکثر صراحت کر دی گئی ہے کہ یہ مضمون فلاں مقام سے ماخوذ ہے۔ پس ظاہر ہے کہ بحیثیت ناقل ہونے کے مجھ پر بجز تصحیح نقل کوئی دوسری ذمہ داری نہیں ہے۔ البتہ یہ عرض کر دینا ضروریات سے ہے کہ اگر فہم مطالب ترجمہ عبارات ترتیب مضامین وغیرہ کے متعلق میری جانب سے کسی جگہ کسی قسم کی غلطی ملاحظہ فرمائیں تو براہ کرم اسکو اپنے دامن اصلاح سے چھپائیں۔

اِنْ اُرِیْدُ اِلَّا الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْہِ اُنِیْبُ

لہ مکارم۔ مکرمت کی جمع ہے اسکے معنی بزرگی کے ہیں۔ حفظہ حافظ کی جمع ہے۔ چونکہ اس رسالہ میں حفاظ کی بزرگیوں اور فضیلتوں کا بیان ہے اس لئے یہ نام علاوہ تاریخی نام ہونے کے رسالہ کا اسم بامسمی ہونا بھی ظاہر کرتا ہے ۱۲ منہ

مقدمہ

(چند فوائد کے بیان میں)

فائدہ (۱)۔ قرآن شریف حقیقت میں مشکل کلام ہے جیسا کہ ارشاد ہوا ہے۔
إِنَّا سَنُلْقِي عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيلًا۔

حسین بن فضل نے اسکی تفسیر میں کہا ہے کہ وہ ایسا بھاری قول ہے کہ اسکا متحمل کوئی نہیں ہوسکتا بجز اس شخص کے جسکا قلب توفیق الٰہی سے موفق اور جسکا نفس توحید باری سے مزین ہو۔[1]

اس لحاظ سے اس کا حفظ کرنا نہایت دشوار تھا مگر اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل وکرم سے اسکا حفظ اپنے دیندار بندوں پر آسان کر دیا ہے جیسا کہ خود فرماتا ہے
وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ

حسن رض نے حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے کہ اگر پروردگار وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْآنَ لِلذِّكْرِ نہ فرماتا تو زبانیں کبھی قرآن کے الفاظ کو نہ ادا کر سکتیں۔[2]

حضرت ابن عباس رض نے آیت مذکور کی تفسیر میں فرمایا ہے کہ اگر اللہ تعالےٰ اپنے کلام کو بندوں کی زبان پر آسان نہ کرتا تو وہ کبھی کسی سے نہ پڑھا جاتا۔[3]

ابن سیرین رض نے ایک شخص کو سورۃ خفیفۃ یعنی آسان سورہ کہتے ہوئے سنکر فرمایا کہ سورۂ خفیفہ نہ کہو بلکہ سورۃ میسرۃ (آسان کی ہوئی سورۃ) کہو کیونکہ وہ

---

[1] تفسیر فتح البیان سورۂ مزمل ۱۲ [2] روح البیان سورۂ قمر ۱۲ [3] تفسیر درمنثور سورۂ مزمل ۱۲

فی نفسہ آسان نہیں ہے بلکہ اسکو اللہ تعالیٰ نے آسان کیا ہے[1]۔

حضرت قاضی عیاض فرماتے ہیں[2]۔

منھا تیسیرہ تعالیٰ حفظہ لمتعلمیہ وتقریبہ علی متحفظیہ قال اللہ تعالیٰ ولقد یسرنا القرآن للذکر وسائر الامم لا یحفظ کتبھا الواحد منھم فکیف الجماء علی مرور السنین علیھم والقرآن متیسر حفظہ للصبیان فی اقرب مدۃ	قرآن کے وجوہ اعجاز میں سے ایک یہ ہے کہ اسکو اللہ تعالیٰ نے اسکے حفظ کرنیوالوں پر سہل و آسان کردیا ہے جیسا کہ خود فرماتا ہے ولقد یسرنا القرآن للذکر چنانچہ کل امت کی کتابیں باوجود سالہا سال گذرنے کے ان میں سے ایک کو بھی یاد نہیں ہوتیں چہ جائیکہ ایک جماعت کو یاد ہوں اور قرآن شریف کو کمسن لڑکے بہت تھوڑی مدت میں یاد کرلیتے ہیں

(فائدہ) ذیل میں چند بزرگوں کا ذکر کیا جاتا ہے جنھوں نے کمسنی یا تھوڑی مدت میں قرآن حفظ کیا ہے۔

امام جلال الدین سیوطی رح نے اپنا حال لکھا ہے کہ میں تقریباً آٹھ سال کی عمر میں حافظ قرآن ہوگیا تھا[3]۔

سید اشرف جہانگیر علیہ الرحمہ سات برس کی عمر میں ساتوں قراءت کے ساتھ قرآن حفظ کرچکے تھے[4]۔

---

[1] تفسیر درمنثور سورہ مزمل ۱۲ [2] شفائے قاضی عیاض ۱۲ [3] حسن المحاضرہ ۱۲
[4] خزینۃ الاصفیاء ۱۲۔

حضرت امام شافعی علیہ الرحمہ بھی سات سال کی عمر میں حافظ قرآن ہو گئے تھے۔[۵۱]

حضرت سہل بن عبداللہ تستری رح فرماتے ہیں کہ میں چھ برس کی عمر میں قرآن حفظ کر چکا تھا۔[۵۲]

قاضی ابو محمد اصفہانی رح کا بیان ہے کہ میں پانچ برس کی عمر میں حافظ قرآن ہو گیا تھا۔[۵۳]

حضرت سفیان بن عیینہ رض نے چار سال کی عمر میں قرآن حفظ کر لیا تھا۔[۵۴]

امام محمد بن حسن علیہ الرحمہ نے بحکم امام ابو حنیفہ علیہ الرحمہ پورا قرآن شریف سات روز میں یاد کیا تھا۔[۵۵]

ہشام ابن کلبی نے تین روز میں قرآن حفظ کیا تھا۔[۵۶]

علی ہٰذا القیاس بے شمار بزرگوں نے کمسنی اور بہت تھوڑی مدت میں قرآن حفظ کیا ہے جنکا ذکر یہاں بخوف طوالت نہیں کیا جاتا۔

حکایت۔ حضرت شیخ اسمٰعیل سہروردی لاہوری علیہ الرحمہ کی خدمت میں ایک روز ایک شخص نے آکر عرض کیا کہ حضرت! میری بی بی حافظ قرآن ہے اور میں محض جاہل ہوں اسلئے وہ مجھے اپنے پاس آنے سے منع کرتی ہے اور کہتی ہے کہ میرے دل میں کلام الٰہی ہے۔ تمہاری قربت سے اسکی بے ادبی ہوگی میں اس بات سے عاجز ہوکر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں اور التجا کرتا ہوں کہ للہ آپ میرے لئے ایسی دعا فرمائیں کہ میں بھی حافظ قرآن ہو جاؤں۔ آپ نے فرمایا کہ چھ مہینے ہمارے ہاں رہو۔ انشاءاللہ حافظ ہو جاؤ گے۔ یہ سنکر وہ بیچارہ زار زار رونے لگا اور عرض کیا کہ

---

۵۱ تاریخ خمیس ذکر خلیفہ مامون ۱۲ ۵۲ خزینۃ الاصفیاء ۱۲ ۵۳ شرح مسند امام اعظم از ملا علی قاری ہروی ۱۲ ۵۴ قسطلانی شرح بخاری ۱۲ ۵۵ رسالہ وقوف النبی مطبوعہ جونپور ۱۲ ۵۶ تذکرۃ الحفاظ علامہ ذہبی ۱۲۔

حضرت! بے تاب عاشق کے دل میں اتنی تاب کہاں کہ چھ مہینے تک صبر کرے میں تو ایسا بے قرار ہوں کہ دو روز بھی صبر نہ کرسکونگا۔ آپ کو یہ حالت دیکھکر رقت طاری ہوئی اور دریائے رحمت جوش میں آیا۔ آپ نے فرمایا کہ اچھا جاؤ کل کے روز جب ہم نماز فجر پڑھ کر سلام پھیریں اسوقت تم ہمارے سامنے دہنی جانب سے آؤ۔ خدا نے چاہا تو تم اپنی مراد کو پہونچ جاؤگے۔ الغرض حسب ارشاد وہ شخص فجر کے وقت مسجد میں حاضر ہوا اور آپکی ہدایت کے بموجب عمل کیا۔ خدا کی قدرت جوں ہی آپ نے اپنی نظر کیمیا اثر اس پر ڈالی وہ حافظ قرآن ہوگیا بلکہ اور جاہل لوگ بھی جو دہنی جانب تھے وہ حافظ اور جو بائیں جانب تھے وہ ناظرہ خواں ہوگئے اس شخص نے یہ نعمت عظمیٰ پاکر اللہ تعالیٰ کا شکر کیا اور آپکے زمرۂ مریدان میں داخل ہوکر اپنے مقصد کو پہونچا۔

فائدہ (۲) سینوں میں محفوظ ہونا قرآن شریف ہی کا خاصہ ہے۔ اگلی آسمانی کتابیں اسطرح محفوظ نہیں ہوئیں[ف۱]

سعید بن مسیبؒ کا قول ہے کہ آسمانی کتابوں میں سے کوئی کتاب سوائے قرآن مجید کے ایسی نہیں جو پوری زبانی پڑھی جاتی ہو[ف۲]

بعض مفسرین نے اس خصوصیت کا ذکر حسب ذیل کیا ہے[ف۳]

کونہ محفوظا فی الصدور من خصائص القرآن لان من تقدم کانوا لا یقرءون کتبھم الا نظرا فاذا اطبقوھا لم یعرفوا	سینوں میں محفوظ ہونا قرآن ہی کی خصوصیات سے ہے اسلئے کہ اگلی امتیں اپنی کتابیں صرف دیکھکر پڑھتی تھیں۔ جب انکو بند کر دیتی تھیں تو انکو انمیں سے کوئی چیز یاد نہیں رہتی تھی۔

ف۱ تفسیر کشاف پارہ ۲۱ رکوع اول ۱۲ ف۲ تفسیر معالم التنزیل سورۂ قمر ۱۲ ف۳ تفسیر روح البیان پارہ ۲۱ رکوع اول ۱۲۔

منها شيئا سوى الانبياء وما نقل عن قارون من انه كان يقرء التوراة عن ظهر القلب فغير ثابت۔

البتہ وہ کتابیں انبیاء کو یاد ہوتی تھیں اور یہ جو منقول ہے کہ قارون توریت زبانی پڑھتا تھا یہ کہیں ثابت نہیں ہے۔

ربیع بن انس فرماتے ہیں[1]

نزلت التوراة وهو وقر سبعين بعيرا يقرء الجزء منها في سنة ولم يقرءها الا اربعة نفر موسى ويوشع بن نون وعزير وعيسى عليهم الصلوٰة والسلام والمراد بقوله لم يقرءها يعني لم يحفظها ويقرءها عن ظهر قلبه الاهؤلاء الاربعة

توریت جو آسمان سے نازل ہوئی ستر اونٹ کا بوجھ تھی اسکا ایک جز سال بھر میں پڑھا جاتا تھا اسکو سوائے چار اشخاص موسیٰ۔ یوشع بن نون۔ عزیر اور عیسیٰ علیہم الصلوٰۃ والسلام کے کسی نے نہیں پڑھا۔ اس نہ پڑھنے سے مراد یہ ہے کہ ان چار شخصوں کے سوا کسی نے اسکو حفظ واز بر نہیں کیا۔

نوف بکالی نے کہا جس موقع پر موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم میں سے ستر آدمی کا انتخاب کیا اسی موقع پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اے موسیٰ! میں تمھارے مرد۔ عورت آزاد۔ غلام۔ چھوٹے بڑے سب سے توریت کو زبانی پڑھواؤنگا۔ اسپر انکی قوم نے عذر کیا کہ ہم توریت کو زبانی نہ پڑھ سکینگے۔ اسلئے ہم اسکو دیکھکر پڑھنا چاہتے ہیں[2]۔ اسی بنا پر حضرت موسے علیہ السلام نے اپنی مناجات میں کہا کہ اے پروردگار! میں توریت میں ایک ایسی امت کو پاتا ہوں کہ اسکی کتاب اس کے سینہ میں ہوگی اور وہ اسکو زبانی پڑھیگی۔ اگر نقوش وخطوط نہوں تب بھی وہ اپنے پیغمبر کی شریعت کو بوجہ کمال

[1] تفسیر خازن جلد دوم پارہ ۹ آیت وکتبنا لہ فی الالواح ۱۲ [2] تفسیر خازن جلد دوم پارہ ۹ رکوع ۹ ۱۲

قوت و استعداد کے اپنے دل میں محفوظ رکھیگی اور توریت کا جب رسم و نقش مٹ جائیگا تو میری شریعت میں خلل پڑ جائیگا۔[1]

اسی خصوصیت کے باعث اس امت مرحومہ کی نسبت اگلی کتابوں[2] میں آیا ہے صُدُوْرُهُمْ اَنَاجِيْلُهُمْ یعنی یہ ایسی امت ہے کہ انکے سینے گویا کتب منزلہ ہیں۔ نیز وارد[3] ہوا ہے قُرْبَانُهُمْ نُفُوْسُهُمْ یعنی تقرب الٰہی کا ذریعہ خود ان کے نفوس ہیں۔

فائدہ (۳) اس میں کسی کو کلام نہیں کہ حفظ قرآن کا سلسلہ حضرت رسالت مآب صلعم ہی کے عہد مبارک سے جاری[4] ہے لیکن اس میں اختلاف ہے کہ آنحضرت کی زندگی میں کتنے صحابہ پورے قرآن کے حافظ ہو چکے تھے۔

(۱) امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ چھ حضرات کے قائل ہیں جیسا کہ احیاء العلوم میں فرماتے ہیں۔

وبهذا كان شغل الصحابة رضي الله عنهم في الاحوال والاعمال فمات رسول الله صلى الله عليه وسلم عن عشرين الفا من الصحابة لم يحفظ القران منهم الا ستة اختلف في اثنين منهم وكان اكثرهم

عمل و ریاضت کے مرجح ہونے سے صحابہ رضی اللہ عنہم احوال و اعمال میں مشغول رہا کرتے تھے چنانچہ آنحضرت کی وفات کے زمانہ میں بیس[5] ہزار صحابہ موجود تھے لیکن حافظ قرآن ان میں چھ ہی شخص تھے جن میں سے دو کے بارے میں اختلاف ہے اور اکثر صحابہ

[1] تفسیر روح البیان پارہ ۲۱ رکوع اول ۱۲ [2] تفسیر ابن کثیر پارہ ۲۱ رکوع اول ۱۲ [3] حاشیہ تفسیر بیضاوی از شیخ زادہ ۱۲
[4] زبدۃ البیان فی رسوم مصاحف عثمان میں لکھا ہے "وکان داب الصحابة رضي الله عنهم من اول نزول الوحی الی آخرہ المسارعة الی حفظه ۱۲ [5] اتحاف السادہ شرح احیاء العلوم میں موجب قول آخر ایک لاکھ چودہ ہزار تعداد مذکور ہے ۱۲

یحفظ السورۃ او السورتین	ایک یا دو سورہ یاد کرلیا کرتے تھے۔

اصل بات یہ ہے کہ کلام اللہ شریف کا نزول آیت آیت اور سورہ سورہ علیحدہ طور ہوا ہے اسلئے نزول وحی یا قرات وحی کے وقت جو صحابہ رض حاضر ہوتے وہ اسے لکھ لیتے یا یاد کرلیتے تھے پس جن صحابہ کرام کو حضوری نزول وحی کا زیادہ اتفاق ہوا ہے انہیں بہت سی سورتوں کے جمع کرلینے کا موقع ملا ہے اور جنھیں کم اتفاق ہوا ہے انکے پاس زیادہ سورتیں جمع نہیں ہوئیں۔ پس تمام کلام اللہ حفظ نہونے کا باعث یہ تھا کہ تمام کلام مجید انکے پاس جمع نہ تھا یہ وجہ نہیں کہ انہیں حفظ سے دلچسپی نہ تھی کیونکہ بعد میں جب تمام آیتیں اور سورتیں تحقیق ہوکر ایک مصحف میں لکھدی گئیں تو اسکے ساتھ ہی تمام قرآن مجید کی حفظ میں نمایاں ترقی ہوگئی۔ اور تھوڑے ہی زمانہ کے بعد صحابہ کرام کی ایک کافی جماعت نے تمام قرآن شریف کی حافظ بن گئی۔

قرآء ستہ کے نام علی اختلاف الروایات حسب ذیل ہیں۔

بخاری و مسلم میں بروایت انس رض۔ ابی بن کعب[۱]۔ معاذ بن جبل[۲]۔ زید[۳]۔ ابو زید[۴] و بروایت ابن عمر رض بجائے زید و ابو زید کے عبد اللہ بن مسعود و سالم رض مولی حذیفہ مذکور ہیں۔ اور ابن ابی شیبہ نے بروایت شعبی مرسلاً ابوالدرداء[۵] و سعد[۱] بن عبید کو زیادہ کیا ہے[۲]۔

---

[۱] سعد بن عبید کی نسبت اصابہ میں لکھا ہے "وکان یسمی القاری ولم یکن احد یسمی القاری غیرہ یعنی اس زمانہ میں قاری کے لقب سے صرف یہی مشہور تھے"۔ اور اسد الغابہ میں بعض کا قول لکھا ہے وھو اول من جمع القرآن من الانصار یعنی سب سے پہلے انصار میں انہوں نے قرآن حفظ کیا ۱۲

[۲] اتحاف السادۃ شرح احیاء العلوم ۱۲

(۲) حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جناب رسالتمآب صلعم کا انتقال ہوا اور بجز چار شخصوں کے کسی نے قرآن حفظ نہیں کیا۔ ایک جماعت ائمہ کی اس حصر کا انکار کرتی ہے اور مختلف وجوہ سے اسکا جواب دیتی ہے۔

قاضی ابوبکر باقلانی نے آٹھ طور سے جواب دیا ہے۔"

ابن حجر نے بیان کیا ہے کہ ان چار شخصوں کا حصر قوم خزرج میں بہ نسبت قبیلۂ اوس کے ہے نہ عام قبائل کے۔"

مازری فرماتے ہیں حضرت انس رضؓ کے اس قول سے مراد یہ ہے کہ مجھے چار شخصوں کے سوا اور کسی کے حافظ ہونے کا علم نہیں ورنہ ظاہری معنی حدیث کے درست نہیں ہوسکتے کیونکہ صحابہ کرام تمام امصار و دیار میں منتشر تھے۔ انکا ایکلیے ہر شخص سے ملکر حال دریافت کرنا عادۃً نہایت دشوار معلوم ہوتا ہے اور جب یہ حصر ان کے علم کی رو سے ہے تو ہوسکتا ہے کہ واقع میں اور لوگ بھی حافظ ہوں۔"

قرطبی نے کہا ہے کہ جنگ یمامہ میں ستر قراء قتل ہوئے اور اسیقدر جنگ بیر معونہ میں آنحضرت صلعم کے عہد میں شہید ہوئے پس حصر مذکور یا تو اسلئے کیا گیا ہے کہ حضرت انس رضؓ کو ان چار قراء سے زیادہ تعلق تھا یا اس لئے کہ ان کے ذہن میں صرف یہی چار تھے۔

اسی طرح عینی و فتح الباری میں بھی حدیث انس کی مختلف تاویلیں مذکور ہیں اور چار قراء کے علاوہ دیگر قراء کے نام بھی مندرج ہیں۔"

ابو عبیدہ نے کتاب القراءات میں قراء صحابہ کا شمار اسطرح کیا کہ

مہاجرین میں خلفاء اربعہ (ابوبکر صدیقؓ۔ عمر فاروقؓ۔ عثمان غنیؓ۔ علی بن ابی طالبؓ)

لہ تفسیر اتقان ۱۲

طلحہؓ[۸]۔ سعدؓ[۹]۔ ابن مسعودؓ[۱۰]۔ حذیفہؓ[۱۱]۔ سالمؓ[۱۲]۔ ابوہریرہؓ[۱۳]۔ عبداللہ بن السائبؓ[۱۴]۔ عبادلہ یعنی (عبداللہ بن زبیرؓ۔ عبداللہ بن عباسؓ۔ عبداللہ بن عمرؓ۔ عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ) عائشہؓ۔ حفصہؓ۔ ام سلمہؓ۔ انصار میں عبادہ بن صامتؓ۔ معاذؓ۔ مجمع بن جاریہؓ فضالہ بن عبیدؓ۔ مسلمہ بن مخلدؓ۔ اور تصریح کی ہے کہ ان میں سے بعض نے آنحضرتؐ کے بعد حفظ کی تکمیل کی ہے۔ ابن داؤد نے انہیں میں تمیم داری و عقبہ بن عامرؓ کو اور ابوعمرو دانی نے ابوموسیٰ اشعریؓ کو ذکر کیا ہے[۵۲]۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں سات سو حامل قرآن مسلیمہ کذاب کے مقابلہ میں شہید ہوئے۔ چنانچہ نھایۃ الایجاز فی سیرۃ ساکن الحجاز میں لکھا ہے[۵۳]۔

لما تولی الخلافۃ ابو بکرؓ جھز الجیوش لقتال من ارتد بعد موت النبی صلی اللہ علیہ وسلم ومن جملتھا جیش جھزہ لقتال مسلیمۃ الکذاب ومن ارتد معہ من العرب وامر علیھم خالد بن الولید المخزومی فالتقیا وقاتلوا	جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ خلیفہ ہوئے تو انہوں نے ان لوگوں سے لڑنے کے لئے جو بعد وفات رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم کے مرتد ہو گئے تھے بہت سے لشکر بھیجے۔ منجملہ ان کے ایک وہ لشکر تھا جسکو آپ نے مسلیمہ کذاب اور اسکے ساتھ مرتد عربوں کی سرکوبی کے لئے خالد بن ولید مخزومی

[۵۱] کہا ان سے کہا عبادلہ سے چار شخص مراد ہیں۔ عبداللہ بن زبیر۔ عبداللہ بن عباس۔ عبداللہ عمر۔ عبداللہ بن عمرو بن العاص ۱۲ قمر الاقمار حاشیہ نور الانوار۔ [۵۲] تفسیر اتقان ۱۲ [۵۳] اسیطرح مرقات لمعات وغیرہ میں بھی مذکور ہے ۱۲

قتلا شدیدا وانهزم المسلمون وقتل الف ومائتان منهم سبع مائة حاملة القرآن

کی افسری میں بھیجا تھا چنانچہ اس موقع پر دونوں فوجوں میں بہت خونریز جنگ ہوئی آخرکار مسلمانوں نے شکست[۵۱] پائی اور انکے ایک ہزار دو سو آدمی شہید ہوئے جن میں سات سو[۵۲] حامل قران تھے۔

اسی واقعہ کی بنا پر صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کو قرآن شریف کے جمع کرنے کا خیال ہوا تھا جیسا کہ مشکوٰۃ میں مذکور ہے۔

نیز حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں صرف حضرت اشعری کے ماتحت تین سو سے زیادہ حفاظ تھے جیسا کہ باب دوم میں اسکا ذکر آئے گا۔

صحابہ کرام میں قلت حفظ کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ وہ عمل و ریاضت کی طرف زیادہ متوجہ رہتے تھے جو سورہ سیکھ لیتے اسپر پورا پورا عمل کرنے کی کوشش کرتے تھے جیسا کہ اوپر امام غزالی کے قول سے ظاہر ہو چکا ہے۔

صاحب ہدایہ نے امامت کے بیان میں لکھا ہے۔

---

[۵۱] دوسرے دن کی گھمسان لڑائی میں پہلے مسلمانوں کے پاؤں اکھڑ گئے تھے لیکن حضرت خالد کے اسلامی خلوص کے پرجوش نعروں اور تقویت ایمان کی ثابت قدمی نے پھر مجاہدین کو قائم کر دیا جس سے یکبارگی حملہ کرتے ہی عین لڑائی میں خود مسیلمہ اور اس کے بڑے بڑے فوجی بہادر مارے گئے۔ اور ابھی ایسا جوش تھا کہ بقیہ بھی تیغ کی گھاٹ اتارے جاتے مگر صلح کی تحریک ہو گئی۔ آخر حضرت خالد بہت سی غنیمت لیکر منصور و فتحمند واپس ہوئے۔ (خلاصۃ الصدیق)

[۵۲] تاریخ خمیس میں لکھا ہے کہ اس جنگ میں اکثر حامل قرآن شہید ہو گئے تھے صرف تھوڑے باقی رہ گئے تھے۔ ۱۲

اقرءهم كان اعلمهم لانهم كانوا يتلقونه باحكامه۔	صحابہ کرام میں جو لوگ بڑے قاری ہوتے تھے وہ بڑے عالم بھی ہوتے تھے اسلئے کہ وہ قرآن شریف کو اسکے احکام کے ساتھ سیکھتے تھے

اسی بنا پر مروی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے صرف سورۂ بقر کو بارہ سال میں حفظ کیا تھا[۱]۔

اور ابن عمرؓ کی نسبت منقول ہے کہ انہوں نے سورۂ البقر کو آٹھ سال تک حفظ کیا ہے[۲]۔

جناب رسالتمآبؐ کے عہد مبارک میں حفظ قرآن کی جو قدر و منزلت تھی اسکی ایک ادنیٰ نظیر یہ ہے کہ آپ نے ایک محض مفلس شخص کا نکاح ایک عورت کے ساتھ صرف اسوجہہ سے کر دیا کہ اسکو بعض سورتیں زبانی یاد تھیں اسیطرح ایک شخص کو سورۂ بقر کا حافظ ہونے سے امیر قوم بنا دیا جیسا کہ کتب احادیث میں مروی ہے

ہنوز اسکی تصریح کسی کتاب سے نہیں معلوم ہوی کہ صحابۂ کرام میں سب سے پہلے پورے قرآن کا حافظ کون ہوا ہے۔ البتہ اتنا معلوم ہوتا ہے کہ اتقان قرآن میں حضرت زید سے کوئی مقدم نہیں جیسا کہ مجمع البحار کی عبارت ذیل سے ظاہر ہے۔

اقرءكم ابی ای قارئكم لان زيد الم يتقدمه احدٌ	اقرءکم ابی سے مرادیہ ہے کہ ابی قاری ہیں یہ نہیں کہ وہ سب سے بڑے قاری ہیں اسلئے کہ کوئی شخص زید سے

---

[۱] حاشیہ ہدایہ محشی بحواشی مولانا محمد عبدالحی لکھنوی مرحوم ۱۲ - [۲] اتحاف السادہ شرح احیاء العلوم میں ہے اقام ابن عمر على حفظ البقرة ثمان سنين رواه مالك فی الموطا ۱۲

فی اتقان القرآن	اتقان قرآن میں مقدم نہیں۔

الغرض آنحضرتؐ کے عہد مبارک سے لیکر آج تک ترقی کے ساتھ تمام اہل اسلام میں حفظ قرآن کا رواج چلا آرہا ہے اور انشاء اللہ تا قیام قیامت جاری رہے گا لیکن افسوس ہے کہ جو بات خیر القرون[1] میں تھی اب وہ نہیں رہی۔ اس زمانہ میں اسکی بنیاد بالکل خلوص و اخلاص پر تھی اور آجکل یہ شیوہ فی الجملہ ذریعۂ معاش سمجھ کر اختیار کیا گیا ہے کما یدل علیہ المشاھدۃ۔

فائدہ (۴) پورے قرآن کا حفظ کرنا فرض کفایہ و سنت عین ہے۔

کبیری شرح منیۃ المصلی میں لکھا ہے۔

ان حفظ ما یجوز بہ الصلوۃ فرض عین علی کل مکلف وحفظ فاتحۃ الکتاب وسورۃ واجب وحفظ سائر القرآن فرض کفایۃ وسنۃ عین افضل من صلوۃ النفل"	قرآن کی جس مقدار سے نماز جائز ہوتی ہے اسکا حفظ کرنا ہر عاقل و بالغ مسلمان پر فرض عین ہے سورۂ فاتحہ اور دوسری ایک سورۃ کا حفظ واجب ہے۔ تمام قرآن کا حفظ فرض کفایہ اور سنت عین ہے جو کہ نماز نفل سے افضل ہے

مظاہر الحق میں مذکور ہے کہ یاد کرنا قرآن کا اسقدر کہ جس سے نماز ہو جائے سب مسلمانوں پر فرض عین ہے اور یاد کرنا تمام قرآن کا فرض کفایہ ہے کہ اگر ایک شخص مابین مشرق و مغرب کے حفظ کر لے تو سب کے ذمہ سے گناہ ساقط ہو جاتا ہے اور یاد کرنا فاتحہ اور ایک سورہ[2] کا سب مسلمانوں پر واجب ہے کذا فی فتاوی الحجۃ

---

[1] اس سے زمانۂ صحابہ و تابعین و تبع تابعین مراد ہے۔ ۱۲ [2] شامی وغیرہ میں لکھا ہے کہ سورہ کی کوئی تخصیص نہیں ہے۔ تین آیتوں کا بھی حکم یہی ہے ۱۲۔

نیز مظاہر الحق میں مذکور ہے کہ فتویٰ دیا ہے بعض متاخرین نے اس پر کہ مشغول ہونا ساتھ حفظ قرآن کے افضل ہے مشغول ہونے سے اور علموں میں کہ فرض کفایہ ہیں نہ فرض عین ؂

طحطاوی میں فرض کفایہ وسنت عین ہونے کا ثمرہ یوں بتلایا گیا ہے کہ بعض کے حفظ کر لینے سے مسنونیت ہر مسلمان پر باقی رہتی ہے اور جب کوئی حفظ نہ کرے تو سب پر حفظ فرض رہتا ہے ؂

فائدہ (۵) فرضیت حفظ کی اصل غرض وغایت یہ ہے کہ قرآن مجید اسطرح محفوظ رہے کہ اس میں کسی شخص کو تحریف و تبدیل کا موقع نہ ملے۔

تفسیر بیضاوی میں ہے۔

بل ھو بل القرآن آیات بینات فی صدور الذین اوتوا العلم یحفظونہ لا یقدر احد علی تحریفہ	قرآن جو روشن آیتوں کا مجموعہ اہل علم[1] کے سینوں میں محفوظ ہے کوئی شخص اس میں رد و بدل کرنیکی قدرت نہیں رکھتا۔

فائدہ (٦) گو قرآن شریف دیکھکر پڑھنا زبانی پڑھنے سے افضل ہے۔ جیسا کہ ذیل کی حدیث سے ثابت ہوتا ہے۔

عن عثمان بن عبد اللہ بن اوس الثقفی عن جد قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قراءۃ الرجل القرآن فی غیر المصحف الف درجۃ وقرائۃ فی المصحف تضعف علی ذالک الی الفی درجۃ مشکوۃ	حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ زبانی قرآن پڑھنے کا ثواب ایک ہزار درجہ ہے اور دیکھکر پڑھنے کا ثواب اس سے دو ہزار درجہ تک زیادہ ہوتا ہے۔

[1] معالم التنزیل میں ہے کہ حسن نے کہا اہل علم سے مراد حامل قرآن ہیں ۱۲ –

یہ حدیث شریف ترغیب وتحریص کے طور پر ہے پس بنظر احتیاط حافظ کو ہمیشہ صرف اپنے حفظ کے زعم پر کلام مجید کو چھوڑنے اور اس میں دیکھکر پڑھنے کو عیب نہ سمجھنا چاہیئے بلکہ جہانتک ہوسکے اسے دیکھکر پڑھنا چاہیئے تاکہ تمام اعراب اقسام مواقف اور جملہ متشابہات ہروقت اسکے مدنظر رہیں اور اس سے یہ قیاس نہ کرنا چاہیئے کہ ناظرہ خوان کا درجہ حافظ سے بڑھکر ہے۔ اس لئے کہ دیکھکر پڑھنے کی فضیلت زبانی پڑھنے پر بعض خارجی وجوہ سے ہے نہ باعتبار نفس قرأت کے یعنی دیکھکر پڑھنے کی فضیلت اسلئے ہے کہ اس سے قرآن شریف کے دیکھنے۔ اوٹھانے۔ اور چھونے کا موقع ملتا ہے۔ اور اس میں غور وفکر۔ استنباط معانی وغیرہ پر زیادہ قدرت ہوتی ہے بس اس حیثیت سے افضل ہے ورنہ جو شخص قرآن کا حافظ ہوتا ہے اسکا وہ درجہ ہے کہ جلیل القدر فرشتوں اور انبیا کے ساتھ ہے کما فی شروح المشکوٰۃ۔

علاوہ اسکے اس مسئلہ میں علماء کا اختلاف بھی ہے۔

(۱) ایک جماعت کی رائے ہے کہ دیکھکر پڑھنا مطلقاً افضل ہے جیسا کہ حدیث مذکور کا ظاہر مفہوم ہے[۵]۔

(۲) بعضوں کے نزدیک زبانی پڑھنا مطلقاً افضل ہے۔

چنانچہ اتحاف السادہ میں منقول ہے۔

سیوطی نے کہا۔ زرکشی نے برہان میں یہ قول نقل کیا ہے کہ زبانی پڑھنا مطلقاً افضل ہے اور ابن عبد السلام نے اسی کو	قال السیوطی وحکی الزرکشی فی البرھان ان القراءۃ من الحفظ افضل مطلقا وان ابن

[۵] تفسیر روح البیان (پارہ ۲۱) (رکوع اول) میں لکھا ہے کہ یہی قول سلف سے مشہور ہے ۱۲

عبد السلام اختاره لان فيه
من التدبر ما لا يحصل بالقراءة
في المصحف (انتهى ملخصا)

اختیار کیا ہے اسلئے کہ زبانی پڑھنے سے
جو تدبر حاصل ہوتا ہے وہ دیکھکر پڑھنے سے
نہیں حاصل ہوتا ۔

(۳) محققین نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ افضل طریقہ تلاوت کا وہ ہے جس سے
پڑھنے والے کو تدبر تفکر و انشراح خاطر زیادہ حاصل ہو پس اس لحاظ سے
اگر کسی کو یہ بات زبانی تلاوت سے زیادہ حاصل ہوتی ہو تو اس کے لئے
زبانی پڑھنا دیکھکر پڑھنے سے افضل ہے البتہ جب دونوں حالتیں برابر ہوں
تو دیکھکر پڑھنے کو [illegible] ہے۔

[illegible] قاری نے اپنی [illegible] مرقات میں اس اختلاف کا ذکر کرتے ہیں۔

من هذا اخذ جماعة [illegible]
[illegible]
بل عينا افضل [illegible]
[illegible]
[illegible]

اس حدیث سے ایک جماعت نے اخذ کیا ہے کہ
قرآن کا دیکھکر پڑھنا مطلقاً افضل ہے اور دوسروں
نے کہا نہیں بلکہ زبانی پڑھنا مطلقاً افضل ہے
شاید اس لحاظ سے کہ آنحضرتؐ کا فعل ایسا ہی تھا
اور حق درمیانی صورت ہے یعنی ناظرہ و زبانی تلاوت
میں سے جس طریق سے خشوع و خضوع تدبر و تفکر
زیادہ موجود ہو افضل ہے۔ البتہ صورت
مساوات دیکھکر پڑھنا افضل ہے۔

[illegible] سمجھتے ہیں کہ قرآن کا پڑھنا خواہ ناظرہ ہو خواہ [illegible]

[illegible] ۱۲

زبانی بغیر معنی سمجھے ہوئے موجب ثواب نہیں۔ انکا یہ خیال بالکل غلط ہے۔ قرآن شریف کے ہر طرح پڑھنے میں ثواب ہے البتہ معانی و مطالب سمجھ کے پڑھنے میں زیادہ ثواب ہے۔

ملا علی قاری علیہ الرحمۃ مرقات میں لکھتے ہیں۔

قال ابن حجر اما الثواب علی قراءته فهو حاصل لمن فهم ومن لم يفهم بالكلية للتعبد بلفظه۔	ابن حجر نے کہا قرآن کے پڑھنے کا ثواب معنی سمجھنے والے کو بھی ملتا ہے اور اس شخص کو بھی جو بالکل معنی نہیں سمجھتا اسلئے کہ اسکے الفاظ کا زبان سے ادا کرنا بھی ایک عبادت ہے

تفسیر ابن عادل میں حذیفہؓ و ابو سعیدؓ سے مرفوعاً روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی قوم پر حتماً عذاب بھیجنا چاہتا ہے مگر جب مکتب میں بچوں کو سنتا ہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ پڑھتے ہیں تو چالیس سال تک ان سے عذاب اوٹھا لیتا ہے[1]۔

امام احمد بن حنبلؒ فرماتے ہیں کہ میں نے اللہ تعالیٰ کو خواب میں دیکھا اور عرض کیا کہ الٰہی! جن چیزوں سے تقرب حاصل کرنے والے تیرا تقرب حاصل کرتے ہیں ان میں سے افضل کونسی چیز ہے ارشاد ہوا کہ اے احمد! سب سے افضل میرے کلام سے تقرب چاہنا ہے۔ میں نے عرض کیا کہ الٰہی! سمجھ کے ساتھ یا بدون سمجھ کے بھی حکم ہوا کہ دونوں طرح سے[2]۔

نقل ہے کہ عبد الرحمن اسکاف سے لوگوں نے پوچھا کہ کوئی قرآن

---

[1] رسالہ فضائل القرآن اردو مولفہ رئیس بھوپال و مشکٰوۃ فی حرانۃ الثوابی۔

[2] احیاء العلوم ۱۲

پڑھے اور یہ نہ جانے کہ کیا پڑھتا ہے تو کیا اسکو کچھ اثر ہوتا ہے یا نہیں فرمایا کہ اگر کوئی شخص دوا پیئے اور یہ نہ جانے کہ کیا پیتا ہے تو دوا اوسکو کچھ اثر کرتی ہے یا نہیں مطلب یہ ہے کہ ضرور اثر کرتی ہے پھر بتلاؤ کہ قرآن کیوں اثر نہ کریگا۔[1]

حضرت مولوی معنوی اسی موقع پر مثنوی میں فرماتے ہیں۔

باز صندوقے پر از قرآں بہ است ۔ زانکہ صندوقے بود خالی بدست

فائدہ (۸) حافظ قرآن کو عربی میں ال القرآن (۱) - اہل القرآن (۲) - صاحب القرآن (۳) جامع القرآن (۴) - حامل القران (۵) - واعی القرآن (۶) - قاری وغیرہ بھی کہتے ہیں اور حفظ قرآن کو لفظ جمع (۱) - حمل (۲) - وعی (۳) - ایعاء (۴) - احکام (۵) - اظہار (۶) استظہار (۷) وغیرہ سے بھی تعبیر کرتے ہیں جیسا کہ متون احادیث وکتب لغت سے ثابت ہوتا ہے۔

فائدہ (۹) کتاب **دقائق الاخبار**[2] سے پایا جاتا ہے کہ قرآن مجید دنیا میں ان لوگوں کو حفظ ہوتا ہے جنکی روحوں نے روز ازل میں جناب رسالتمآب کی چشم مبارک دیکھی ہے۔ چنانچہ اسکی اصل عبارت یہ ہے۔

---

[1] انوار الاذکیاء ترجمہ تذکرۃ الاولیاء - صفحہ ۱۲۰ - [2] دقائق الاخبار مشہور ومعروف کتاب ہے لیکن مصنف کے نام میں اختلاف دیکھا گیا۔ کشف الظنون میں قاضی عبدالرحیم کی طرف منسوب ہے اسکے اردو ترجمہ صبح کا ستارہ میں امام غزالی کا نام لکھا ہے فہرست کتبخانہ آصفیہ سرکار نظام میں کسی اور کا نام درج ہے۔ بہر حال یہ امر محقق ہے کہ حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم باعث ایجاد عالم ہیں اور آپ ہی کے وجود سراپا جود سے ساری کائنات کا ظہور ہوا ہے اور آپ ہی کی ذات بابرکات صفات کائنات کا منبع ہے پس حفاظ قران کو چاہیئے کہ اپنی اس ازلی خوش نصیبی پر نازاں ہوں اور اللہ تعالے سے ہمیشہ آرزو کریں کہ جسطرح اوس نے ابتدا میں اپنے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سے چہار چشمی کرائی ہے اسیطرح انتہا میں بھی اپنے اور اپنے حبیب پاک کی دیدار سے مشرف فرمائے۔

ومنہم من رای عینیہ فصار حافظ الکلام اللہ تعالےٰ	اُن ارواح میں سے جس نے آپکی دونوں چشم مبارک دیکھی وہ حافظ کلام اللہ ہوا ۔

تفصیل اسکی یہ ہے کہ حق تعالےٰ نے ازل میں عقیق سرخ سے ایک شفاف قندیل پیدا کی اور نور ختم المرسلین کو اس صورت میں کرکے جو دنیا میں ظاہر ہوئی اس قندیل میں رکھا تمام روحوں نے اس کے گرد طواف کیا اور ستر ہزار سال تک تسبیح وتہلیل کی پھر حق تعالےٰ نے سب کو حکم کیا کہ اسکی طرف دیکھیں۔ جس شخص نے آپکے سر مبارک کو دیکھا وہ خلیفہ وسلطان ہوا جس نے پیشانی مبارک دیکھی وہ امیر عادل ہوا جس نے بھوؤں کو دیکھا وہ نقاش ہوا جس نے کانوں کو دیکھا وہ صاحب تتبع و باقبال ہوا اور جس نے آنکھوں کو دیکھا وہ حافظ قرآن ہوا۔ علی ہذا القیاس ہر ایک دیکھنے والے میں ایک خاص عضو کے دیکھنے سے ایک خاص وصف پیدا ہوا۔[۱]

فائدہ (۱۰) جسطرح دنیا کی ہر چیز اپنے اپنے وقت پر فنا ہونے والی ہے اسیطرح قیامت کے قریب قرآن مجید بھی اوراق مصاحف وصدور حفاظ سے نابود ہونے والا ہے۔ اگرچہ یہ مسئلہ مسلم ومشہور ہے اور اسپر استدلال کی چنداں ضرورت نہیں ہے مگر مزید اطمینان کیلئے ذیل میں ایک سند بھی پیش کی جاتی ہے۔

قال عبد اللہ بن مسعود اقرءوا القرآن قبل ان یرفع فانہ لا تقوم الساعۃ حتی یرفع قیل ہذہ المصاحف	عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم قرآن کو پڑھ لو قبل اسکے کہ وہ اٹھا لیا جائے کیونکہ قیامت اسی وقت قائم ہوگی جبکہ وہ اٹھا لیا جائیگا۔ پوچھا گیا کہ خیر قرآن مصاحف

[۱] ملاحظہ ہو دقائق الاخبار یا اسکا اردو ترجمہ صبح کا ستارہ۔ ۱۲

ترفع فکیف بما فی صدور الناس قال یسری علیه لیلاً فیصبحون لا یحفظون شیئاً[1]

سے تو نابود کر دیا جائے گا مگر جو لوگوں کے سینوں میں ہے اس کا کیا حال ہوگا فرمایا رات تک بدستور رہے گا۔ پھر سینوں سے محو کر دیا جائیگا۔ حتیٰ کہ جب صبح ہوگی تو کسی کو قرآن میں سے کچھ بھی زبانی یاد نہ رہیگا

چند فوائد جو مفید و ضروری تھے مقدمہ میں بیان ہو چکے اب آگے تمام قرآن کے فضائل و آداب دو بابوں میں بیان کئے جاتے ہیں۔

وَاللّٰهُ وَلِیُّ التَّوْفِیْقِ وَهُوَ خَیْرُ رَفِیْقٍ ؀

[1] تفسیر خازن۔ پارہ (۱۵) رکوع (۱۰) آیت وَلَئِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ الخ ۱۲

باب اوّل

(فضائل حفاظ کے بیان میں)

فصل اوّل احادیث فضیلت کے بیان میں۔

حدیث (۱) اَشْرَافُ اُمَّتِیْ حَمَلَةُ الْقُرْآنِ وَاَصْحَابُ اللَّیْلِ (عن ابن عباس رضی اللہ عنہ)

میری امت کے شریف و بزرگ حاملان القرآن حافظ قرآن ہیں اور وہ لوگ جو نماز تہجد وغیرہ کے لئے اکثر شب بیدار رہتے ہیں۔

ف سراج المنیر شرح جامع صغیر میں مرقوم ہے حملۃ القرآن سے مراد وہ حفاظ قرآن ہیں جو ہمیشہ قرآن کی تلاوت اور اس کے احکام پر عمل کرتے ہیں اور اصحاب اللیل وہ لوگ ہیں جو رات کو بیدار رہکر نماز تہجد۔ قرات۔ استغفار۔ تسبیح وغیرہ میں مصروف رہتے ہیں۔

(فائدہ) دارمی میں روایت ہے کہ نافع بن عبد الحارث حضرت عمرؓ سے عسفان میں ملے اور ان کو حضرت عمرؓ نے اہل مکہ پر حاکم بنا [illegible] سے سلام کیا۔ حضرت عمرؓ نے پوچھا تم نے کس کو وادی مکہ پر [illegible] نافع نے کہا ابن ابزی کو حضرت عمرؓ نے کہا کون ابن ابزی [illegible] آزاد کردہ غلاموں میں سے ہیں۔ حضرت عمرؓ نے [illegible] تم نے [illegible] ہے۔ نافع نے کہا اے امیر المومنین وہ کتاب اللہ کا قاری اور [illegible] حضرت عمرؓ نے فرمایا آگاہ رہو کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اللہ تعالیٰ [illegible]

بدولت ایک قوم کو بلند اور ایک قوم کو پست کریگا"

اس حدیث کے بموجب ہر شخص کو چاہیئے کہ حافظ قرآن و عالم دین کی عزت وتوقیر کرے گو وہ خاندانی اعتبار سے کیسا ہی کم حیثیت و کم رتبہ ہو۔

حدیث (۲) عن ابی ذرؓ ان النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال لاصحابہ ای الناس اغنی قالوا ابوسفیان بن حرب قال آخر عبد الرحمٰن بن عوف قال آخر عثمان بن عفان فقال النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم اغنی الناس حملۃ القرآن من جعلہ اللّٰہ فی جوفہ (کنز العمال)

ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب سے پوچھا کہ سب سے زیادہ غنی کون ہے کسی نے کہا ابوسفیان بن حرب کسی نے کہا عبدالرحمٰن بن عوف کسی نے کہا عثمان بن عفان۔ آپ نے فرمایا سب سے زیادہ غنی حفاظ قرآن ہیں جنکے دلوں میں اللہ تعالےٰ نے قرآن کو رکھا ہے۔

(ف) سراج المنیر میں لکھا ہے کہ اس سے مراد یہ ہے کہ جو حامل قرآن ہوتا ہے اُسے غنائی حقیقی یعنی غنائے نفس حاصل ہوجاتی ہے۔ اور در اصل غنا اسی کا نام ہے کثرت مال و متاع کا نام غنا نہیں ہے یا یہ مراد ہے کہ فی الواقع حامل قرآن جالب غنا ہوتا ہے۔

حدیث (۳) اکرموا حملۃ القرآن فمن اکرمھم فقد اکرم اللّٰہ الا فلا تنقصوا حملۃ القرآن حقوقھم فانھم من اللّٰہ بمکان کاد حملۃ القرآن

حفاظ قرآن کی عزت کرو کیونکہ جس نے انکی عزت کی اس نے اللہ کی عزت کی۔ خبردار۔ حافظوں کی بیحرمتی اور انکے حقوق میں کمی نکرو اسلئے کہ انکا اللہ تعالیٰ کے

ایک حدیث میں ہے کہ ان تین شخصوں کی تعظیم خدا کی تعظیم ہے (۱) شیخ کبیر (۲) حافظ باعمل (۳) بادشاہ عادل

ان یکونوا انبیاء الا انہ لا یوحی الیھم (عن ابن عمر) (کنز العمال)

نزدیک ایسا مرتبہ ہے کہ قریب ہے کہ نبی ہو جائیں مگر ان پر وحی نہیں آتی۔

حدیث (۴) اکرموا حملۃ القرآن فمن اکرمھم فقد اکرمنی (عن ابن عمر) (جامع صغیر)

حفاظ قرآن کی عزت کرو البتہ جس نے انکی عزت کی اس نے میری عزت کی۔

حدیث (۵) اخرج الطبرانی من حدیث انس حملۃ القرآن عرفاء اھل الجنۃ (تفسیر اتقان)

طبرانی نے بروایت انس یہ حدیث بیان کی ہے کہ حفاظ قرآن اہل جنت کے روساء ہیں۔

حدیث (۶) حامل القرآن حامل رایۃ الاسلام ومن اکرمہ فقد اکرم اللہ ومن اھانہ فعلیہ لعنۃ اللہ (عن ابی امامۃ) (کنز العمال)

حافظ قرآن اسلام کا علم بردار ہے جسنے اسکی عزت کی اس نے اللہ کی عزت کی اور جس نے اسکو ذلیل کیا اسپر اللہ کی لعنت ہے۔

حدیث (۷) فضل حملۃ القرآن علی الذی لم یحملہ کفضل الخالق علی المخلوق (عن ابن عباس) (جامع صغیر)

حافظوں کی فضیلت غیر حافظوں پر ایسی ہے جیسی کہ خالق کی فضیلت مخلوق پر۔

حدیث (۸) حملۃ القرآن اولیاء اللہ فمن عاداھم فقد عادی اللہ ومن والاھم فقد والی اللہ (عن ابن عمر) جامع صغیر

حفاظ قرآن اللہ کے دوست ہیں جس نے ان سے دشمنی کی اس نے اللہ سے دشمنی کی اور جس نے ان سے دوستی کی اس نے اللہ سے دوستی کی۔

حدیث (۹) من جمع القرآن متعہ اللہ بعقلہ حتی یموت (عن انس) (کنز العمال)

جو شخص قرآن حفظ کریگا اللہ تعالیٰ اسکی عقل کو مرتے دم تک صحیح و سالم رکھیگا۔

(ف) تیسیر شرح جامع صغیر میں ہے کہ جمع سے زبانی یاد کرنا مراد ہے۔ جو شخص قرآن زبانی یاد کرے گا اسکی عقل ہمیشہ تیز و درست رہے گی۔ اس میں ضعف و فتور لاحق نہ ہوگا۔

حدیث (۱۰) لحامل القرآن دعوۃ مستجابۃ (عن ابی امامۃ) (کنز العمال)

حافظ قرآن مقبول الدعا ہوتا ہے[ف]۔

حدیث (۱۱) حملۃ القرآن هم المعلمون کلام اللہ والمتلبسون بنور اللہ من والاهم فقد والی اللہ ومن عاداهم فقد عادی اللہ (عن علی) کنز العمال۔

حفاظ قرآن کلام الٰہی کے معلم ہیں اور اللہ کے نور سے ڈھکے ہوئے ہیں۔ جس نے ان سے دوستی کی اس نے اللہ سے دوستی کی اور جس نے ان سے دشمنی کی اس نے اللہ سے دشمنی کی۔

(حکایت) طبقات القراء[ف] میں لکھا ہے کہ قاری ابو جعفر علیہ الرحمہ کا جب انتقال ہوا ان کے سینے میں غسل دیتے وقت ایک چیز بمنزلہ ورق مصحف کے نمودار ہوئی جو لوگ وہاں موجود تھے انہوں نے دیکھکر بالاتفاق کہا کہ بلاشک یہ نور قرآنی ہے

[ف] کنز العمال کی ایک دوسری روایت میں اتنا فقرہ زیادہ ہے ان شاء عجلها له في الدنيا وان شاء اخرها له في الآخرة یعنی اس دعائے مستجاب کا ظہور اللہ تعالیٰ یا تو دنیا میں کریگا یا آخرت میں۔

[ف] یہ شیخ محمد بن محمد توقی کی تالیف سے ہے اسکا ایک قلمی نسخہ کتبخانہ آصفیہ میں ہے جو بہت بوسیدہ حالت میں [illegible]

حدیث (۱۲) حملة[1] القرآن هم المحفوفون برحمة الله الملبسون نور الله المتعلمون کلام الله من عاداهم فقد عادی الله و من والاهم فقد والی الله یقول الله عزوجل یا حملة کتاب الله استجیبوا بتوقیر کتابه یزدکم حبا و یحببکم الی خلقه (عن عائشہ) (کنز)

حفاظ قرآن اللہ کی رحمت سے گھرے ہوئے اسکے نور سے ڈھکے ہوئے ہیں اور کلام الٰہی کے متعلم ہیں جس نے ان سے دشمنی کی اس نے اللہ سے دشمنی کی جس نے ان سے دوستی کی اس نے اللہ سے دوستی کی۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے قرآن کے حفاظ! تم اللہ کی فرماں برداری کرو اسکی کتاب کی عزت و توقیر سے وہ تم سے محبت زیادہ کرے گا اور اپنی مخلوق میں محبوب بنائے گا۔

حدیث (۱۳) فی الجنة نهر یقال له الریان علیه مدینة من مرجان لها سبعون الف باب من ذهب و فضة لحامل القرآن (عن ابن عباس) کنز۔

جنت میں ایک نہر ہے جسکا نام ریان ہے اس پہ ایک شہر مرجان کا ہے جسکے ستر ہزار دروازے سونے چاندی کے ہیں۔ یہ حافظ قرآن کے لئے ہے

حدیث (۱۴) یا حملة القرآن ان اهل السموات یذکرونکم عند الله فتحببوا الی الله بتوقیر کتابه لیزداد لکم حبین و یحببکم الی عباده

اے حفاظ قرآن! آسمان والے تمہارا ذکر اللہ کے سامنے کرتے ہیں پس تم اللہ کے پیارے بنو اسکی کتاب کی عزت و توقیر سے۔ تاکہ تم سے دوہری محبت کرے اور اپنے

[1] یہ ایک بڑی حدیث کا ٹکڑا ہے جو یہاں بقدر ضرورت نقل کیا گیا ہے۔

(عن صهيب) (كنز العمال) — بندوں میں تم کو محبوب بنائے۔

حدیث (۱۵) الحدة تعترى جماع القرآن فى اجوا فهم (فر) (كنوز الحقائق)

اسلامی حدت اور دینی حمیت ان لوگوں میں پیدا ہوتی ہے جو قرآن کو اپنے سینوں میں جمع کئے ہوئے ہیں۔

ف جامع صغیر میں ایک روایت یوں آئی ہے لیس احد احق بالحدة من حامل القرآن لعزة القرآن فی جوفه سراج المنیر شرح جامع صغیر میں لکھا ہے کہ یہ حدت اس وقت ہوتی ہے جبکہ کوئی امر خلاف شرع دیکھا جائے۔

حدیث (۱٦) عن على بن ابى طالبؓ قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من تعلم القرآن فاستظهره وحفظه ادخله الله الجنة وشفعه فى عشرة من اهل بيته كلهم قد وجبت لهم النار (مسند امام احمد)

حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص قرآن شریف اسطرح سیکھے کہ اسکو زبانی واز بر یاد کرے اللہ تعالیٰ اسکو جنت میں داخل کریگا اور اسکی شفاعت کو اسکے خاندان کے ایسے دس شخصوں کے حق میں قبول کریگا جو سب کے سب دوزخ کے مستوجب ہونگے۔

(ف) مشکوۃ شریف کی روایت میں اتنی قید زیادہ ہے ۱۱ اعمل به فاحل حلاله وحرم حرامه یعنی یہ فضیلت اس وقت ہے جب حفظ قرآن کے ساتھ اسپر عمل بھی کرے اور اسکے حلال کو حلال حرام کو حرام نہ جانے۔

حدیث (۱) فی الحدیث من استظهر القرآن خفف عن والديه العذاب

حدیث شریف میں آیا ہے کہ جس شخص نے قرآن حفظ کیا۔ اس کے ماں باپ کے عذاب میں

وان كانا مشركين (روح البيان)

تخفیف ہوگی اگرچہ وہ دونوں مشرک ہوں۔

حدیث (١٨) عن معاذ الجهني قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قرء القران وعمل بما فيه البس والداه تاجا يوم القيمة ضوءه احسن من ضوء الشمس في بيوت الدنيا لو كانت فيكم فما ظنكم بالذي عمل بهذا۔ (مشكوٰة)

معاذ جہنیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شخص قرآن پڑھے اور اسکے مطابق عمل کرے اسکے ماں باپ قیامت کے دن ایسا تاج پہنائے جائینگے کہ اسکی روشنی آفتاب کی روشنی سے بہتر ہوگی اس حال میں کہ آفتاب دنیا کے گھروں میں ہو یعنی نزدیک ہو جائے پس جب دوسروں کے حق میں یہ انعام ہوگا تو خود عمل کرنے والے کا حال کیا پوچھنا ہے۔

(ف) اس حدیث میں حافظ ابن حجر نے قرارت قرآن سے حفظ کرنا مراد لیا ہے كذا فى المرقاة۔

حديث (١٩) الا ادلكم على الخلفاء مني ومن اصحابي ومن الانبياء من قبلي هم حملة القرآن والاحاديث عني وعنهم

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں تمکو اپنے اور اپنے اصحاب اور انبیاء ماسبق کے خلفاء کو نہ بتلا دوں یہ وہ لوگ ہیں جو محض خدا کی رضامندی و خوشنودی کے لئے قرآن کو حفظ کر

سلہ اسی ہی روایت شرح ۃ الاسلام نسبا ابن ... عین السلم ... لو وانات مرکبن ... [illegible]

فی اللہ و للہ (جامع صغیر)	کے ساتھ اور میری اور انکی حدیثوں کی روایت کرنے والے ہیں۔
حدیث (۲۰) من قرء القرآن فقد استدرج النبوة بین جنبیه غیر انه لا یوحی الیه لا ینبغی لصاحب القرآن ان یجد فی من حد ولا یجهل مع من یجهل وفی جوفه کلام اللہ (عن ابن عمر) (کنز العمال)	جس شخص نے قرآن پڑھا اس نے اپنے دونوں پہلو میں نبوت کو درج کیا مگر اسپر وحی نہیں آتی حافظ قرآن کو سزاوار نہیں کہ اپنے دل میں قرآن رکھکر تند مزاجوں کے ساتھ تند مزاجی اور جہالت کرنے والوں کے ساتھ جہالت کرے۔

ف: اس حدیث میں قرارت سے مراد حفظ ہے بقرینۂ جملہ ثانیہ و حدیث نمبر (۳) کما لا یخفی۔

حدیث (۲۱) یقال لصاحب القرآن اذا دخل الجنة اقرء واصعد فیقرء و یصعد بکل آیة درجة حتی یقرء آخر شئی معه (ابن ماجه)	صاحب قرآن سے جبکہ وہ جنت میں داخل ہوگا کہا جائیگا پڑھ اور اوپر چڑھ پس وہ پڑھیگا اور ایک ایک آیت کے مقابلہ میں ایک ایک درجہ اوپر چڑھیگا۔ یہانتک کہ اسکو جو کچھ اخیر میں یاد رہے گا وہ پڑھ ڈالیگا۔

ف: حافظ ابن حجر نے اس حدیث میں صاحب القرآن سے خاص حافظ قرآن مراد لیا ہے اور اس پر کئی قرینے پیش کئے ہیں جیسا کہ مرقات شرح مشکوۃ

ف: س سے مراد صوت اور انبیاء سابقین ہیں ۱۲

میں مرقوم ہے۔

دلیل الفالحین شرح ریاض الصالحین میں لکھا ہے کہ اس حدیث سے پورے قرآن کے حافظ اور بعض سورتوں کے حافظ دونوں کی فضیلت ثابت ہوتی ہے اسمیں کچھ شک نہیں لیکن یہ ظاہر ہے کہ حافظ کامل کے درجہ کو حافظ ناقص نہیں پہونچ سکتا۔

(**تائید**) کنز العمال میں ایک روایت اس مضمون کی بھی ہے کہ جنت کے درجوں کی تعداد آیات[1] قرآنی کی تعداد کے برابر ہے پس جو شخص اہل قرآن سے جنت میں داخل ہوگا اسکے درجہ کے اوپر کوئی درجہ نہوگا۔

حدیث (۲۲) عن ابی هريرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان الله عزوجل قرء طٰه ولیٰس قبل ان یخلق السمٰوات والارض بالف عام فلما سمعت الملئکة القرآن

ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالےٰ نے سورۂ طٰہٰ ویٰسین کو آسمان وزمین پیدا کرنے کے ہزار برس پہلے پڑھا تھا تو فرشتوں نے قرآن سنکر کہا۔

[1] آیات قرآنی کی تعداد میں اختلاف ہے اتقان میں لکھا ہے کہ ابن عباس رض نے کہا ہے کہ تمام آیات قرآنی (۶۶۱۶) ہیں اور دانی نے کہا کہ چھ ہزار ہونے میں تو کسی کو کلام نہیں البتہ اس سے زیادہ ہونے میں اختلاف ہے۔ بعضے کچھ نہیں زیادہ کرتے بعضے (۲۰۴) بعضے [illegible] بعضے [illegible] بعضے (۲۵) بعضے (۳۶) زیادہ کرتے ہیں۔

اور سراج القاری میں لکھا ہے کہ آیات کے شمار میں اختلاف ہے کوفی چھ ہزار دوسو چھتیس (۶۲۳۶) [illegible] کرتے ہیں اور یہ قول حضرت علی کی طرف منسوب ہے یہی مختار روایت ہے بصری چھ ہزار دوسو [illegible] شامی چھ ہزار دوسو پچاس (۶۲۵۰) اسمعیل بن جعفر مدنی چھ ہزار دوسو چودہ (۶۲۱۴) مکی چھ ہزار دوسو [illegible] (۶۲۱۰) [illegible] چھ ہزار دوسو اٹھارہ (۶۲۱۸) کہتے ہیں اور حضرت عائشہ رض چھ ہزار چھ سو چھیاسٹھ (۶۶۶۶) فرماتی ہیں۔

قالت طوبیٰ لامۃ ینزل علیھم ھذا وطوبیٰ لاجواف تحمل ھذا وطوبیٰ لالسنۃ تتکلم بھذا رواہ الدارمی (مشکوۃ)

خوشحالی ہے اس امت کے لئے جس پر یہ نازل ہوگا خوشحالی ہے ان قلوب کیلئے جو اسکو حفظ کرینگے ۔ اور خوشحالی ہے ان زبانوں کے لئے جو اسکو پڑھینگی۔

حدیث (۲۳) طوبیٰ لمن یبعث یوم القیٰمۃ وجوفہ محشو بالقرآن والفرائض والعلم (عن ابی ھریرۃ) (کنز)

خوشحالی اس شخص کے لئے جو قیامت کے روز اس حال میں اٹھایا جائیگا کہ اسکا دل قرآن ۔ فرائض اور علم سے بھرا ہوگا۔

حدیث (۲۴) ان اللہ تعالیٰ لیغضب فتسلم الملٰئکۃ لغضبہ فاذا نظر الی حملۃ القرآن تملاء رضا (عن ابن عمر) (کنز العمال)

اللہ تعالیٰ خفا ہوتا ہے تو فرشتے اسکے غصہ سے گردن جھکا لیتے ہیں۔ لیکن اسی حالت میں جب وہ حفاظ قرآن کی طرف نظر کرتا ہے تو بہت خوش ہوتا ہے۔

حدیث (۲۵) اذا مات حامل القرآن اوحی اللہ الی الارض لا [illegible] لحمہ [illegible] [illegible] لحمہ [illegible] [illegible] (عن جابر) [illegible]

جب حافظ قرآن مرتا ہے تو اللہ تعالیٰ زمین کو حکم بھیجتا ہے کہ اسکا گوشت نہ کھانا ۔ اس پر وہ کہتی ہے اے اللہ میں ایسے شخص کا گوشت کیونکر کھاؤنگی جسکے سینے میں تیرا کلام ہے۔

[illegible]

بعض بعض حفاظ کی قبر سے قرآن خوانی کی آواز سنائی دینے[1] کے متعلق بیان کی جاتی ہیں جن میں سے بعض کا ذکر تمثیلاً کیا جاتا ہے۔

حکایت مولانا شاہ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمہ اخبارالاخیار میں شیخ محمد ترک نارنولی کے ذکر میں فرماتے ہیں کہ وہاں دو شہیدوں کی قبریں ہیں ایک کو بوجہ بلندی زمین بلند شہید اور دوسرے کو بوجہ نشیب زمین نشیب شہید کہتے ہیں۔ یہ دونوں شہدا حافظ کلام اللہ تھے کہتے ہیں کہ بعض بزرگوں نے انکی قبروں سے تلاوت قرآن کی آواز سنی ہے جو بطریق دور پڑھتے تھے۔

حکایت۔ صاحب خزینۃ الاصفیا شیخ روزبہان کے ذکر میں لکھتے ہیں کہ شیخ ابوطاہر جو شیخ روزبہان کے اصحاب میں سے ہیں کہتے ہیں کہ میں اور شیخ روزبہان ہر روز صبح کو قرآن کا دور کیا کرتے تھے۔ جب انکا انتقال ہوگیا دنیا میری نظر میں تیرہ و تاریک ہوگئی۔ ایک دن میں نے پچھلی رات کو اٹھکر نماز پڑھی اور شیخ کی قبر کے سرہانے بیٹھکر قرآن شریف پڑھنا شروع کیا مگر مجھے اپنی تنہائی و بیکسی پر رونا آیا اسی حالت میں میں نے شیخ کی قبر سے بار بار قرآن کی آواز سنی اور جبتک لوگ جمع نہیں ہوئے برابر سنتا رہا۔ یہی حال ایک عرصہ تک رہا جب میں نے اسکا ذکر اپنے ایک دوست سے کر دیا تو اس روز سے آواز کا آنا موقوف ہوگیا۔

حکایت۔ صاحب مآثرالکرام[2] نے بحوالہ کتاب اخبارالاصفیا رقم فرمایا ہے

---

[1] ایک صحابی نے بھی ایک مردہ کو قبر میں سورۂ ملک پڑھتے ہوئے سنا اور آنحضرت سے بیان کیا ہے جیسا کہ مشکوۃ میں مروی ہے۔ [2] مآثرالکرام حسان الہند مولانا میر غلام علی آزاد بلگرامی قدس سرہ کی تالیفات سے ہے۔ اب آگرہ میں چھپ گئی ہے اور اخبارالاصفیا شیخ عبدالصمد خواہرزادہ شیخ فیضی و شیخ ابوالفضل کی تصنیف ہے جیسا کہ مآثرالکرام میں مذکور ہے ۱۲

کہ حافظ محمود قرآن خواں بلگرامی قدس سرہ جو اپنے وقت کے ممتاز و برگزیدہ بزرگ تھے جب سے اس عالم فانی سے عالم جاودانی کو تشریف لے گئے ہمیشہ ہر شب جمعہ کو انکے مرقد منور سے قرآن خوانی کی آواز کاملین کو سنائی دیتی ہے۔

حدیث (۲۶) اخرج الدیلمی من حدیث علیؓ حملة القرآن فی ظل اللہ یوم لاظل الاظلہ (تفسیر اتقان)

دیلمی نے بروایت حضرت علیؓ یہ حدیث نقل کی ہے کہ جس دن سوائے اللہ کے کسی کا سایہ نہ ہوگا اس دن حفاظ قرآن اللہ کے سایہ میں ہونگے

(ف) جامع صغیر میں بروایت حضرت علیؓ یہ حدیث بھی مروی ہے کہ اپنی اولاد کو تین باتیں سکھاؤ **اول** اپنے پیغمبر کے ساتھ محبت کرنا **دوسری** اس کے اہل بیت کے ساتھ محبت کرنا **تیسری** قرآن حفظ کرنا کیونکہ حفاظ قرآن قیامت کے روز اللہ کے سایہ میں اس کے انبیا و اصفیا کے ساتھ ہونگے۔

حدیث (۲۷) عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال یجیٔ صاحب القرآن یوم القیٰمة فیقول یارب حلہ فیلبس تاج الکرامة ثم یقول یارب زدہ فیلبس حلة الکرامة ثم یقول یارب ارض عنہ فیرضی عنہ فیقال لہ اقرء وارق ویزداد بکل آیة حسنة ھذا حدیث حسن (ترمذی)

ابوہریرہ رضی اللہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن صاحب قرآن آئیگا تو قرآن کہیگا اے رب اسکو حلہ پہنا پس اسکو تاج کرامت پہنایا جائیگا۔ پھر کہیگا اے رب زیادہ کر پس حلہ کرامت پہنایا جائے گا۔ پھر کہیگا اے رب تو اس سے راضی ہو پس وہ راضی ہوگا اور اس سے کہا جائیگا کہ پڑھ اور ترقی کر اور ہر آیت کے مقابلہ میں اسکی ایک نیکی زیادہ کیجائیگی

حدیث (۲۸) من اعطاہ اللہ حفظ کتابہ فظن ان احداً اعطی افضل مما اعطی فقد غلط افضل النعمۃ (عن رجاء الغنوی مرسلاً) (کنز العمال[1])

جس شخص کو اللہ تعالےٰ نے اپنی کتاب کا حفظ نصیب کیا اور اس نے یہ گمان کیا کہ کسی شخص کو اس سے بہتر چیز دی گئی تو اس نے بڑی بھاری نعمت کی بے قدری کی۔

(ف) مقاصد الصالحین میں لکھا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جس شخص کو قرآن شریف حفظ ہوا اور وہ یہ جانے کہ مجھ سے زیادہ کوئی چیز اللہ تعالےٰ نے کسی کو دی ہے اُس نے گویا اپنے تئیں قتل کیا۔

حدیث (۲۹) حامل کتاب اللہ تعالےٰ لہ فی بیت مال المسلمین فی کل سنۃ مائتا دینار (عن سلیک الغطفانی) (کنز)

حافظ قرآن کے لئے مسلمانوں کے بیت المال سے سالانہ دوسو دینار ہیں۔

(ف) تیسیر شرح جامع صغیر میں لکھا ہے کہ یہ تعین کافی ہونے کی تقدیر پر ہے اور اگر کافی نہو تو اس مقدار میں حسب ضرورت زیادتی ہوسکتی ہے اسیطرح اگر یہ مقدار ضرورت سے زیادہ ہو تو اس میں کمی بھی ممکن ہے۔

(تائید) خزانۃ الروایات میں لکھا ہے کہ دستور القضاۃ کے باب المتفرقات میں بستان ابو اللیث سے منقول ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی پورا قرآن حفظ کرلے اسکا حصہ بیت المال میں سالانہ دوسو دینار یا دوہزار درہم ہے اور جو

[1] اس قسم کی روایت عین العلم و شرح الشنوانی علی خصائص الحبیب وغیرہ میں بھی منقول ہے ۱۲

آور با قرآن حفظ کرے اسکا حصہ ایک سو دینار یا ایک ہزار درہم ہے اور عقد اللآلی و ملتقط ناصری میں مذکور ہے کہ حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ ہر قاری کے لئے سالانہ دوسو دینار یا دو ہزار درہم ہیں اگر اسکو دنیا میں ملگئے تو نہیا ورنہ آخرت میں لیگا اور فتاوی کامل میں مرقوم ہے کہ ہر عالم و حافظ کا بیت المال میں حق ہے سالانہ دوسو دینار یا دو ہزار درہم اگر والی انکو دنیا میں نہ دیگا تو آخرت میں اسکی نیکیوں میں سے دلایا جائیگا اور اگر نیکیاں نہ رکھتا ہوگا تو لے سکے گناہ ہونکا بار اسپر ڈالا جائے گا"

تاریخ خمیس میں لکھا ہے کہ خلیفہ ولید بن عبد الملک حفاظ قرآن کے ساتھ سلوک کرتا تھا اور انکی طرف سے انکے قرض و دام ادا کر دیتا تھا۔

حدیث (۳۰) اهل القرآن اهل الله وخاصته (ابن ماجه)	اہل قرآن اللہ کے دوست اور اسکے خاص بندے ہیں۔

(ف) جامع صغیر میں ایک حدیث بدیں الفاظ مروی ہے أل القرآن ال الله سراج المنیر شرح جامع صغیر میں لکھا ہے کہ أل القرآن سے حافظ باعمل مراد ہے اور أل الله سے اولیاء اللہ۔

حدیث (۳۱) حامل القرآن مرقی (عن عثمان) (جامع صغیر)	حافظ قرآن حفاظت کیا گیا ہے۔

(ف) شرح جامع صغیر میں لکھا ہے یعنی ہر آفت و بلا سے بچایا گیا ہے۔ پس جو شخص اسکو ایذا دے گا اللہ تعالی اس سے ناراض ہوگا۔

(حکایت) ابن بطوطہ نے اپنے مشہور سفرنامہ میں جزائر جنوبی ہند کے

ذکر میں ایک جزیرہ کا واقعہ لکھا ہے کہ یہاں کے باشندوں کے اسلام قبول کرنیکی حقیقت جسطرح کہ یہاں کے چند معزز و معتبر عالموں نے مجھسے بیان کی ہے یہ ہے کہ جب یہاں کے لوگ کافر تھے تو ہر مہینہ بعد انہیں ایک بھوت دکھائی دیتا تھا جو سمندر کی طرف سے آتا تھا اسکی شکل ایسی تھی جیسے کوئی جہاز جس میں بے شمار شمعیں روشن ہوں جب یہ لوگ اُسے دیکھتے تھے تو اُن کا دستور تھا کہ ایک کنواری لڑکی کو عمدہ لباس پہنا کر اُس بتخانہ میں جو سمندر کے کنارے پر تھا اور جسکی کھڑکیاں سمندر کی طرف تھیں بٹھا کر چلے آتے تھے۔ اور صبح کو جا کر دیکھتے تھے تو اُسے مُردہ پاتے تھے قدیم زمانہ سے اُن میں یہی دستور چلا آتا تھا اور اسطرح سے بیشمار جانیں ضائع ہو چکی تھیں بعدازاں ایک عرب مسمی ابوالبرکات بربری آیا جو بڑا عابد و زاہد اور حافظ قرآن تھا اتفاقاً وہ جزیرہ محل میں ایک بڑھیا عورت کے گھر میں اترا ایک دن اُسنے گھر کی مالکہ کے ساتھ کئی عورتوں کو ماتم کرتے ہوے دیکھا اور اسکا سبب دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ اب اس ضعیفہ کی باری آئی ہے کہ وہ اپنی لڑکی بھوت کو نذر دے اس عرب نے جو کہ بے ریش و بروت تھا سنکر کہا کہ تو کچھ پروا نہ کر آج میں تیری لڑکی کے بدلے بھوت کے پاس جاؤنگا اگر وہ مجھے لے گیا تو تیری لڑکی بچ گئی اور اگر نہ لے گیا تو سارے جزیرہ کی مشکل آسان ہو گئی۔ چنانچہ وہ لوگ عرب مذکور کو لڑکی کے بدلے بتخانہ میں لے گئے وہ بتخانہ میں بکہ وتنہا کھڑکی کے پاس بیٹھ گیا اور تلاوت قرآن شروع کر دی جسوقت وہ بھوت آگ کیطرح شعلہ مارتا ہوا آیا عرب کو دیکھکر فی الفور سمندر میں کود پڑا اور غائب ہو گیا۔ عرب مذکور صبح تک قرآن پڑھتا رہا۔ اسی حالت میں ضعیفہ مع رشتہ داروں اور دوسرے لوگوں کے وہاں پہونچی

کہ اسکو نکال کر اپنے دستور کے موافق جلائیں۔ لیکن جب اسکو صحیح وسالم تلاوت قرآن میں مشغول پایا تو ان کو بہت تعجب ہوا۔ بالآخر بڑھیا نے شہر کے حکام تک یہ ماجرا پہونچایا۔ عرب مذکور طلب کیا گیا۔ بادشاہ نے بڑے اشتیاق سے کل ماجرا اسکی زبانی سنا بادشاہ کو اس سے اسلام کی عظمت وبرکت معلوم ہوئی اور عرب نے اسکو اسلام کے اصول بتلائے مگر بادشاہ نے اسوقت دعوت اسلام نہیں قبول کی اسکو یہ جواب دیا کہ تم یہاں اور ایک مہینہ ٹھیرو۔ اگر عفریت نہ آیا یا آیا اور تم نے اسکو پھر بھگا دیا تو میں اسلام قبول کرونگا۔ اسطرح خدا نے بادشاہ اور اسکی رعایا کو اسلام سے مشرف ہونے کے لئے تیار کیا۔ جب دوسرا مہینہ ختم ہوا اور عرب کو بتخانہ میں لے گئے تو پھر اسکو علی الصباح صحیح وسالم تلاوت قرآن میں مصروف پایا۔ اس کے بعد انہوں نے فی الفور تمام بت توڑ ڈالے بتخانے کو زمین کے برابر کر دیا اور سب کے سب مسلمان ہو گئے۔ یہ لوگ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کے پیرو ہوئے اور ابتک اسی طریقہ پر ہیں۔

مجھے اس جزیرہ میں گئے ہوئے عرصہ گذر گیا مگر یہ کیفیت نہیں معلوم تھی اتفاقاً ایک رات میں نے انہیں زور زور سے حمد وثنا کرتے سروں پر قرآن اٹھائے ہوئے سمندر کی طرف جاتے دیکھا اور دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ یہ لوگ اسی رات کی یادگار میں یہ رسم ادا کرتے ہیں جس میں عرب مذکور کی بدولت ان کو اس مصیبت سے نجات ملی تھی۔ چنانچہ قصہ جو اوپر بیان کیا گیا انہوں نے اس موقع پر مجھکو سنایا۔ مہینے کے بعد جب وہ رات آتی ہے تو یہ لوگ سمندر کے کنارے جمع ہوتے ہیں۔ ۔۔۔ تلاوت قرآن میں مصروف رہتے ہیں اور بہت کچھ خیرات کرتے ہیں۔

حکایت۔ حبیب السیر کے خاتمہ میں مذکور ہے کہ جزیرۂ قبرس میں ایک بتخانہ تھا جس میں ایک بہت بڑا بت تھا اسکی نسبت بت پرستوں کا یہ عقیدہ تھا کہ یہ سال بھر میں ایک خون چاہتا ہے اسلئے ہر سال ایک تاریخ معینہ پر کسی غریب آدمی کو پکڑ کر بت خانہ میں بند کر دیا کرتے تھے جب صبح کو دروازہ کھولتے تھے تو اس آدمی کو مردہ پاتے تھے صاحب عجائب البلدان کہتے ہیں کہ سنہ سات سو (۷۰۰) ہجری میں ایک مسافر بغرض سیاحت وہاں گیا ہوا تھا بت پرستوں نے حسب دستور اسکو بھی پکڑ کر بتخانہ میں بند کر دیا وہ مسافر حافظ قرآن تھا۔ رات بھر تلاوت قرآن میں مصروف رہا صبح ہوتے ہی جب بت پرستوں نے دروازہ کھولا تو اسکو زندہ پایا۔ اس بات سے بہت متحیر ہوئے اور کہنے لگے کہ ہمارے معبود نے اسکو قتل نہیں کیا۔ پھر خوش ہوکر بہت سا زر وجواہر اُسے دیا۔ وہ مسافر ان کے نزدیک ایسا عزیز و محترم ہوگیا کہ جو بات کہتا تھا اسکو سب مانتے تھے۔"

حکایت۔ مسلم صفار کہتے ہیں ایک شخص نے ذکر کیا کہ ہم دریا میں تھے موج نے ہر طرف سے ہمکو گھیرا۔ لوگ گھبرا کر فریاد کرنے لگے۔ ایک شخص مصحف سر پر رکھکر کھڑا ہوگیا اور آسمان کی طرف دیکھکر کہنے لگا اتغرقنا فی البحر ومعنا کلامك یعنی اے پروردگار تو ہمکو دریا میں غرق کریگا باوجود اس کے کہ ہمارے پاس تیرا کلام ہے۔ خدا کی قدرت ؟ دریا ٹھہر گیا۔ اس حکایت میں حامل قرآن کو آفات سے محفوظ رکھنے کی بشارت ہے۔ کیونکہ قرآن کے ہاتھ میں رکھنے سے جب ایسی نجات حاصل ہوئی تو جسکے دل میں قرآن ہوگا وہ بدرجۂ اولیٰ نجات پائیگا۔[۵]

---

[۵] رسالہ فضائل القرآن اردو مؤلفۂ رئیس بھوپال ۱۲۔

حدیث (۳۲) فی شرح السنة عن ابی امامة احفظوا القرآن فان الله لا یعذب بالنار قلبا وعی القرآن (مرقاة)

شرح السنة میں ابو امامہؓ سے روایت ہے کہ قرآن کو حفظ کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ اس قلب کو آگ کا عذاب نہ دیگا جس نے قرآن حفظ کیا ہوگا۔

حدیث (۳۳) لو جمع القرآن فی اهاب ما احرقه الله بالنار (عن ابی هریرة) (کنز)

اگر قرآن چمڑے میں جمع کیا جاتا تو اسکو اللہ تعالےٰ آگ سے نہ جلاتا۔

ف

مرقات میں لکھا ہے کہ جب چرم حقیر کو قرآن کی ایک ادنیٰ مجاورت سے یہ رتبہ حاصل ہوتا ہے تو حافظ قرآن کے دل اور عامل قرآن کے جسد کا حال کیا پوچھنا ہے جس میں قرآن سالہا سال اور مدت مدید تک رہتا ہے اسکو تو آتش بعد وحجاب ونار جہنم سے بدرجہ اولیٰ نجات ملیگی۔

اشعة اللمعات میں مرقوم ہے کہ چرم مذکور کے نہ جلنے کا معجزہ ہر شخص کے ہاتھ سے نہیں ظاہر ہوتا اور بعض کہتے ہیں کہ یہ معجزہ خاص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے [illegible] میں متحقق تھا اور بعض نار سے نار آخرت مراد لیتے ہیں تفسیر اتقان [illegible] مذکور ہے کہ ابو عبید نے کہا اہاب سے مراد قلب مومن ہے۔

حدیث (۳۴) فی بعض الاثار [illegible] یعنی آثار میں ہے کہ یہود و نصاریٰ الیهود والنصاریٰ [illegible] تم سے جتنا حفظ قرآن پر جلتے ہیں اتنا[1]

[1] اسکی وجہ معلوم ہوتی ہے [illegible]

لحفظ القرآن (روح البیان)

کسی چیز پر نہیں جلتے۔

حدیث (۳۵) عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول الرب تبارک وتعالیٰ من شغلہ القرآن عن ذکری ومسئلتی اعطیتہ افضل ما اعطی السائلین (مشکوٰۃ)

ابو سعید خدری سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جس شخص کو قرآن نے مجھے یاد کرنے اور مجھ سے سوال کرنے سے روکدیا ہے میں اُسکو سوال کرنے والوں سے بڑھ کے نعمت دونگا۔

(ف) مرقات میں مذکور ہے کہ قرآن کے روکنے سے مراد یہ ہے کہ آدمی اسکے حفظ کرنے اُسکے الفاظ و معانی کے سیکھنے سمجھنے اور اس کے احکام کے بجالانے میں مصروف ہوئے

حدیث (۳۶) عن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لاحسد الا علی اثنین رجل آتاہ اللہ القرآن فھو یقوم بہ آناء اللیل والنھار ورجل آتاہ اللہ مالا فھو ینفق منہ آناء اللیل والنھار (صحیح بخاری)

ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہی شخص رشک کے قابل ہیں۔ ایک وہ جسکو اللہ تعالےٰ نے قرآن یاد کرایا اور وہ رات دن کی تلاوت وغیرہ میں لگا رہتا ہے۔ دوسرے وہ جسکو اللہ تعالیٰ [illegible]

[illegible]

[illegible] آتاہ اللہ [illegible]

[illegible]

حدیث (۳۷) روی البخاری وغیرہ من قرء القرآن ثم مات قبل ان یستظہرہ اتاہ ملک یعلمہ فی قبرہ ویلقی اللہ وقد استظہرہ (مرقاۃ)

امام بخاری وغیرہ نے روایت کی ہے کہ جو شخص قرآن حفظ کرنا شروع کرے اور حفظ ہونے سے پہلے ہی مرجائے اس کے پاس قبر میں ایک فرشتہ آکر تعلیم دیگا اور وہ قیامت کے دن حافظ قرآن ہوکر اللہ کے سامنے حاضر ہوگا۔

(تائید) مقامات مظہری میں بذکرہ میر روح الامین یوں لکھا ہوا ہے۔

"سیوطی رحمۃ اللہ علیہ در شرح الصدور در حدیثے آوردہ کہ ہرکہ حفظ تمام ناکردہ میمیرد ملائک او را تعلیم میدہند بجرد استتمام را آں قرآن تمام یاد او میگردد"

حدیث (۳۸) فی حدیث الطبرانی والبیہقی من قرء القرآن وھو ینفلت عنہ ولا یدعہ فلہ اجرہ مرتین ومن کان حریصا علیہ ولا یستطیعہ ولا یدعہ بعثہ اللہ یوم القیامۃ مع اشراف امتہ (مرقاۃ)

طبرانی و بیہقی کی حدیث میں ہے کہ جو شخص قرآن پڑھے اور وہ اسکے ذہن سے نکل جائے لیکن وہ نہ چھوڑے اسکو دو اجر ملینگے۔ اور جو شخص اسکا حریص ہو اور اسکی استطاعت نہ رکھے لیکن اسکو نہ چھوڑے اسکو اللہ تعالے قیامت کے دن اپنے برگزیدہ اور خاص بندوں کیساتھ اٹھائیگا۔

حدیث (۳۹) عن عائشۃ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت

قالت قال رسول الله صلی الله علیہ وسلم الماہر بالقرآن مع السفرۃ الکرام البررۃ والذی یقرء القرآن ویتعتع فیہ وھو علیہ شاق لہ اجران (صحیح مسلم)

ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ماہر قرآن بزرگ ونیکوکار فرشتوں یا پیغمبروں کے ساتھ ہے اور جو قرآن کو اٹک اٹک کے پڑھتا ہے اور اسکا پڑھنا اس پر دشوار ہوتا ہے اسکے لئے دو اجر ہیں۔

(ف) ماہر سے مراد حاذق کامل الحفظ ہے جو بوجہ کمال حفظ واتقان کے نہ پڑھنے میں اٹکتا ہے اور نہ پڑھنا اس پر شاق ہوتا ہے [۱]۔

سفرہ (جمع سافر) سے انبیاء علیہم السلام مراد ہیں یا اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا وہ فرشتے جو حامل لوح محفوظ ہیں یا جو وحی پر مامور ہیں یا جو نامۂ اعمال لکھنے والے ہیں یا جو محافظ ونگہبان ہیں [۲]۔

ماہر کے انبیاء یا ملائکہ وغیرہ کے ساتھ ہونے سے مراد یہ ہے کہ وہ دنیا میں انہیں [۳] کے ایسا عمل کرتا ہے اور آخرت میں انکا رفیق ہوگا [۴]۔

اس حدیث کی رو سے اٹک اٹک کے پڑھنے والے کے لئے دو اجر صرف اسلئے ثابت ہیں کہ اسکو محنت ومشقت زیادہ ہوتی ہے ورنہ ماہر کا درجہ اس سے کہیں زیادہ ہے [۵]۔

---

[۱] شرح مسلم از امام نووی ۱۲ [۲] شرح مشکوۃ ۱۲ [۳] بلکہ ایک حیثیت سے ماہر کا عمل فرشتوں کے عمل سے افضل ہے وہ یہ کہ فرشتے حفظ قرآن کی فضیلت سے محروم ہیں اور بنی آدم سے قرآن سننے کی آرزو رکھتے ہیں کذا فی شرح المشنوائی علی خصائص الحبیب ۱۲ [۴] اشعۃ اللمعات ۱۲

[۵] اشعۃ اللمعات ۱۲

حدیث (۴۰) یمثل القرآن یوم القیمة رجلا فیوتی بالرجل قد حمله فما نفذ امره فیتمثل له خصماً فیقول یارب قد حملته ایای فبئس حاملی۔ تعدی حدودی وضیع فرائضی و رکب معصیتی وترك طاعتی فما یزال یقذف علیه بالحجج حتی یقال فشانك به فیاخذ بیده فما یرسله حتی یکبه علی منخره فی النار یوتی بالرجل الصالح قد کان حمله وحفظ امره [illegible]

قیامت کے دن قرآن ایک مرد کی شکل میں کیا جائے گا پھر اس کے پاس ایک ایسا شخص لایا جائے گا جس نے اسکو حفظ کیا لیکن اسکا حکم نہیں بجالایا۔ سو وہ مخالف بنکر کہیگا۔ اے رب تونے اسکو میرا حامل بنایا تھا لیکن یہ تو بڑا برا حامل تھا۔ اس لئے میرے حدود سے تجاوز کیا۔ میرے فرائض کو ترک کیا میری نافرمانی کا مرتکب ہوا اور میری اطاعت چھوڑی۔ غرضکہ اسیطرح اسکے خلاف حجتیں پیش کرتا جائے گا یہانتک کہ حکم ہوگا کہ تو اسکے بارے میں مختار ہے پس وہ اس کا ہاتھ پکڑیگا اور نہ چھوڑے گا۔ یہانتک کہ اسکو ناک کے بل آگ میں ڈھکیل دیگا۔ پھر اسکے پاس نیک شخص لایا جائے گا جس نے اسکو حفظ کیا اور اسکے حکم کا لحاظ رکھا [illegible] بنکر کہیگا اے رب تونے اسکو میرا حامل بنایا تھا۔ اس نے میرے

و اجتنب معصیتی و	حدود کی رعایت کی۔ میرے فرائض
اتبع طاعتی فما	کو ادا کیا۔ میری نافرمانی سے پرہیز
یزال یقذف له	کیا اور میرا اطاعت گذار رہا۔
بالحجج حتی یقال له	غرض کہ اسیطرح اس کے موافق
فشانك به فیاخذ	حجتیں پیش کرتا جائیگا یہانتک کہ
بیدہ فما یرسله حتی	حکم ہوگا تو اس کے بارے میں مختار
یلبسه حلة الاستبرق	ہے پس وہ اسکا ہاتھ پکڑے گا۔
ویعقد علیه تاج الملك	اور نہ چھوڑیگا یہانتک کہ اسکو حلہ استبرق
ویسقیه کاس الخمر	پہنائیگا تاج شاہی اسکے سر پر رکھیگا
(کنز)	اور جام شراب پلائیگا۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ الْحَفَظَةِ الْمُکْرَمِیْنَ وَ احْشُرْنِیْ مَعَهُمْ فِیْ یَوْمِ الدِّیْنِ (اٰمِیْن)

فصل دوم

مختلف اقوال وحکایات کے بیان میں

(۱) امام شافعی علیہ الرحمہ کا قول ہے من حفظ القرآن نبل شانه یعنی جس نے قرآن حفظ کیا اسکی شان بڑھ گئی (ل)

(۲) شیخ محی الدین عربی فرماتے ہیں کہ قاری (حافظ) گویا باغ کے مالک سے ہے اور عالم بمنزلہ اس شخص کے ہے جو باغ کے میوہ جات اور پیوند ...

(ل) مفاتیح الجنان ۱۲

واقف - اس کے فوائد و منافع سے آگاہ ہے اور عامل مثل باغ کے
میوے کھانے والے کے ہے - پس جس نے قرآن حفظ کیا اور اسکا
عالم و عامل ہوا وہ مثل اس مالکِ باغ کے ہے جس نے باغ کی چیزونکو
پہچانا اس کے مصالح و مفاسد کو جانا - اسکے میووں کو کھایا اور جس نے
حفظ نہیں کیا بلکہ صرف عالم و عامل رہا وہ مثل اس شخص کے ہے جو باغ کے
میوونکو پہچانتا ہے - درخت لگانا پیوند لگانا جانتا ہے اور غیر کے باغ کا
میوہ کھاتا ہے - پس باغ کا مالک ان سب لوگوں سے جنکے باغ نہیں ہے
افضل ہے کیونکہ وہ سب اس کے محتاج ہیں[۵۱] -

(۳) مولانا شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمہ بموجب اس حدیث کے
جس میں مذکور ہے کہ عالم و متعلم جب کسی بستی سے گزرتے ہیں تو چالیس
دن تک وہاں کے مقبرہ سے عذاب اٹھا لیا جاتا ہے - فرماتے ہیں کہ
حفاظ و مدرسین کا مقابر میں مقرر کرنا محمود یعنی پسندیدہ ہے[۵۲] -

(۴) ابو یعقوب الزیات علیہ الرحمہ نے اپنے بعض مریدوں سے پوچھا
کہ کیا تمکو قرآن یاد ہے اس نے کہا نہیں آپ نے فرمایا[۵۳] -

"واغوثاہ باللہ مریدے کہ قرآن یاد ندارد چوں ترنجے است"
"کہ بوئے ندارد پس بچہ چیز تنعم میکند - بچہ چیز ترنم میکند"
"وبچہ چیز باپروردگار خود راز گوید"

---

[۵۱] فتوحات مکیہ ۱۲ -
[۵۲] تکمیل الایمان ۱۲ -
[۵۳] نفحات الانس ۱۲ -

(۵) بعض فقہائے شافعیہ نے کفارت کے بارے میں حفظ قرآن کا بھی لحاظ کیا ہے۔

چنانچہ امام شمس الدین محمد بن امام شہاب الدین احمد رملی نے نہایۃ المحتاج میں ذکر کیا ہے کہ میرے والد رحمۃ اللہ علیہ نے فتویٰ دیا ہے کہ حافظ قرآن گو قرآن کے معنی سے ناواقف ہو اسکی لڑکی کا کفو غیر حافظ نہیں ہو سکتا۔[۵۱]

شبراملسی نے نہایۃ المحتاج کے حاشیہ[۵۲] میں لکھا ہے کہ جسطرح حفظ قرآن کا اعتبار باپ میں کیا گیا ہے۔ اسیطرح بقیہ اصول میں بھی معتبر ہے۔ اور یہ بھی لکھا ہے کہ بلحاظ کفارت کے پورے قرآن کے حافظ کو نصف قرآن کے حافظ پر ہر طرح فوقیت ہے۔"

(۶) خلیفہ عمر[۵۳] بن عبد العزیز نے ایک دفعہ اپنے عاملوں کو لکھا کہ ہمارے کاموں پر سوائے اہل قرآن (حفاظ) کے کسی اور کو نہ مقرر کرو۔ عاملوں نے اسکے جواب میں لکھا کہ ہم نے ان کو مقرر کیا مگر وہ لوگ خائن ثابت ہوئے انہوں نے پھر لکھا کہ نہیں۔ سوائے اہل قرآن کے کسی اور کو نہ مقرر کرو۔ اگر ان میں خیر و بہتری نہ ہوگی تو ان کے غیر میں بدرجۂ اولیٰ نہ ہوگی"[۵۴]

(۷) فرزدق کو جریر ہمیشہ پاؤں میں بیڑی پڑنے کی عار دلایا کرتا تھا اور ہجو کیا کرتا تھا۔ لوگوں نے اسکا سبب پوچھا فرزدق نے بیان کیا کہ ایک دفعہ میں نے اپنے

---

[۵۱] نہایۃ المحتاج کی عبارت یہ ہے" افتی الوالد رحمہ اللہ تعالیٰ بان حافظ القرآن عن ظہر قلب مع عدم معرفۃ معناہ لا یکافی ابنتہ من لا یحفظہ"۱۲ [۵۲] یہ حاشیہ نہایۃ المحتاج مطبوعہ مصر کے حاشیہ پر چھپا ہے ۱۲۔

[۵۳] خلیفہ عمر بن عبد العزیز خود بھی حافظ قرآن تھے اور کمسنی میں یاد کیا تھا تاریخ الخلفاء میں ہے جمع القرآن وہو صغیر"

[۵۴] الآداب الشرعیہ ۱۲۔

والد کے ہمراہ جنگل کی طرف گیا دور سے ایک شخص نظر آیا جو ایک درخت کے نیچے بیٹھا عبادت میں مشغول تھا۔ میرے والد نے اسکو دیکھکے اپنی ہیئت بدل لی اور نہایت عجز و انکسار سے چلنے لگے جب قریب پہونچے پاؤں سے جوتا بھی نکال لیا اور اس کے پاس پہونچکر بہت ادب سے سلام کیا۔ اس نے کچھ توجہ نہ کی پھر دوبارہ سلام کیا تب اس نے سر اٹھا کے سلام کا جواب دیا۔ والد نے کہا یہ میرا بیٹا ہے شاعر ہے۔ قصیدے کہتا ہے۔ اس نے یکبارگی کہا۔ اپنے بیٹے سے کہو قرآن شریف حفظ کرلے۔ اس کے بعد میں اپنے والد کے ساتھ وہاں سے واپس آیا اور رونے لگا۔ والد نے کہا بیٹا رونے کا کیا سبب ہے میں نے عرض کیا کہ اسکا سبب یہ ہے کہ آپ اپنے زمانہ کے نامی فصیح و بلیغ اور عالم و فاضل ہو کر ایک ایسے شخص کے پاس گئے جس نے ذرا بھی آپ کی پروا نہ کی۔ انہوں نے کہا بیٹا خاموش رہو تم جانتے بھی ہو وہ کون تھے وہ حضرت علیؑ تھے میں نے کہا کیا اب انہوں نے قرآن حفظ کرنے کی تاکید کی ہے کہا ہاں۔ اس پر مجھے اتنا خیال ہوا کہ اسی وقت حفظ کرنا شروع کر دیا اور اپنے پاؤں میں اس عہد کے ساتھ بیڑی ڈال لی کہ جب تک پورا قرآن حفظ نہ ہوگا پاؤں سے بیڑی نہ نکالونگا۔ چنانچہ ایسا ہی کیا کہ جب حفظ پورا ہوگیا تب پاؤں سے بیڑی نکالی[1]

فرزدق نے ایک سال [illegible] قرآن حفظ کیا تھا [illegible] واقعہ کی طرف اپنے اس شعر میں [illegible] کیا ہے[2]

---

[1] [illegible] کتاب الا[illegible]

[2] [illegible] بخاری [illegible] لسان [illegible]

وَمَاصَبَّ رِجْلِي فِي حَدِيْدِ مُجَاشِعٍ   مَعَ الْقَيْدِ اِلَّاحَاجَةٌ لِي اُرِيْدُهَا

(۸) ابن بطوطہ نے اپنے سفرنامہ کے آخر میں لکھا ہے کہ سوڈان کے پسندیدہ افعال میں سے ایک یہ ہے کہ وہ لوگ حفظ قرآن کا بہت اہتمام کرتے ہیں چنانچہ وہ اپنی اولاد کے پاؤں میں بیڑیاں ڈال دیتے ہیں جبکہ وہ حفظ میں کوتاہی کرتی ہے اور تا وقتیکہ حفظ پورا نہ ہو لے پاؤں سے نہیں نکالتے۔ ایک دفعہ عید کے دن میں قاضی کے پاس گیا دیکھا کہ اسکے بچے پا بزنجیر ہیں۔ میں نے اس سے کہا کہ ان کو کیوں نہیں چھوڑ دیتا اس نے کہا جب تک پورا قرآن حفظ نہ ہو جائے میں نہیں چھوڑ سکتا۔ ایک دن میں نے ایک خوبصورت خوش پوشاک جوان کو دیکھا کہ اس کے پاؤں میں سنگین بیڑی پڑی ہے۔ میں نے اپنے ساتھی سے پوچھا کہ اس نے کیا کیا ہے کیا کسی کو مار ڈالا ہے؟ جوان نے میری گفتگو سنکے ھنس دیا اتنے میں مجھسے بیان کیا گیا کہ نہیں۔ اس نے قرآن حفظ کرنے کیلئے ایسا کیا ہے۔''

(۹) سید محب اللہ بلگرامی علیہ الرحمہ کو عین شباب میں حفظ قرآن کا شوق ہوا۔ انہوں نے اپنی حویلی کے بالاخانہ پر بیٹھکر چھ مہینے میں قرآن حفظ کیا اور اس عرصہ میں کبھی نیچے نہ اُترے[۱]۔

(۱۰) امام زفر رحمۃ اللہ علیہ نے اخیر عمر میں دو سال کے عرصہ میں قرآن شریف حفظ کیا تھا۔ انتقال کے بعد خواب میں دیکھے گئے اور ان کا حال پوچھا گیا تو فرمایا

---

[۱] مآثر الکرام مولفہ مولانا سید غلام علی آزاد بلگرامی قدس سرہ

اگر وہ دو سال میرے لئے نہ ہوتے تو میں ہلاک ہو جاتا[ل]۔

(۱۱) سید نور اللہ بلگرامی قدس سرہ کو راہ طریقت کے طے کرنے میں کچھ مشکل پیش آئی حضرت سید العارفین جو ایک کامل بزرگ تھے انکی خدمت میں جا کر اسکا اظہار کیا۔ حضرت نے بہت سے شغل بتلائے لیکن کسی سے عقدہ حل نہوا آخر میں فرمایا کہ جاؤ قرآن حفظ کرو۔ انہوں نے جوں ہی چند پارے حفظ کئے عقدہ حل ہو گیا حضرت کے قدموں پر آکر گر پڑے اور باقی قرآن حفظ کرنے لگے۔ ابھی پچیس پارے ہوئے تھے کہ اس اثنا میں ان کے دونوں پاؤں رات کے کثرت قیام سے سوج گئے اور اسی عارضہ میں عالم فانی سے عالم جاودانی کو چل بسے۔ مرتے وقت لوگوں نے پوچھا کہ کیا کوئی آرزو آپ کے دل میں باقی رہ گئی ہے؟ فرمایا ہاں اسکی حسرت رہ گئی کہ باقی پانچ پارے حفظ کرنے کی فرصت نہ ملی[۵]"

(۱۲) نقل ہے کہ کسی مقام پر ایک مشہور فاسق و فاجر تھا اس کے مرنے کے بعد بہت سے لوگوں نے اسکو خواب میں دیکھا کہ نہایت تکلیف میں ہے اور بہت فریاد و زاری کرتا ہے۔ اتفاقاً انہیں دنوں میں کسی بزرگ حافظ قرآن کا انتقال ہوا اور وہ بھی اسی کے پہلو میں دفن ہوئے۔ اس کے بعد پھر جو لوگوں نے اسکو خواب میں دیکھا تو آرام میں پایا۔ کسی نے خواب ہی میں اس سے سوال کیا کہ تیری تکلیف کیونکر رفع ہوئی۔ جواب دیا کہ یہ بزرگ جو میرے قریب دفن ہیں انہیں کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے اُس تکلیف کو دور کیا اور یہ آسائش نصیب کی۔ واللہ اعلم بالصواب۔

ل۵ شرح مسند امام اعظم ادنا علی قاری رحمہ اللہ الباری ۱۲ ۵۲ آثار الکرام ۱۲

(۱۳) معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ خاص مصر کا رہنے والا جب تک کہ حافظ قرآن مجید نہ ہو جامع ازہر میں داخل نہیں ہو سکتا اس سلئے مصر میں حفظ قرآن اور تجوید کا عام چرچا ہے۔

(۱۴) کتاب نزہتہ النظار میں حسب ذیل عربی اشعار مندرج ہیں۔

اشعار

بُشْرَاكَ بِالْإِسْعَافِ وَالْإِحْسَانِ
وَالْبِرِّ وَالْإِنْصَافِ وَالرِّضْوَانِ

ترا نوید حصول مقاصد و احساں
ترا نوید نکوئی و داد و استحساں

وَالْجُوْدِ مِنْ عِنْدِ الْمَلِيْكِ تَكَرُّمًا
وَتَلَطُّفًا بِكَ حَامِلَ الْقُرْآنِ

ترا نوید عطاے خدا ز روے کرم
کہ لطف اوست بروے تو حافظ قرآن

تُعْطَى الْحُبُوْرَ بِكُلِّ حَرْفٍ عَدَّ مَا
قَدْ جَاءَ مَسْطُوْرًا بِحُسْنِ بَيَانِ

دہد ثواب ترا حق بخواندن ہر حرف
بداں شمار کہ مسطور شد بحسن بیاں

مَثَلٌ[۱] بِالْأُتْرُجِّ طُعْمٌ طَيِّبٌ
كَالْعُرْفِ مَنْشُوْقٌ لِذِي إِذْعَانِ

ترنج خوش مزہ کاں را چو طیب می بوئیند
ترا مثال بداں شد برائے ذی اذعاں

يَأْتِي الْقُرْآنُ لَدَى الْجَزَاءِ مُجَادِلًا
عَنْ حَامِلِيْهِ مُخْلِصًا لِلْعَانِي

کلام پاک بوقت جزا بود حامی
برائے حافظ و مخلص برائے رنج کشاں

[۱] اس بیت میں اس حدیث کی طرف اشارہ ہے مثل المومن الذی یقرء القرآن مثل الاترجۃ ریحھا طیب وطعمھا طیب الخ امام نووی نے شرح مسلم میں لکھا ہے فیہ فضیلۃ حافظ القرآن یعنی اس حدیث میں حافظ قرآن کی فضیلت ہے۔ منہ۔

يُبْدِي السُّؤَالَ لَدَى الشَّفَاعَةِ فِي غَدٍ — فَيُشَفِّعُ الرَّحْمٰنُ بِهِ لِلسَّيِّئَانِ

سوال وقت شفاعت کند بروز جزا — کند رحیم قبولش بپے گنہگاران

فَاعْمَلْ بِهِ وَاتْبَعْ اَوَامِرَهُ الَّتِيْ — فِيْهِ وَجَنِّبْ مَوْقِعَ الْخُسْرَانِ

تو کار بند بران باش و حکم او بپذیر — نگاه دار خودت را ز موقع خسران

وَاخْلِصْ قِرَاءَتَهُ تَنَلْ مَا تَرْتَجِيْ — فَضْلًا وَّمَنًّا مِّنْ عَظِيْمِ الشَّانِ

تلاوتش ز سر صدق کن بکام رسی — بفضل و جود خدائے کریم عالی شان

باب دوم

(آداب حفاظ کے بیان میں)

باب اول سے حفاظ قرآن کے فضائل بخوبی ظاہر ہو چکے مگر چونکہ کوئی حافظ قرآن مجید مجرد حفظ سے ان تمام فضائل کا مصداق نہیں ہو سکتا جب تک کہ اسکا عمل قرآن و حدیث کے مطابق نہو اور درحقیقت حفظ قرآن کا نتیجہ یہی ہے کہ بموجب احکام قرآن عمل کیا جائے چنانچہ اتقان میں لکھا ہے کہ ایک شخص ابو الدرداء کے پاس آیا اور بیان کیا کہ میرا بیٹا حافظ قرآن ہو گیا ہے۔ انہوں نے سنکے پہلے دعا دی بعد ازاں فرمایا" قرآن دراصل اس نے حفظ کیا جس نے اس کے احکام کو مانا اور اسکی پیروی کی"۔ لہذا ہم یہاں چند فصلوں میں ان اہم باتوں کو بیان کرتے ہیں جنکی رعایت حفاظ قرآن کو لازم ہے اور جن پر کاربند ہونے سے وہ ان فضائل کے مصداق ہو سکتے ہیں۔

فصل ۱۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک روز حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے تو بلند آواز سے فرمایا۔ اے حافظ قرآن! تو گریہ وزاری کر جبکہ تمام لوگ ہنستے ہوں شب بیدار رہ جبکہ سونے والے سوتے ہوں روزہ رکھ جبکہ کھانے والے کھاتے ہوں جو کوئی تجھپر ظلم کرے اسکو معاف کر کینہ وروں کی طرح کینہ مت رکھ اور جاہلوں کی طرح جہالت مت کر"۔[۱]

---

[۱] کنز العمال ۱۲

ایک دوسری حدیث میں آیا ہے کہ قرآن اللہ کا کلام ہے اسلئے حافظ قرآن کو چاہیئے کہ اپنے رب کی نافرمانی سے ڈرتا رہے۔[۵۱]

ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حافظ قرآن کو چاہیئے کہ ان امور کو پہچانے اول رات کو جبکہ لوگ سوتے ہوں دوسرے دن کو جب کہ لوگ قصور کرتے ہوں۔ تیسرے غم کو جب کہ لوگ خوش ہوتے ہوں۔ چوتھے رونے کو جب کہ لوگ ہنستے ہوں۔ پانچویں خاموشی کو جب کہ لوگ ادھرا ودھر کی باتوں میں مصروف ہوں۔ چھٹے عاجزی کو جب کہ لوگ کبر ونخوت کرتے ہوں۔ حافظ قرآن کو سزاوار ہے کہ عاجزی ونرمی کرنے والا ہو۔ اسکو زیبا نہیں کہ جفاکار۔ جنگجو۔ شور وشغب کرنیوالا اور سخت مزاج ہو۔[۵۲]

فضیل بن عیاض فرماتے ہیں کہ حافظ قرآن کو اعلیٰ سے لے کے ادنیٰ تک کسی کا حاجتمند نہونا چاہیئے۔ بلکہ اور لوگوں کو اسکا حاجتمند ہونا چاہیئے۔ حافظ قرآن اسلام کا علم بردار ہے اسکو چاہیئے کہ قران کا لحاظ کر کے لہو ولعب سہو وغفلت میں کسی کے ساتھ شریک نہ ہو۔[۵۳]

ابو سلیمان دارانی کہتے ہیں کہ جب حافظ قرآن۔ قرآن پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرینگے تو دوزخ کے فرشتے بت پرستوں کی نسبت ان کو جلد پکڑینگے۔[۵۴]

میسرہ کا قول ہے کہ قرآن فاجر (بدکار) کے دل میں غریب یعنی اجنبی ہے۔[۵۵]

---

۵۱ کنز العمال ۱۲ منہ۔ ۵۲ احیاء العلوم امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ۔

۵۳ احیاء العلوم امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ۔ ۵۴ یہ قول احیاء العلوم میں منقول ہے اور جامع صغیر میں اسی مضمون کی ایک حدیث بھی مروی ہے جسکا شروع یہ ہے الزبانیۃ الی فسقۃ حملۃ القرآن اسرع منہم الی عبدۃ الاوثان الخ ۱۲

۵۵ احیاء العلوم ۱۲ منہ۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں کہ اے حاملانِ قرآن تم قرآن کے موافق عمل کرو کیونکہ صاحب علم وہی ہے جو اس کے مطابق عمل کرے اور اس کا عمل اسکے علم کے موافق ہو[۱]

قاری کو چاہیے کہ بلحاظ اپنے اخلاق و افعال کے اپنے غیر سے ممتاز رہے تیزی کرنے والوں کی طرح تیزی اور جہالت کرنے والوں کی طرح جہالت نہ کرے اس لئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خلق قرآن تھا کہ آپ کی خوشی و ناخوشی اسی کے اعتبار سے تھی اور صحابہ کرام میں قاری کی پہچان یہ تھی کہ اس کا رنگ زرد جسم لاغر ہوتا تھا وہ گریہ وزاری بہت کرتا تھا وہ روتا تھا جبکہ لوگ ہنستے تھے وہ آزردہ خاطر رہتا تھا جبکہ لوگ خوش رہتے تھے وہ عاجزی کرتا تھا جبکہ لوگ تکبر و غرور کرتے تھے وہ روزہ رکھتا تھا جبکہ لوگ بے روزہ رہتے تھے[۲]

کنانہ عدوی سے مروی ہے کہ حضرت عمر رضہ نے ایک دفعہ افسران فوج کو نامہ بھیجا کہ جو لوگ فوج میں حافظ قرآن ہوں ان کو پیش کرو تاکہ بیت المال سے وظیفہ مقرر کرکے ان کو اطراف و جوانب میں تعلیم و تلقین کے لئے روانہ کیا جائے اس کے جواب میں حضرت اشعری رضہ نے لکھا کہ ہمارے ہاں حفاظ کی تعداد تین سو سے زیادہ ہے۔ حضرت عمر رضہ نے لکھا۔

نامۂ حضرت عمر رضہ

" تین سو سے زیادہ ہمراہی حفاظ کو سلام کے بعد

" منجانب عمر۔ عبداللہ بن قیس اور اون کے ہمراہی حفاظ کو سلام کے "

" بعد معلوم ہو کہ یہ قرآن تمہارے لئے موجب اجر و شرف و ذخیرۂ آخرت "

" ہے۔ تم لوگ اسکی اتباع کرو جو شخص اس سے روگردانی کریگا۔ گدی کے بل "

[۱] تاریخ الخلفاء امام جلال الدین سیوطی ۱۲

[۲] شرعۃ الاسلام ۱۲

" آگ میں ڈالا جائے گا۔ اور جو پیروی کریگا وہ جنت الفردوس "
" میں جائیگا۔ تم کو چاہیئے کہ اسکی پیروی کر کے اسکو اپنا شافع بناؤ اور "
" شکایت کرنے والا نہ بناؤ کیونکہ قرآن جسکی شفاعت کرے گا وہ جنت "
" میں جائیگا اور جسکی شکایت کریگا وہ دوزخ میں جائیگا۔ یاد رکھو۔ قرآن "
" ہدایتوں کا چشمہ علم کی رونق ہے اور تمام کتب منزلہ کی نسبت اللہ کے "
" ساتھ اسکا عہد جدید ہے۔ اس کے ذریعہ سے اللہ تعالیٰ اندھی "
" آنکھوں۔ بہرے کانوں اور پردہ پڑے ہوئے دلوں سے پردہ اوٹھاتا "
" ہے۔ یاد رکھو جب بندہ رات کو اٹھکر مسواک اور وضو کر کے اللہ اکبر "
" کہتا اور قرأت شروع کرتا ہے تو اللہ تعالےٰ اپنا منھ اس کے منھ "
" پر رکھکر کہتا ہے۔ تلاوت کر تلاوت۔ پس تو پاکیزہ ہوا ہے "
" تیرے لئے خوشخبری ہے۔ اگر وضو کرتا ہے اور مسواک نہیں کرتا تو "
" اسکو بھی نگاہ رکھتا ہے۔ فرو گذاشت نہیں کرتا۔ یاد رکھو نماز میں "
" قرآن کا پڑھنا مخفی خزانہ اور اچھا ذخیرہ ہے۔ اس لئے جہانتک "
" ہوسکے اسکی کثرت کرو۔ نماز نور ہے۔ زکوٰۃ برہان ہے۔ صبر ضیا ہے "
" روزہ سپر ہے۔ اور قرآن یا تو تمھارے موافق حجت ہے یا تمھارے "
" مخالف۔ پس قرآن کی تعظیم کرو اور اسکی اہانت نکرو کیونکہ اللہ تعالیٰ "
" اسکی عظمت کرنے والے کی عظمت اور اسکی اہانت کرنے والے کی "
" اہانت کرنے والا ہے۔ یاد رکھو جس نے اسکی تلاوت کی اسکو حفظ کیا "
" اور اس کے احکام کی تعمیل و پیروی کی اسکی ایک دعا خدا کے نزدیک مقبول ہے "

" اگر چاہے گا دنیا ہی میں اسکو ظاہر کر دیگا نہیں تو ذخیرۂ آخرت بنائیگا۔ "
" یہ بھی سمجھ لو کہ جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ بہتر اور پائدار ہے ان لوگوں "
" کے لئے جو اپنے رب پر ایمان لائے اور اسی پر بھروسہ کرتے ہیں [۱] "

فصل ۲۔ حافظ قرآن کو چاہیئے کہ ان دو باتوں کا بھی ضرور خیال رکھے۔ اوّل یہ کہ فن قرارت سے واقف ہو کیونکہ قرآن کا پوری صحت کے ساتھ پڑھنا بغیر اس کے ممکن نہیں اور قرآن کی تلاوت کا ثواب اسی صورت میں ہوتا ہے جبکہ اس میں صحت کا خیال رکھا جائے۔ دوم یہ کہ کوشش کرے کہ جسطرح اسکو قرآن کے الفاظ زبانی یاد ہیں اسی طرح اسکے معانی و مطالب بھی ذہن نشین ہوں کیونکہ غرض الٰہی کلام پاک کے نازل کرنے سے یہی ہے کہ اس کے بندے اس کے مطالب میں غوص و فکر کریں اپنے اخلاق و عادات کو اس کے مطابق بنائیں اس کے اوامر پر کاربند۔ نواہی سے محترز ہوں۔ اور یہ باتیں نہیں حاصل ہو سکتیں۔ جب تک کہ قرآن کے معانی و مضامین اچھی طرح سمجھ میں نہ آجائیں۔ خدا کے فضل سے یہ بات اس زمانہ میں چنداں مشکل نہیں ہے۔ علمائے کرام نے مروجہ زبانوں میں قرآن کی صدہا تفسیریں لکھ ڈالی ہیں اور ابھی تک لکھتے جاتے ہیں۔ اس کے مختلف ترجمے موجود ہیں جس سے مطالب قرآن کی فی الجملہ اطلاع ہو سکتی ہے۔ قرآن مجید کی تلاوت کا افضل طریقہ بھی یہی ہے کہ اس کے معنی میں غور و فکر کرکے اور سمجھ سمجھ کے پڑھا جائے۔

فصل ۳۔ حافظ قرآن کو چاہیئے کہ قرآن کی تلاوت میں ایسی غفلت

[۱] کنز العمال ۱۲

سستی نہ کرے جس سے اس کے بھول جانے کا اندیشہ ہو۔ نسائی میں ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت نے فرمایا کہ صاحب قرآن عقال میں بندھے ہوئے اونٹ کے مالک کی طرح ہے کہ اگر اس کی محافظت کرتا رہا تو وہ قابو میں رہا اور اگر چھوڑ دیا تو ہاتھ سے جاتا رہا۔ مشکوٰۃ میں ابوموسیٰ اشعریؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت نے فرمایا کہ اے لوگو! تم قرآن کی محافظت کرو کیونکہ وہ تمہارے سینوں سے نکلنے میں عقال میں بندھے ہوئے اونٹوں کے بھاگنے سے زیادہ سخت ہے۔

واضح رہے کہ قرآن یاد کرکے بھولنا گناہ کبیرہ ہے۔ مولانا شاہ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمہ اشعۃ اللمعات میں لکھتے ہیں "فراموش کردن قرآن را بعد از حفظ از کبائر شمردہ اند و وعید دریں باب بسیار است۔"

ایک حدیث میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت کی نیکیاں مجھ پر پیش کی گئیں یہانتک کہ وہ بھی جو آدمی مسجد سے کوڑا کرکٹ نکالتا ہے اور میری امت کے گناہ بھی پیش کئے گئے مگر میں نے اس سے بڑھکر کوئی گناہ نہیں دیکھا کہ آدمی قرآن کی کوئی سورہ یا آیت یاد کرکے بھول جائے جیسا کہ ابوداؤد و ترمذی نے روایت کی ہے اور دوسری حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص قرآن پڑھکر بھول جائیگا وہ اللہ سے ایسی حالت میں ملاقات کریگا کہ اجذم ہوگا یعنی اس کا ہاتھ کٹا ہوگا یا مارے شرم کے سرنگوں ہوگا یا جذامی کی ہیئت میں ہوگا۔ جیسا کہ ابوداؤد و دارمی نے روایت کی ہے۔[1]

---

[1] کبیری شرح منیۃ المصلی ۱۲

لیکن یہ بھی خیال رہے کہ بھولنے سے مراد ہمارے نزدیک یہ ہے کہ قرآن دیکھکر بھی نہ پڑھ سکے اور امام شافعی رحمہ کے نزدیک یہ ہے کہ زبانی نہ پڑھ سکے جیسا کہ مرقات شرح مشکوٰۃ میں مصرح ہے[۵۵]۔

(تنبیہ) واضح ہو کہ شرعۃ الاسلام میں مذکور ہے کہ کہا گیا ہے کہ بندہ قرآن میں سے کچھ نہیں بھولتا مگر ارتکاب معصیت کے سبب سے۔ پس حافظ قرآن کو ہمیشہ اسکا بہت خیال رکھنا چاہیئے کہ کوئی ایسا گناہ نہ ہونے پائے جس کے باعث یہ نعمت عظمیٰ دل سے سلب کر لی جائے۔

حکایت۔ کہتے ہیں کہ امام ابوعمرو قرآن پڑھایا کرتے تھے۔ ایک بار ایک بے ڈاڑھی مونچھ کا خوبصورت لڑکا ان کے پاس آیا اور کہا کہ آپ مجھے بھی قرآن پڑھائیے ابوعمرو نے اس کی طرف خیانت کی نظر سے نگاہ کی۔ الف الحمد سے لیکر سین من الجنۃ والناس تک تمام کلام مجید بھول گئے۔ ان میں ایک طرح کا جوش پیدا ہوا اور بے قرار ہوئے۔ حضرت حسن کے پاس گئے آپ نے فرمایا کہ اب حج کا زمانہ قریب ہے جاکر حج کرو۔ جب حج سے فارغ ہو چکو مسجد خیف میں جاؤ وہاں ایک بوڑھے شخص محراب میں بیٹھے ہوئے ملیں گے انکا وقت ضائع نکرنا۔ جب تک اوراد و وظائف میں مصروف رہیں توقف کرو جب فارغ ہو جائیں تو ان سے دعا کی درخواست کرنا۔ ابوعمرو نے ایسا ہی کیا اور مسجد کے ایک کونے میں جا بیٹھے دیکھا کہ ایک شوکت و رعب والا ہے اور اس کے گرد بہت سے لوگ بیٹھے ہیں۔ جب تھوڑی دیر گزری ایک مرد سفید پوش نہایت پاکیزہ

---

[۵۵] مرقات کی عبارت یہ ہے ثم نسیانہ ای بالنظر عندنا وبالغیب عند الشافعی ۱۲

لباس پہنے ہوئے وہاں آیا۔ لوگ اس کے سامنے گئے اور سلام کرکے آپس میں بات چیت کرنے لگے۔ جب نماز کا وقت آیا وہ مرد چلا گیا اور لوگ بھی اس کے ہمراہ چلے گئے۔ وہ بوڑھے شخص تنہا رہ گئے۔ ابو عمرو کہتے ہیں کہ میں انکے پاس گیا اور سلام کرکے عرض کیا کہ خدا کے واسطے میری فریاد کو پہونچئے۔ پھر اپنا مفصل حال بیان کیا وہ سنکر غمناک ہوئے اور کن انکھیوں سے آسمان کی طرف نظر کی۔ ابھی انہوں نے سر آگے کیطرف نہیں جھکایا تھا کہ سارا قرآن شریف مجھ پر کشف ہوگیا۔ ابو عمرو کہتے ہیں کہ میں خوشی کے مارے اُن کے قدموں پر گر پڑا۔ اُن بزرگ نے مجھسے پوچھا کہ تجھے میرا پتہ کس نے بتلایا میں نے کہا حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے

حکایت - ابو عبد اللہ جلا رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ایک روز میں نے ایک جوان صاحب جمال ترسا کو دیکھا اس قدر حسین وجمیل تھا کہ میں اُسے دیکھکر حیران رہگیا۔ اور اسکے روبرو کھڑا ہوکے اسکو دیکھنے لگا۔ اتفاق سے حضرت جنید رحمۃ اللہ علیہ کا مجھ پر گزر ہوا۔ میں نے ان سے عرض کیا استاد! کیا ایسی صورت دوزخ کی آگ میں جلیگی۔ اُنہوں نے مجھسے فرمایا کہ یہ نفس کا فریب اور شیطان کا جال ہے کہ تجھکو یوں لبھا رہا ہے۔ یاد رکھ یہ نظارۂ شہوت ہے نظارۂ عبرت نہیں اگر نظارہ عبرت ہوتا تو اٹھارہ ہزار عالم میں بہت سے عجائبات ہیں توان سے عبرت حاصل کرتا۔ کچھ نہیں یہ مکر و فریب ہے قریب ہے کہ تو اس بیحرمتی اور نظارہ کی سزا میں گرفتار ہو۔ ابو عبد اللہ فرماتے ہیں کہ حضرت جنید رح کا یہ کہکر چلنا تھا کہ میں قرآن بھول گیا۔ پھر میں نے برسوں حق تعالیٰ سے مدد چاہی اور آہ و زاری

ف انوار الاذکیا ترجمہ تذکرۃ الاولیا ۱۲

سے کے ساتھ توبہ کی تب حق تعالیٰ نے اپنے فضل سے پھر قرآن حفظ کرا دیا۔ اب مدت ہوگئی کہ میں کسی چیز کی طرف التفات کرنے کی قدرت نہیں رکھتا کیونکہ کسی چیز کی طرف نظر کرنا اپنے اوقات کا برباد کرنا ہے[۱]۔"

حکایت ۔ کہتے ہیں کہ ابن سقا جو کہ حافظ تھا نصرانی ہوگیا اور اسی اعتقاد پر اس کا خاتمہ بھی ہوا لوگوں نے مرض الموت میں اس سے پوچھا کہ اب بھی تجھکو قرآن یاد ہے؟ اس نے کہا کچھ نہیں سوائے اس آیت کے رُبَمَا یَوَدُّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَوْکَانُوْ مُسْلِمِیْنَ[۲]۔"

فصل ۴ ۔ علماء نے لکھا ہے کہ حافظ قرآن کو چاہیئے کہ ہر چالیس روز میں قرآن کا ایک ختم کیا کرے جیسا کہ فتاوی قاضی خاں میں لکھا ہے۔

قالوا وینبغی لحامل القرآن ان یختم القرآن فی کل اربعین یوما مرۃ	علماء نے کہا ہے کہ حافظ قرآن کو سزاوار ہے کہ ہر چالیس دن میں ایک مرتبہ قرآن ختم کرتا رہے۔

ابوداؤد و ترمذی میں مروی ہے کہ آنحضرت نے عبداللہ بن عمر کو فرمایا کہ تم چالیس روز میں قرآن ختم کیا کرو" لیکن اگر چالیس روز سے کم مدت میں ختم کرے تو اور اچھا ہے۔ جیسا کہ مجمع البحار میں مذکور ہے۔

اقرءوا القرآن فی کل شھر اشارۃ الی التدبر فیہ والمختار تکثیرہ الی حیث یمکنہ	اس حدیث میں کہ قرآن کو ہر ایک مہینے میں ختم کرو اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ قرآن میں تدبر کرنا چاہیئے اور مختار

[۱] انوار الاذکیا ۱۲ [۲] نفحات الانس ۱۲

یہ ہے کہ جتنی مدت میں ختم کرنا تدبر کیساتھ ممکن ہے اتنی مدت میں ختم کیا جا سکتا ہے	سنت ہوگا

بعض حدیثوں سے بظاہر تین دن سے کم میں ختم کرنے کی ممانعت پائی جاتی ہے جیسا کہ مشکوٰۃ میں عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے کہ آنحضرتؐ نے فرمایا جس نے تین دن سے کم میں قرآن پڑھا اس نے اسکو نہیں سمجھا"

مرقات میں لکھا ہے کہ ایک جماعت سلف کی ظاہر حدیث پر چلی ہے وہ قرآن کو ہمیشہ تین دن میں ختم کیا کرتی تھی اور تین دن سے کم میں ختم کو مکروہ جانتی تھی مگر اوروں نے اسکو نہیں لیا اس لئے کہ اصولیین کے نزدیک اصح یہ ہے کہ مفہوم عدد حجت نہیں۔ بعضوں نے رات دن میں ایک ختم کیا۔ بعضوں نے دو، بعضوں نے تین اور ایک رکعت میں بے شمار لوگوں نے پڑھا ہے"

ذیل میں تمثیلاً چند بزرگوں کا ذکر کیا جاتا ہے جنھوں نے قلیل مدت میں قرآن ختم کیا ہے۔

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے ایک رکعت میں پورا قرآن شریف پڑھا ہے۔ (تبییض الصحیفہ)

سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ نے کعبہ کے اندر پورا قرآن ایک رکعت میں پڑھا ہے۔ (ترمذی)

تمیم داری رضی اللہ عنہ نے بھی ایک رکعت میں پورا قرآن پڑھا ہے۔ (تبییض الصحیفہ)

امام اعظم ابوحنیفہ علیہ الرحمہ تمام رات بیدار رہا کرتے اور ایک رکعت میں پورا قرآن ختم کرتے تھے۔ تیس سال تک یہی معمول رہا۔ (مقدمہ عمدۃ الرعایہ)

... [illegible] ختم قرآن کا اس طریقہ سے کیا کرتے تھے کہ دن کو ایک ختم رات کو ایک ختم اور روزانہ تراویح میں [illegible]

امام شافعی[۵] علیہ الرحمہ ہر مہینے میں تیس ختم اور ماہ رمضان میں ساٹھ ختم ایک دن کو اور ایک رات کو کیا کرتے تھے (مناقب الشافعی)

حضرت غوث اعظم[۶] نے پندرہ برس بعد نماز عشا ایک پیر سے کھڑے ہو کر صبح تک قرآن مجید ختم کیا ہے (تحفہ گیارہویں[۵۱])

محمود بن یوسف بن معدان[۷] باوجود کسب وعمل کے ہر روز ایک ختم کیا کرتے تھے (نفحات الانس)

خواجہ[۸] خدیفہ مرعشی رح ہر رات کو ایک ختم کیا کرتے تھے۔ (انوار العارفین)

شیخ[۹] ابوالحسن ہنکاری رح نماز عشا کے بعد سے نماز تہجد تک دو ختم پڑھا کرتے تھے (انوار العارفین)

خواجہ[۱۰] ابو احمد چشتی رح دن کو ایک ختم اور رات کو دو ختم کرتے تھے۔ (انوار العارفین)

سلیم[۱۱] ایک شب میں تین ختم پڑھا کرتے تھے (عینی شرح صحیح بخاری)

محمد[۱۲] بن فاذو رح ہر روز تین ختم قرآن کا ورد رکھتے تھے (نفحات الانس)

خواجہ[۱۳] یوسف رح رات دن میں پانچ ختم کیا کرتے تھے[۵۲] (انوار العارفین)

ابن[۱۴] کاتب صوفی رح چار ختم دن کو اور چار رات کو کیا کرتے تھے (مرقات)

شیخ[۱۵] موسی سدرانی رح رات دن میں ستر ختم کیا کرتے تھے[۵۳]۔ (مرقات)

---

[۵۱] مولفہ جناب مولوی حکیم محمد رشید صاحب فتحپوری ۱۲ [۵۲] خواجہ یوسف علیہ الرحمہ کو قرآن حفظ نہیں تھا اس لئے مغموم رہا کرتے تھے ایک رات اپنے پیر خواجہ ابو محمد کو خواب میں دیکھا انہوں نے فرمایا کہ سورۂ فاتحہ سو بار پڑھو۔ اس سے مراد بر آئیگی فی الواقع اس کے پڑھنے سے انکو سارا قرآن حفظ ہو گیا (نوبالعارفین)

[۵۳] اس کے متعلق اگر تحقیق منظور ہو تو مرقات کا مطالعہ کیا جائے ۱۲

علاوہ ان بزرگوں کے اور بشیار اکابرین سے کم مدت میں ختم کرنا منقول ہے مگر انکا ذکر یہاں بخوف طوالت نہیں کیا جاتا جسکو زیادہ کا شوق ہو بزرگوں کے سیر و تراجم کی طرف رجوع کرے۔

مالا بد منہ میں لکھا ہے کہ مستحب یہ ہے کہ ہر روز اتنا پڑھے جس پر مداومت کر سکے مہینے میں ایک یا دو یا تین ختم کرے اور اکثر صحابہ کرام سات راتوں میں ختم کیا کرتے تھے۔"

سراج القاری میں ہے کہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ شب جمعہ کو قرآن شریف شروع کرتے اور شب پنجشنبہ کو ختم کرتے تھے اسی لئے قرآن شریف سات منزل کیا گیا (۱) سورۂ فاتحہ سے سورۂ نساء تک (۲) سورۂ مائدہ سے سورۂ توبہ تک (۳) سورۂ یونس سے سورۂ نحل تک (۴) سورۂ بنی اسرائیل سے سورۂ فرقان تک (۵) سورۂ شعراء سے سورۂ یٰس تک (۶) سورۂ والصفات سے سورۂ حجرات تک (۷) سورۂ ق سے آخر تک۔"

الغرض چالیس روز یا اس سے کم میں ختم کرنا چاہیئے اور ایسا ہرگز نہ کرنا چاہیئے کہ سال بھر تک قرآن کی تلاوت چھوڑ بیٹھے اور رمضان آئے تو اس کا دور شروع کرے۔

رسالہ **البیان الجزیل** میں لکھا ہے کہ اس زمانہ کے اکثر حفاظ اس بلا میں مبتلا ہیں۔ اکثر فخریہ کہتے ہیں کہ ہمیں سال بھر پڑھنے کا اتفاق نہیں ہوتا مگر رمضان میں سنا دیتے ہیں۔ مقصود یہ کہ لوگ کہیں آپ کا حافظہ بہت اچھا ہے اور یہ نہیں سمجھتے کہ حفظ کلام اللہ کا فائدہ تو یہی ہے کہ بکثرت تلاوت کیجائے نہ یہ کہ

نمائش کرکے اور اپنی تعریف کراکے مستحق جہنم ہوے۔

(تنبیہ) رسالۂ مذکور میں مرقوم ہے کہ حافظ قرآن کو چاہیئے کہ جس قدر قرآن مجید تلاوت کرنا ہو تہجد میں پڑھے[1] صحابہ۔ تابعین اور بزرگان سلف کی علی العموم یہی عادت تھی کہ تہجد میں ہی قرآن مجید پڑھا کرتے تھے۔

فصل چند مسائل جو حفاظ قرآن کے حسب حال ہیں ذیل میں لکھے جاتے ہیں۔ انکا بھی لحاظ رکھنا چاہیئے۔

مسئلہ ۱۔ قرآن کا زبانی پڑھنا بلا وضو بھی جائز ہے جیسا کہ عام کتب فقہ میں مذکور ہے لیکن اگر باوضو پڑھے تو اچھا ہے جیسا کہ بعض کتابوں میں منقول ہے۔

مسئلہ ۲۔ خروج ریح کی حالت میں زبانی بھی نہ پڑھنا چاہیئے۔ اتنی دیر توقف کرنا چاہیئے جیسا کہ اتحاف السادہ میں مرقوم ہے۔

مسئلہ ۳۔ سواری پر اور پیادہ چلتے ہوے قرآن شریف پڑھنے میں مضائقہ نہیں مگر نجاست کی جگہ پڑھنا مکروہ ہے (قنیہ)

مسئلہ ۴ لیٹے لیٹے قرآن پڑھنے میں کوئی حرج نہیں مگر پڑھتے وقت اپنے [illegible] پاؤں کو سمیٹے رہنا چاہیئے۔ (خزانۃ الروایات)

مسئلہ ۵۔ عورت سوت کاتتے وقت اور مرد کپڑا بنتے وقت قرآن پڑھے تو جائز ہے۔ بشرطیکہ دل حاضر رہے۔ اسیطرح اور پیشہ ور اپنا پیشہ کرتے وقت قرآن پڑھ سکتا ہے۔ بشرطیکہ اوس سے کچھ خلل نہو۔

---

[1] حدیث شریف میں بھی آیا ہے کہ قرآن کا نماز میں پڑھنا غیر نماز میں پڑھنے سے افضل ہے جیسا کہ مشکوٰۃ میں منقول ہے

(خزانۃ الروایات)

مسئلہ[۶]۔ قبر کے پاس قرآن پڑھنا امام اعظمؒ کے نزدیک مکروہ ہے اور امام محمد رحؒ کے نزدیک مکروہ نہیں۔ اور فتویٰ اسی پر ہے۔ (فتاوی عالمگیری)

باقی اور مسائل قرات و آداب تلاوت کو دوسری کتابوں میں دیکھنا چاہیئے یہاں نہ انکی تفصیل کی گنجایش ہے اور نہ یہ اُس کا محل ہے۔

فصل[۶]۔ جسطرح تمام عبادات میں اجر و ثواب کے لئے خلوص نیت شرط ہے اسی طرح قرآن کی تلاوت و حفظ میں بھی شرط ہے۔ لہذا عموماً ہر مسلمان اور خصوصاً حفاظ قرآن کو چاہیئے کہ قرآن کی تلاوت وغیرہ میں خاص رضاے الٰہی کی نیت رکھیں۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو شخص قرآن فی سبیل اللہ پڑھے گا وہ گروہ صدیقین و شہداء و صالحین کے ہمراہ ہوگا اور یہ لوگ کیسے اچھے ساتھی ہیں[۱]۔

غرض یہ کہ اس کام میں اپنی نمائش یا دنیاوی اغراض کو دخل نہیں دینا چاہیئے صحیح حدیث میں آیا ہے کہ قیامت کے روز اللہ تعالےٰ ایک قاری سے کہیگا کہ میں نے تجھے جو نعمتیں دی تھیں تو نے ان کے شکریہ میں کیا کام کیا وہ کہیگا میں نے قرآن پڑھا اور پڑھایا۔ اللہ تعالےٰ فرمائیگا تو جھوٹا ہے۔ اس لئے نہیں پڑھا تھا بلکہ اس لئے پڑھا تھا کہ تو قاری کہلائے سو کہا گیا۔ پھر حکم ہوگا کہ اسکو منہ کے بل گھسیٹ کر جہنم میں ڈالدو[۲]۔

---

[۱] تفسیر اتقان ۱۲ [۲] رسالہ البیان الجزیل ۱۲

مشکوٰۃ شریف میں حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے
کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی قرآن اس غرض سے پڑھے
کہ بذریعہ اس کے لوگوں سے کھانا طلب کرے وہ قیامت کے روز
اس حال میں ہوگا کہ اس کا چہرہ صرف ہڈی ہی ہڈی رہے گا۔ اس پر
گوشت کا نام نہ ہوگا یعنی نہایت ذلیل و خوار ہوگا"

مرقاۃ میں لکھا ہے کہ چونکہ اس نے اشرف چیز (کلام اللہ) اور بزرگ عضو (دل) کو ایک ادنیٰ
و ردی چیز کے حصول کا ذریعہ بنایا اس لئے وہ قیامت کے روز نہایت قبیح
صورت اور بدتر حالت میں ہوگا"

ایک حدیث میں آیا ہے کہ قرآن سیکھو اور اس سے جنت طلب
کرو۔ قبل اس کے کہ اس کے ذریعہ سے دنیا طلب کی جائے۔ کیونکہ قرآن
تین قسم کے لوگ پڑھینگے۔ بعض فخر و مباہات کے لئے۔ بعض حصول
معاش کے لئے اور بعض خدا کی خوشنودی کے لئے[51]"

ایک دوسری حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص کسی امیر کے پاس قرآن
پڑھیگا اللہ تعالیٰ اس پر ہر ایک حرف کے بدلے جو اس نے اس کے
پاس پڑھا ہوگا ایک لعنت اور اس امیر پر دس لعنتیں بھیجیگا اور قرآن مجید
قیامت کے روز اس سے جھگڑا کریگا۔ پس وہ دونوں اپنی موت کو پکاریگا
اس پر اس سے کہا جائے گا کہ ایک ہی بلا کو نہیں بہت سی ہلاکیوں کو
پکارو[52]" ظاہر ہے کہ یہ وعید اسی صورت میں ہے جبکہ قاری و امیر کی اس میں

[51] کنز العمال ۱۲   [52] کنز العمال ۱۲

کوئی دنیاوی غرض ہو اور اس سے خوشنودی خدا و ثواب آخرت مطلوب نہ ہو۔

استیجار بالقرآن کا مسئلہ مختلف فیہ ہے یہاں اس کی تفصیل کی گنجائش نہیں جسکو اس کی تحقیق منظور ہو۔ فتح القدیر[1]۔ عینی شرح ہدایہ[2] شامی[3]۔ فتاوی تنقیح حامدیہ[4]۔ جوہرۂ نیرہ[5]۔ سراج الوہاج[6]۔ تفسیر عزیزی[7] رسالہ مفتی حمزہ[8]۔ رسالہ علامہ شامی[9] وغیرہ سے تحقیق کرے۔

بہرحال اس میں شک نہیں کہ احتیاط پر عمل کرنا بہتر ہے لہذا ہر مسلمان خصوصاً حافظ قرآن کو چاہیے کہ جہاں تک ہو احتیاط کرے۔ دنیا میں گزر اوقات کی ہزاروں صورتیں ہیں ان میں سے کوئی صورت اپنی حیثیت و شان کے لائق اختیار کرے۔ علمائے [illegible] اولیائے کرام ہمیشہ سے احتیاط کرتے آئے ہیں اور قرآن کی حرمت [illegible] پاس کیا ہے۔

حکایت: ابوشامہ [illegible] کہتے ہیں کہ [illegible] میں جیسا کہ [illegible] تقوی [illegible] سے اجتناب کا [illegible] تھا [illegible] کسی [illegible] میں قرآن [illegible] تھا یہاں تک کہ [illegible] کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ حمزہ [illegible] سخت گرمی کے زمانہ [illegible] [illegible] پانی [illegible] سے حاضر کیا [illegible] حضرت [illegible] سے [illegible] قرآن پڑھا [illegible] [illegible] گئے

[illegible] رسالہ [illegible]

حکایت۔ خزانۃ الروایات میں بعض کتابوں سے منقول ہے کہ امام اعظم علیہ الرحمہ نے اپنے صاحبزادہ حماد کو ایک معلم کے سپرد کیا۔ معلم جب الحمد للہ سکھا چکا آپ نے پانسو درم اس کے پاس بھیجدیے۔ معلم اس سے بہت خوش ہوا۔ آپ یہ بات سنکر بہت ناراض ہوئے حماد کا بھیجنا موقوف کر دیا۔ اور فرمایا کہ اس کے نزدیک قرآن مجید کی کچھ وقعت نہیں۔

حکایت۔ ابو نصر سراج علیہ الرحمہ ایک بار ماہ رمضان المبارک میں بغداد پہونچے۔ لوگوں نے آپکو مسجد شونیزیہ میں ایک خلوتخانہ دیا اور درویشوں کا امام بنایا۔ آپنے عید تک درویشوں کی امامت کی اور تراویح میں پانچ قرآن ختم کئے۔ خادم ہر رات کو ایک ٹکیا آپکے حجرے کے دروازہ پر رکھجاتا آپ اٹھاکر اندر ایک کونے میں رکھدیتے۔ جب عید کی نماز پڑھکر آپ کہیں کو راہی ہوئے تو لوگ گیا دیکھتے ہیں کہ تیسوں ٹکیاں ایک کونے میں دھری ہیں سب متعجب رہ گئے۔

(**تنبیہ**) بعض جگہ دیکھا گیا ہے کہ بعض حفاظ ایک ایک رات میں دو دو تین تین ختم تراویح پڑھاتے ہیں اور یہ مشقت محض اپنی ذاتی [illegible] کے لئے اٹھاتے ہیں۔ ایسا نہیں کرنا چاہیئے۔ کتب فقہ میں اس کی ممانعت ہے

[illegible]

[illegible] بھی [illegible] نہیں کہ ایک [illegible] مسجدوں میں

---

۵ انزایا [illegible] کیا [illegible]

مسبوق فی کل مسجد علی الکمال لا یجوز کذا فی محیط السرخسی والفتوی علی ذالک کما فی المضمرات.	پوری تراویح پڑھائے جیسا کہ محیط سرخسی میں ہے اور فتویٰ اسی قول پر ہے جیسا کہ مضمرات میں ہے۔

بعض حفاظ ایسا بھی کرتے ہیں کہ ماہ رمضان میں کئی ختم کرتے ہیں۔ اس صورت میں اگر مقتدی جداگانہ نہوں تو کوئی مضائقہ نہیں لیکن اگر ہر ختم میں مقتدی جداگانہ ہوں تو بعض فقہا کا خیال ہے کہ دوسرے ختم کے مقتدی کو ختم مسنون کا ثواب نہیں ہوتا۔ نماز نفل کا ثواب ہوتا ہے کیونکہ امام کی سنت پہلے ہی ختم سے ادا ہوگئی۔ یہ دوسرا ختم اس کے حق میں نفل ہے اور بعضوں کی رائے ہے کہ نہیں۔ ختم مسنون کا ثواب ہوگا۔ اس مسئلہ کو استاذ الاستاذ جناب مولانا ابوالحسنات محمد عبدالحی لکھنوی فرنگی محلی قدس سرہ نے اپنے فتاوی میں صراحت سے بیان کیا ہے اور کتاب خزانۃ الروایات میں بھی اس کی تفصیل ہے۔

بعض بعض مقامات پر دیکھا گیا کہ نابالغ حافظ کو تراویح میں بالغوں کا امام بناتے ہیں۔ اس مسئلہ میں بھی اختلاف ہے۔ اکثر فقہا عدم جواز کے قائل ہیں اور بعض اس کو جائز رکھتے ہیں جیسا کہ کتاب نفع المفتی والسائل میں مصرح ہے۔ پس حفاظ قرآن کو ان امور کا ضرور خیال رکھنا چاہیے۔ اور عام مسلمانوں کو بھی ان مسائل سے آگاہ ہونا ضرور ہے۔

الغرض جہاں تک ہو سکے راجح اور قوی روایات پر عمل کرنے کی کوشش کیجائے۔

خاتمہ

(چند ہدایات کے بیان میں)

(۱) اگرچہ حفظ قرآن کے لئے کسی سن کی قید نہیں ہے۔ ہر عمر میں آدمی حفظ کر سکتا ہے لیکن بہتر یہی ہے کہ اپنی اولاد کو بچپن ہی سے حفظ کرایا جائے کیونکہ بچپن کا حفظ کیا ہوا النقش فی الحجر کی شان رکھتا ہے۔ اسی مصلحت سے فقہائے کرام نے لکھا ہے کہ نابالغ بچوں کو بلا وضو بھی مس قرآن جائز ہے جیسا کہ عام کتب فقہ میں مصرح ہے۔

(۲) جو شخص قرآن حفظ کرنے کا ارادہ کرے اس کو چاہیئے کہ اس سے خاص رضائے الٰہی کی نیت رکھے۔ اپنے نام ونمود یا کسی اور دنیاوی غرض سے حفظ نہ کرے ورنہ یہ حفظ اس کے حق میں قیامت کے روز وبال جان ہوگا جیسا کہ باب دوم میں بیان کیا گیا۔

(۳) حافظ قرآن اور حفظ کرنے والے کو ان امور کا پابند رہنا چاہیئے جنکی رعایت حفاظ قرآن کو لازم ہے۔

(۴) جو چیزیں موجب نسیان[۱] ہیں ان سے پرہیز کرے اور جن سے قوت حافظہ میں ترقی ہوتی ہے انکو عمل میں لائے۔

بعض علما[۲] سے منقول ہے کہ جو شخص اس دعا کو پڑھے گا اُسکو کبھی نسیان نہ ہوگا۔

---

[۱] علامہ شامی نے بعض اسباب نسیان کو ردالمحتار جلد اول بیان سُور میں ذکر کیا ہے ۱۲ منہ

[۲] مجربات دیربی ۱۲

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ عَلَيَّ فُتُوْحَ الْعَارِفِيْنَ بِحِكْمَتِكَ وَانْشُرْ عَلَيَّ رَحْمَتَكَ وَذَكِّرْنِيْ مَا نَسِيْتُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

بعض نے ذکر کیا ہے کہ ابیات ذیل کا ہمیشہ پڑھنا دفع نسیان و قوت حافظہ کے لئے مفید ہے۔

ابیات

کَلَامٌ قَدِیْمٌ لَا یُمَلُّ سَمَاعُهٗ	تَنَزَّهَ عَنْ قَوْلٍ وَفِعْلٍ وَنِیَّةٍ
بِهٖ اَشْتَفِیْ مِنْ کُلِّ دَاءٍ وَنُوْرُهٗ	دَلِیْلٌ لِقَلْبِیْ عِنْدَ جَهْلِیْ وَحَیْرَتِیْ
فَیَا رَبِّ مَتِّعْنِیْ بِسِرِّ حُرُوْفِهٖ	وَنَوِّرْ بِهٖ قَلْبِیْ وَسَمْعِیْ وَمُقْلَتِیْ

(۵) ہر روز جتنی آیتیں یاد ہو سکیں یاد کرے لیکن شرعۃ الاسلام میں لکھا ہے بہتر یہ ہے کہ ہر روز صرف پانچ آیتیں یاد کرے۔ اسکی عبارت یہ ہے وَمِنَ السُّنَّةِ اَنْ یَّحْفَظَ کُلَّ یَوْمٍ خَمْسَ آیَاتٍ لَا یَزِیْدُ عَلَیْهَا فَاِنَّهٗ اُنْزِلَ کَذٰلِكَ[2]

(۶) سبق شروع کرتے وقت اس دعا کا پڑھ لینا بہتر ہوگا۔ اَللّٰهُمَّ اَخْرِجْنَا مِنْ ظُلُمَاتِ الْوَهْمِ وَاَکْرِمْنَا بِنُوْرِ الْفَهْمِ وَافْتَحْ عَلَیْنَا بِمَعْرِفَةِ الْعِلْمِ وَحَسِّنْ اَخْلَاقَنَا بِالْحِلْمِ وَسَهِّلْ لَنَا اَبْوَابَ فَضْلِكَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا مِنْ خَزَائِنِ رَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ[3]

---

[1] مجربات دیربی ۱۲ [2] جامع صغیر میں یہ حدیث مروی ہے۔ کان یاخذ القرآن من جبریل خمسا خمسا ۱۲ [3] مجربات دیربی ۱۲

(۷) جو شخص قرآن حفظ کر چکا ہو اور اسکو اس کے بھول جانے کا اندیشہ ہو وہ یہ دعا پڑھا کرے اَللّٰھُمَّ نَوِّرْ بِالْکِتَابِ بَصَرِیْ وَاشْرَحْ بِہٖ صَدْرِیْ وَاسْتَعْمِلْ بِہٖ بَدَنِیْ وَاَطْلِقْ بِہٖ لِسَانِیْ وَقَوِّبِہٖ جَنَانِیْ وَاَشْرِعْ بِہٖ فَھْمِیْ وَقَوِّ بِہٖ عَزْمِیْ بِحَوْلِكَ وَقُوَّتِكَ فَاِنَّہٗ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ [1]

(۸) جس کسی کو حفظ کرنے میں دقت معلوم ہو اور وہ یاد کر کر کے بھول جاتا ہو وہ ترکیب ذیل پر عمل کرے۔

(۱) ایک بزرگ کا ذکر ہے کہ وہ اپنے لڑکے کو قرآن حفظ کراتے تھے اور وہ بھول جایا کرتا تھا انکو اس بات کا بہت غم تھا۔ ایک رات خواب میں دیکھا کہ کوئی کہہ رہا ہے کہ تو یہ ترکیب کر کہ الرحمٰن علم القرآن۔ بحسبان تک۔ ان علینا جمعه۔ بیانہ تک۔ اقرء وربك الذی۔ مالم یعلم تک۔ سنقرءك فلا تنسیٰ۔ یخفی تک کسی برتن میں لکھ اور اسکو پانی سے دھو کے لڑکے کو پلا دے وہ جو کچھ سنیگا حفظ کر لیگا۔ انہوں نے اس خواب پر عمل کیا۔ واقعی ایسا ہی ہوا کہ اسکے بعد لڑکے نے جو کچھ سیکھا یا پڑھا وہ اس کی برکت سے نہ صرف یاد رہا بلکہ سمجھ میں بھی آگیا [2]

(۲) روایت ہے کہ حضرت علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سوء حافظہ کی شکایت کی تو آپ نے فرمایا کہ یہ دعا پڑھا کرو۔ اَللّٰھُمَّ اِنَّكَ تَعْلَمُ سِرِّیْ وَعَلَانِیَتِیْ فَاقْبَلْ مَعْذِرَتِیْ

---

[1] مجربات دیربی ۱۲ [2] مجربات دیربی ۱۱

وَتَعْلَمُ حَاجَتِيْ فَاَعْطِنِيْ سُؤْلِيْ وَتَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ
يَا مَنْ يَّعْلَمُ خَائِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ وَاللّٰهُ يَقْضِيْ
بِالْحَقِّ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَقْضُوْنَ بِشَيْءٍ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِيْعُ
الْبَصِيْرُ۔

(۳) ترمذی شریف میں ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک وقت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھا۔ یکایک علی بن ابی طالب آئے اور کہنے لگے۔ میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں۔ یہ قرآن میرے سینے سے نکل جاتا ہے اور میں اس پر قادر نہیں ہوتا ہوں۔ آنحضرت نے فرمایا کہ اے ابوالحسن میں تمھیں ایسے کلمات نہ بتلادوں جن سے تمہیں اور جسے تم بتلاؤ اُسے اللہ تعالیٰ نفع دے اور جو کچھ تم سیکھو اس کو تمھارے سینے میں ثابت رکھے۔ حضرت علیؓ نے کہا جی ہاں ضرور ارشاد فرمائے آپ نے فرمایا۔

"شب جمعہ کو اگر ہو سکے اخیر تہائی رات میں اٹھو کیونکہ وہ ساعت"
"مشہود ہے اس میں دعا مقبول ہوتی ہے۔ اخی یعقوب نے اپنی"
"اولاد کے حق میں دعا کرنے کے واسطے اسی وقت کو پسند کیا"
"تھا اور اگر یہ نہ ہو سکے تو بیچ کی تہائی میں اور اگر یہ بھی نہ ہو سکے تو اول"
"کی تہائی رات میں اٹھو اور چار رکعتیں اس طرح ادا کرو کہ پہلی میں"
"سورۂ فاتحہ اور سورۂ یٰس۔ دوسری میں سورۂ فاتحہ اور حٰم الدخان"
"تیسری میں سورۂ فاتحہ والم تنزیل السجدہ اور چوتھی میں سورۂ فاتحہ"

لـه مجربات دیربی ۱۲۔

وتبارک مفصل (سورۂ ملک) پڑھو اور جب تشہد سے فارغ ہو
اللہ تعالیٰ کی اچھی طرح حمد وثنا کرو۔ مجھ پر اور کل انبیاء پر درود پڑھو
اور تمام مومنین ومومنات اور اپنے ان بھائیوں کے لئے جو پہلے
ایمان کے ساتھ گزر گئے ہیں استغفار کرو پھر اس کے آخر میں یہ
کہو اَللّٰھُمَّ ارْحَمْنِیْ بِتَرْكِ الْمَعَاصِیْ اَبَدًا مَّا اَبْقَیْتَنِیْ
وَارْحَمْنِیْ اَنْ اَتَكَلَّفَ مَا لَا یُعْنِیْنِیْ وَارْزُقْنِیْ حُسْنَ
النَّظْرِ فِیْمَا یُرْضِیْكَ عَنِّیْ اَللّٰھُمَّ بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِیْ لَا
تُرَامُ اَسْئَلُكَ یَا اللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ
اَنْ تُلْزِمَ قَلْبِیْ حِفْظَ كِتَابِكَ كَمَا عَلَّمْتَنِیْ وَارْزُقْنِیْ
اَنْ اَتْلُوَهٗ عَلَی النَّحْوِ الَّذِیْ یُرْضِیْكَ عَنِّیْ اَللّٰھُمَّ
بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ
وَالْعِزَّةِ الَّتِیْ لَا تُرَامُ اَسْئَلُكَ یَا اللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ
وَنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تُنَوِّرَ بِكِتَابِكَ بَصَرِیْ وَاَنْ تُطْلِقَ
بِهٖ لِسَانِیْ وَاَنْ تُفَرِّجَ بِهٖ عَنْ قَلْبِیْ وَاَنْ تَشْرَحَ
بِهٖ صَدْرِیْ وَاَنْ تَغْسِلَ بِهٖ بَدَنِیْ فَاِنَّهٗ لَا یُعِیْنُنِیْ
عَلَی الْحَقِّ غَیْرُكَ وَلَا یُؤْتِیْهِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا
قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

" حکم سے تمھاری دعا قبول ہوگی۔ بخدا اس میں کبھی کسی مومن کو "
" ناکامی نہیں ہوتی ہے۔ "

ابن عباسؓ قسم کھا کر فرماتے ہیں کہ علی بن ابی طالب پانچ یا سات جمعہ کے بعد ویسے ہی مجلس میں پھر آئے اور عرض کیا کہ یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) پہلے میرا یہ حال تھا کہ میں چار آیتیں یا اس کے قریب سیکھتا تھا جب زبانی پڑھنے لگتا تھا تو بالکل بھول جاتا تھا اور اب چالیس آیتیں یا اس کے قریب سیکھتا ہوں جب زبانی پڑھتا ہوں تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ گویا کتاب میری آنکھوں کے سامنے رکھی ہے۔ اور پہلے جب کوئی حدیث سنتا تھا اور پھر دہرانا چاہتا تھا تو ذہن سے نکل جاتی تھی اور اب بہت سی حدیثیں سنتا ہوں وہ اس طرح یاد رہتی ہیں کہ بیان کرتے وقت ان میں سے کوئی حدیث نہیں چھوٹتی۔ آپ نے فرمایا۔ قسم ہے رب کعبہ کی اے ابوالحسن تم مومن ہو فقط



بعض[1] رسالوں میں علامہ منذری کی کتاب ترغیب وترہیب سے ایک روایت منقول ہے جو عموماً ہر دیندار مسلمان اور خصوصاً حفاظ قرآن کی ترغیب وتحریص کا باعث ہے۔ لہذا آخر رسالہ میں بطور ضمیمہ کے وہ روایت نقل کی جاتی ہے۔

روایت ۔ معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے جو کوئی رات کو نماز پڑھے اس کو چاہیئے کہ قرأت بالجہر کرے۔ اس لئے کہ اس کے ساتھ فرشتے نماز پڑھتے اور اس کی قرأت سنتے ہیں۔ اور گرد وپیش کے مومن جنات اس کی اقتدا کرتے ہیں۔ اس کی قرأت کی برکت سے اس کے گھر اور اس کے آس پاس سے فساق وشریر جنات بھگائے جاتے ہیں اور جس گھر میں قرآن پڑھا جاتا ہے اس پر ایک نورانی خیمہ ہوتا ہے جس کی روشنی میں آسمان والوں کو راہ ملتی ہے جس طرح تم کو عمیق دریا اور ویران وادی میں تاروں کے ذریعہ سے راہ ملتی ہے۔ جب قاری مرجاتا ہے تو یہ خیمہ اُٹھ جاتا ہے۔ فرشتے آسمان سے دیکھتے ہیں۔ جب یہ روشنی نظر نہیں آتی تو اسکی روح سے ہر آسمان پر ملاقات کرتے ہیں اور اس پر درود بھیجتے ہیں۔ اور ملائکۂ حفظہ اس کا استقبال کرتے ہیں اور فرشتے قیامت تک اس کے لئے استغفار کرتے ہیں۔ جو آدمی رات کو نماز میں قرآن

---

[1] احسان فی تعلیم القرآن مطبوعہ انوار محمدی لکھنؤ ۱۲ سنہ ۵ اسکے بعض اسانید میں غرابت ہے جیسا کہ منذری نے لکھا

پڑھتا ہے رات کی وہ ساعت آنے والی رات کو وصیت کرتی ہے کہ اسے عین وقت پر بیدار اور ہوشیار کر دینا اور اس پر سبک ہو جانا۔ جب یہ قاری مرتا ہے اور اس کے گھر والے اس کی تیاری میں ہوتے ہیں تو قرآن بصورت حسین آتا ہے اور اس کے سرہانے کھڑا رہتا ہے۔ جب یہ کفن میں لپیٹا جاتا ہے قرآن اُس کے سینہ پر ہوتا ہے۔ جب یہ قبر میں اتارا جا چکا اور اس کے دوست و آشنا متفرق ہو گئے اُس وقت منکر نکیر آتے ہیں اور اسے بٹھاتے ہیں تو قرآن اس کے اور فرشتوں کے درمیان میں ہو جاتا ہے۔ فرشتے کہتے ہیں تو ہٹ جا یا ایک طرف ہو جا کہ ہم سوال کریں۔ قرآن کہتا ہے بخدا ایسا نہیں ہو سکتا یہ میرا دوست اور ساتھی تھا تم اسکو کسی حال سے نہیں پا سکتے۔ اگر تمکو کسی شے کا حکم ہے تو تم اپنے حکم کو پورا کر دا اور مجھے یہیں چھوڑ دو۔ اس لئے کہ میں اسے جدا نہیں کر سکتا۔ تاوقتیکہ جنت میں نہ لے جاؤں۔ پھر قرآن اپنے ساتھی کو دیکھکر کہتا ہے میں وہی قرآن ہوں جسے تو جہر و خفا سے پڑھتا اور دوست رکھتا تھا۔ میں بھی تجھے دوست رکھتا ہوں۔ اور جسے میں دوست رکھتا ہوں اُسے اللہ بھی دوست رکھتا ہے تجھپر منکر نکیر کے سوال کے بعد کوئی رنج و غم نہیں ہے۔ پھر منکر نکیر سوال کر کے چلے جاتے ہیں۔ صرف یہ اور قرآن دونوں رہ جاتے ہیں تو قرآن کہتا ہے میں تیرے لئے نرم فرش اور بہتر چادر مہیا کرتا ہوں۔ کیونکہ تو نے راتوں کی نیند کھوئی اور دن کو مشقت اٹھائی ہے۔ پھر قرآن آسمان کی طرف بلند ہوتا ہے اور پل بھر میں حق سبحانہ تعالیٰ کے حضور میں حاضر ہو کر یہ چیزیں مانگتا ہے تب اُسے عنایت ہوتی ہیں۔ اور اس کے ساتھ دس لاکھ فرشتے اترتے ہیں جو

بجھے آسمان کے ملائک ہوتے ہیں۔ پھر قرآن قبر میں آکر اُسے دعا دیتا ہے اور کہتا ہے اے قاری! کیا تجھے میرے بعد وحشت ہوئی میں جب سے تجھے جدا ہوا اتنا ہی کیا کہ حق سبحانہ تعالےٰ سے کلام وسوال کر کے تیرے لئے یہ نعمتیں حاصل کیں۔ فرش اور چادر اور کنجی تیرے لئے لایا ہوں تو اُٹھ تاکہ فرشتے فرش بچھائیں پھر یہ فرشتے نہایت سہولت سے اُسے اُٹھاتے ہیں اور اسکی قبر کو چار سو برس کی راہ کے برابر وسیع کرتے۔ اور فرش حریر بچھا دیتے ہیں جس میں روئی کی جگہ مشک و اذخر بھرا ہوتا ہے اور اس کے پاؤں اور سر کے تلے سندس واستبرق رکھا جاتا ہے۔ اور دو چراغ جنت کے نور سے جلائے جاتے ہیں۔ ایک پاؤں کے پاس۔ ایک سر کے پاس۔ یہ دونوں قیامت تک روشن رہیں گے۔ پھر فرشتے اُسے داہنی کروٹ پر قبلہ رو لٹا دیتے ہیں۔ اور جنت کی چنبیلی اس کے لئے لائی جاتی ہے۔ فرشتے چلے جاتے ہیں۔ صرف قاری اور قرآن رہ جاتے ہیں تو قرآن یاسمین جنت لیکر اس کی ناک پر رکھتا ہے اور وہ سونگھا کرتا ہے۔ یہاں تک کہ قیامت کو مبعوث ہوگا۔ پھر قرآن اس کے گھر پر آکر رات دن خبر گیری کرتا ہے اور جسطرح والد شفیق نگران وخبر گیراں رہتا ہے اسی طرح یہ بھی رہتا ہے اگر اس کا کوئی لڑکا قرآن پڑھتا ہے تو قرآن اُسے بشارت دیتا ہے اور اگر اس کی اولاد بد ہوتی ہے تو یہ اُن کے حق میں خیر وصلاح کی دعا کرتا ہے۔

قطعۂ تاریخ طبع رسالہ مکارم الحفظ

طبعزاد

جناب منشی نصیر الدین خاں صاحب نصیر سلمہ اللہ القدیر

مژدہ ہو تمام حافظوں کو — قسمت کا ستارہ ان کی چمکا

مدت کا لکھا ہوا رسالہ — اب چھپ کے ہوا ہے جلوہ آرا

اس میں ہے بیانِ حفظ قرآں — گویا یہ ہے حفظ کا سراپا

آداب و فضائل و ہدایات — ہیں صورت مہر آشکارا

کچھ وہم و گماں یہاں نہ کرنا — تحقیق کا بہ رہا ہے دریا

جو بات ہے اس میں مستند ہے — ہر امر کا اس میں ہے حوالہ

تفسیر و حدیث و فقہ و تجوید — تاریخ و سیر ہے ماخذ اس کا

عنوان بیاں بھی دل کشا ہے — ہوتی ہے طبیعت اُس پہ شیدا

پڑھنے سے وہ ملتی ہے حلاوت — گویا کہ ابھی ہے شہد کھایا

چھپنے سے زیادہ ہوگئی آب — شرمندہ ہو کیوں نہ دُرِ یکتا

احساں یہ بڑا ہے انجمن کا — پبلک کے لئے اسے چھپایا

یارب! یہ ہماری التجا ہے — جھنڈا ہو بلند انجمن کا

مقبول جہاں ہو یہ رسالہ — گھر گھر ہو خوشی سے اس کا چرچا

مشکور انام ہوں مؤلف — عالم میں ہو اُن کا بول بالا

لکھ دو یہ نصیر طبع کے سن — حفاظ کا رہنا ہے اچھا

١٣٣١ھ

صحت نامۂ رسالۂ مکارم الحفظہ

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
١	٤	محفی	مخفی	١٦	١٥	جد	جدہ
٥	١٧	شفائی	شفار	〃	〃	قرائۃ	قراءتہ
٦	٩	ہذالقیاس	ہذا القیاس	〃	١٠	ذالک	ذلک
٨	٥	بغیرا	بعیرا	١٧	١	یہ حدیث	لیکن یہ حدیث
٩	٤	اسکے	اس کے	١٨	١٣	الصلواۃ	الصلوٰۃ
	١٠	اثذنین	اثنین	〃	١٧	فالنظر	فبالنظر
١٠	٢	طور	طور پہ	٣٠	٣	کیوں اثر نہ کریگا	کیوں نہ اثر کریگا
〃	٧	بعدیں	بعد کو	〃	٥	ضدوقے	صندوقے
〃	١٠	سے نے	+	〃	٢٠	کی دیدار	کے دیدار
١١	٢	ایک جماعت	مگر ایک جماعت	٢١	٢	ہوا	ہوئی
-	٥	خورج	خزرج	〃	٩	ہذالقیاس	ہذا القیاس
〃	١٧	القرارت	القراءات	٢٢	٧	مفید	مناسب
١٢	٣	جارید	جاریہ	〃	٩	التوفیق	التوفیق
〃	٦	وارانی	والی	〃	〃	حیر	خیر
〃	١٥	ساتھہ	ساتھی	〃	〃	رقیق	رفیق
〃	١٧	عبداللہ عمر	عبداللہ بن عمر	٢٣	٣	یہ احادیث	احادیث
١٥	١٩	تحصیص	تخصیص	〃	٤	عامل بالقرآن	باعمل
١٦	١٠	مجموعہ	مجموعہ ہے	〃	٨	الیل	اللیل
〃	١١	اوتوالعلم	اوتوا العلم	〃	١٧	البتۃ	البتہ

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۲۴	۱۷	کی بجہ ہتی اور انکی	کے
۲۶	۷	حافظ الخ	حافظ قرآن کی ایک دعا مقبول ہے
〃	۱۴	طبقات	طبقات
〃	۱۸	فی الا خرۃ	فی الآخرۃ
۲۸	۱۰	فاستظہر	فاستظہرہ
〃	۱۰	حرام کو حرام نہ جانے	اور حرام کو حرام جانے
〃	۱۸	(۱)	(۱۷)
۳۲	۵	خوشحالی	خوشحالی ہے
〃	۱۴	ہوتا ہے	ہو جاتا ہے
۳۴	۱۵	رضی اللہ	رضی اللہ عنہ
〃	۱۳	رکھیگا	کہیگا
〃	۱۵	مادہ	مادہ
۳۵	۱۶	وجہ	وجہ
۳۶	۳	اللالی	اللآلی
〃	۱۲	ال	آل
۳۷	۱۰	جزیرہ	جزیرۂ
۳۹	۱۷	رکھنے	رہنے
۴۰	۱۰	آتشں	آتش
۴۲	۹	راسحۃ	راسخۃ
〃	۱۹	عائشہ رح	عائشہ رض
۴۴	۱۵	ثابث	ثابت
۴۴	۳	نفقہ	نفقہ
۴۵	۹	تو	کہ تو
〃	۱۷	محی الدین علی	محی الدین ابن
۴۷	۹	نہایت	نہایتہ
〃	۲۰	القرآن	القرآن
۶۰	۵	آنکھیوں	انکھیوں
〃	۷	قدسوں	قدموں
۶۱	۹	ربما	ربما
〃	۱۲	اقررو	اقرؤا
۶۲	۹	بعضوں نے	اسی لئے بعضوں نے
۶۳	۷	خدیفہ	حذیفہ
〃	۱۵	خم	ختم
۶۴	۱۱	والصفات	والصّٰفّٰت
۶۵	۱	ہوے	ہوئے
۶۶	۱۹	اتقان	اتقان
۶۸	۵	شاحی	شامی
۷۲	۱۵	مالحلم	بالحلم
۷۴	۲	تحقی	تخفی
۷۵	۷	عنی	عنی

تمت



اہل اسلام کو بشارت دی جاتی ہے کہ حضرت مولانا مولوی حاجی حافظ محمد انوار اللہ صاحب قبلہ کی تصانیف جن کی حسب اقتضائے زمانہ نہایت سخت ضرورت ہے۔ مندرجۂ ذیل پتہ سے شائقین کی طلب پر روانہ کیجاتی ہیں

انوار احمدی - اس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل اور درود شریف کے فوائد اور صحابۂ کرام وغیرہم کے آداب اور چند ضروری مسائل پر نہایت محققانہ بیان کیا گیا ہے جن کی عموماً اہل اسلام کو ضرورت ہے جو اپنی خوبی و پسندیدگی کے باعث ہاتھوں ہاتھ تقسیم ہو چکی تھی۔ اب پھر شائقین کے تقاضے پر مکرر طبع کی گئی ہے قیمت .... ۱۲ / ؁

کتاب العقل - اس میں عقل کی حقیقت کھولدی گئی ہے کہ دینی ابواب میں کہاں تک چل سکتی ہے اور حکمت قدیمہ و فلسفۂ جدیدہ کا اثر جن مسائل پر پڑتا تھا ان کے جوابات عقلی نہایت محققانہ انداز سے دیئے گئے ہیں قیمت کاغذ چکنا ۱۲ / کاغذ کھرا ۸ / ؁

افادۃ الافہام - ہر دو حصہ یہ کتاب مرزا غلام احمد صاحب قادیانی کے ازالۃ الاوہام کا جواب ہے نہایت ہی محققانہ و مہذبانہ طرز سے جوابات دیئے گئے

جن کے ضمن میں کئی دینی ضروری مسائل کی تحقیقات اور نیز بہت سے تاریخی حالات مندرج ہیں اس کتاب کے دیکھنے سے مذہب قادیانی کے مفاسد سے بخوبی آگاہی ہو جاتی ہے۔ کاغذ چکنا...عاں۔کمرا عہ ۸ر۔

مقاصد الاسلام۔ ہر چہار حصہ جن میں اخلاق تمدن فقہ کلام فلسفۂ اسلام اور تصوف وغیرہ مضامین پر نہایت محققانہ اور دلکش طرز پر بحث کیگئی ہے قیمت عہ

حقیقۃ الفقہ۔ ہر دو حصہ اس میں محققین و محدثین کے فرائض منصبی اون کے کارنامہ اور حدیث و فقہ و اجتہاد کی ضرورت نہایت مدلل طور پر ثابت کی گئی ہے خصوصاً امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی جانفشانیاں اور فضائل جو اکابر محدثین کے اقوال سے ثابت ہیں نہایت شرح و بسط سے لکھے گئے ہیں قیمت عہ

انوار الحق۔ مولوی حسن علی صاحب لکچرار کی تائید الحق جو مرزا صاحب قادیانی کی تائید میں لکھی گئی ہے۔ اس کے جواب میں یہ محققانہ رسالہ لکھا گیا ہے اس کا انداز بیان دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ کسقدر دلچسپ ہے قیمت ۶ر

پتہ۔ حضرت مولانا مولوی حافظ محمد انوار اللہ صاحب قبلہ حیدرآباد دکن۔ بازار سلیمان جاہ (انوار منزل)

المعلن

بندہ ابو تراب سید عبداللہ حسینی بختیاری عفی عنہ (مولوی فاضل)

سلسلہ اشاعۃ العلوم حیدرآباد دکن نمبر (۴)

هو الله الواحد الصمد لا اله الا هو ما ولد ولا له والد

السمع الاسمع

سطره

العالم العلام، الصالح الهمام، اللهوم العوصم، ملا احمد مکرم سلمه الله الاکرم

واهداه الی

اعلم العلماء ومولاهم، اورع الصلحاء واولاهم، للدرة الحلاحل، امام الجحاجح، معلم الملك المكرم، موئل الكرماء المعمم، كامل الحكم والادله، صدر صدور الملك والملة، وهو عالم الرواة محمد انوار الله دام الله طروس مكارمه طالعا ما دام طالع السماء لامعا

قدمها اضعف عباد الله الباري السيد ابو الطاهر المعتصم بالله الحسيني النجمي مولوی فاضل مهتمم اشاعة العلوم

بمطبعة عثمان بریس حیدرآباد دکن

تعداد ایک ہزار — جمادی الآخر سنہ ۱۳۳۱ ہجری

السمع الاسمع

سطرہ احد العلماء الکرام، عالم علوم الاسلام، کامل العلم، اوسع الحلم، ھائم اھل الصلح والسلم، العکمص لمرع، الرود السرع، المصطح العمرس، الحلس الاحمس، الھوم المجود، الممدح الاملود، ملا احمد مکرم، سلمہ اللہ واکرم، کل راء رأی سامسرہ، وکل سامع سمع کلامہ حمدہ وما اسرہ طال عمرہ، وللہ درہ، ما اعلی مرامہ ما احلی کلامہ، وما ھو الا السحر الحلال، اعطاہ اللہ طول العمر وسداد المال:—

وانا اضعف عباد اللہ الباری السید سلیمان الحسینی المختیاری اللہ

بسم الله العلام اول الامر والكلام

لا اله الا هو

الحمد لله الملك العلام، الودود المحمود السلام، طامس[١] اللأواء[٢] والآلام، دارس[٣] الاهواء والاوهام، حارس الحمك[٤] والاهمام[٥]، طارس[٦] مسطور الملحد الملام، حاسم[٧] العلل والهموم والاوصام[٨]، عاصم الاحرار عما هو سوء وحرام، مصور الصور ولو حواها[٩] الارحام، ممطر الهطل[١٠] السحاح[١١] والرهام[١٢]، مدور السماء على مداره كالدوام[١٣]، محرك ما هو حامله معه كالعوام[١٤]، ماهد[١٥] المهاد[١٦] الممدود للسائر

---

[١] طمس ناپدید کردن چراغ ۱۲ [٢] لأواء سختی ۱۲ [٣] درس ناپدید کردن ص ۱۲ [٤] حمک کودکان ۱۲ [٥] اہمام جمع ہم بمعنی پیر فانی ۱۲ [٦] طرس پاک کردن نبشتہ ۱۲ [٧] حسم بریدن ۱۲ ہم اندوہ ۱۲ [٨] اوصام جمع وصم بمعنی بیماری عارض ۱۲ [٩] حوی گرد کردن و ملفوف شدن ۱۲ [١٠] ہطل باران پیوستہ ۱۲ [١١] ثجاج باران سخت بتیزان منتہی ۱۲ [١٢] رہام باران نرم پیوستہ ۱۲ [١٣] دوام ہی فلکة یرمیہا الصبی علی الارض فتدور وتصوت ویقال فی الہندی پھرکی ۱۲ [١٤] عوام اسپ ہموار رحل ۱۲ [١٥] مہد گستردن ۱۲ [١٦] مہاد بستر و ترابہ الارض ۱۲

وَالسَّوَامِ حَصَاصَائُهُ مَوَادُّ لِأَهْلِهِ وَالْهَوَامِ حِمَاهُ مَسْرَحٌ

لِلْمَهَا وَالْآرَامِ مَهَامِهُهُ مَجَالٌ لِلسِّرْحَالِ وَالْهَمْهَامِ هُوَ أَرْسَلَ الرُّسُلَ

الْمُمِدَّ لَهُمُ الْإِلْهَامُ وَأَعْطَاهُمْ أَحَدَّ الْإِدْرَاكِ وَالْأَحْكَامِ أَمَّا مَسَّهُمُ

الْهَوَى وَمَا مَالُوا إِلَى الْحُطَامِ وَهَدَوْا كُلَّ سَالِكٍ سَوَاءَ الْأَوْهَامِ

عَلَّمَ آدَمَ الْأَسْمَاءَ كُلَّهَا وَأَرَاهُ صِرَاطَ الْهُدَى وَهُوَ أَوَّلُ

الرُّسُلِ وَإِمَامٌ وَأَكْرَمُ أَوْلَادِهِ الصَّالِحِ أَعْمَالُهُمْ وَالْحُكَمَاءِ

وَالْعُلَمَاءِ الْأَعْلَامِ وَسَلَّطَ عَلَى أَعْدَاءِ رَسُولٍ مُكَرَّمٍ عَصَوْهُ مَاءً

أَرْدَاهُمْ وَطَاعَ لَهُ الطَّمْطَامُ وَسَاعَدَ وَدُودَهُ الْكَاسِرَ الدُّمَى

رَسُولًا صَارَ لَهُ السَّاعُورُ وِرْدًا وَسَلَامًا وَطَهَّرَ رَسُولًا مُحْكَمَ

الْوَعْدِ الْأَمْرِ أَهْلَهُ لِلسَّدَادِ الْعَامِرَ أُمَّ الرُّحْمِ الْحَادِّ لَهَا الْإِحْرَامُ

وَدَمَّرَ مَلَأً حَادُّوا اللّٰهَ وَرَسُولَهُ لُوطًا وَأَمْطَرَ عَلَى كُلِّهِمْ أَمْطَارَ

---

[1] سوام چرندها ۱۲ [2] حصا سنگها و خاکها ۱۲ [3] هوام درنده و غیر آن ۱۲ [4] حما علف زار ۱۲ [5] مسرح چراگاه ۱۲ [6] مها گاو دشتی ۱۲ [7] جمع مهاة بمعنی آهوی سپید ۱۲ [8] مهامه دشت و زمین خالی ۱۲ [9] سرحال گرگ ۱۲ [10] همهام شیر ۱۲ [11] حطام مال دنیاوی ۱۲ [12] ارداء هلاک کردن ۱۲ [13] طمطام میانهٔ دریا ۱۲ [14] دمی تبان جمع دمیة ۱۲ [15] ساعور آتش ۱۲ [16] سداد راستی ۱۲ [17] ام الرحم نام مکه معظمه ۱۲ [18] تدمیر هلاک کردن ۱۲

الحصا[1] والسلام[2] ۝ وملّك الواسم[3] المعصوم المملوك مصرا

وعلّمه علم الاحلام[4] ۝ وامّر هوداً الهدى على عاد وهم طردوه

وما سمعوا حكمه وصاروا اعظما[5] كالرمام[6] وامر صالحا

لاصلاح ارهاط[7] عدوا ولما اهلكوا امرسالة[8] كسار رمّها[9]

اللحام[10] ۝ وكلّم رسوله موسى على طور ۝ واهلك عدوه

مع عسكره وسط السدّ[11] المواد[12] الطام[13] ۝ وعلّم داود السرد[14]

واعطاه آدا[15] وعلما وملكا وحكما وسوّده[16] على اللهام[17] ۝ وولى

ولد داود على ولد آدم وما سواهم كالهدهد والسماسم[18]

والاعكام[19] ۝ وكرّم حصورا[20] هو ولد امه وحدها مرسلا

اصلح الاكمه[21] وحاوره[22] مصروع[23] الحمام[24] ۝ وارسل اولى

---

[1] حصا سنگریزه ۱۲ [2] سلام بکسر السین سنگ ۱۲ [3] واسم خوبصورت ۱۲ [4] علم الاحلام علم التعبیر ۱۲ [5] اعظما ہلاک شدگان ۱۲ [6] رمام جمع رمیم ۱۲ [7] ارہاط جمع رہط بمعنی گروه ۱۲ [8] مرسل شتر وناقه رم ۱۲ [9] جمع رمه بمعنی استخوان بوسیده ۱۲ [10] لحام جمع لحم گوشت ۱۲ [11] سد آب ایستاده ۱۲ [12] مواد بتشدید الواو بمعنی موج ۱۲ [13] طام دریا ۱۲ [14] سرد زره بافتن ۱۲ [15] آدا قوت منتهی الارب ۱۲ [16] تسوید سردار گردانیدن ۱۲ [17] جمع لہوم بمعنی سخی وکریم ۱۲ [18] مرغان جمع سمسم ۱۲ [19] باد تند ۱۲ [20] حصور مردیکه گرد زن نگردد ۱۲ [21] اکمه نابینا مادر زاد ۱۲ [22] محاوره سخن گفتن ۱۲ [23] مصروع بیمار و افگنده شده ۱۲ [24] حمام بکسر الحاء المهمله مرگ ۱۲

الرُّسُلِ مَعَ كَلَامِهِ الدَّالِّ عَلَى اِرْسَالِهِ هُدًى مُحَمَّدًا الطَّاهِرَ

الْهُمَامَ[1] ۞ صَلَّى اللّٰهُ عَلَى رَسُوْلِهِ مُحَمَّدٍ الْمَحْمُوْدِ وَعَلَى اٰلِهٖ وَاَحِمَّائِهِ[2]

الْاَحْلَامِ[3] ۞ وَعَلَى اَهْلِهِ الْمَوْدُوْدِ وَعَمِّهِ الْمَسْعُوْدِ وَوَلَدِ عَمِّهِ الْمَحْسُوْدِ

الْحُمَامِ ۞ هُوَ اللّٰهُ الْمَلِكُ الْاَحَدُ الدَّائِمُ الصَّمَدُ لَا هُوَ مَوْلُوْدٌ وَمَا لَهُ وَلَدٌ

وَاُوْلُو الْاَرْحَامِ ۞ لَا لِكَرَمِهِ حَدٌّ وَلَا لِاٰلَائِهِ عَدٌّ وَهُوَ الْاَوَّلُ

لَا اَوَّلَ لَهُ وَلَهُ الدَّوَامُ هُوَ عَالِمُ كُلِّ سِرٍّ وَصِحَارٍ[4] وَمَصَالِحِ كُلِّ

اَمْرٍ وَمُحِلُّ الْحَلَالِ وَمُحَرِّمُ الْحَرَامِ ۞ اَعَدَّ لِكُلِّ عَاصٍ سُعُرًا[5]

وَوَعَدَ اَهْلَ وَرَعٍ وَحَّدُوْهُ وَاَسْلَمُوْا دَارَ السَّلَامِ ۞

الْحَصْحَاصُ[6] وَالْمَاءُ وَالسَّاعُوْرُ[7] وَالْحَصَاءُ[8] وَالْمَوَادُّ[9] وَالسَّمَاءُ

وَلَوَامِعُهُ[10] لَهُ اَعْلَامٌ ۞ وَالْحَامِدُ لَهُ الْمَلَكُ وَالرَّوْحُ[11] وَكُلُّ رَاكِدٍ

وَسَائِرٍ وَمَا سِوَاهَا وَلَوْ رَمَلُ[12] الرُّكَامِ[13] ۞ هُوَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

---

[1] همام بضم الهاء بزرگ همت ۱۲ [2] احمّاء جمع حمیم بمعنی دوست وخویشاوند ۱۲ [3] احلام عاقل ودانایان ۱۲ [4] صحار آشکار ۱۲ [5] سُعُر جمع سعار بمعنی گرمی آتش گرسنگی ۱۲ [6] حصحاص خاک ۱۲ [7] ساعور آتش ۱۲ [8] حصاء ریزه با وصاف ۱۲ [9] موادّ معناه مشهود ۱۲ [10] لوامع جمع لامع ۱۲ [11] روح نسیم خوش ۱۲ [12] رمل ریگ ۱۲ [13] رکام ریگ توده ۱۲

مَلِكٌ عَادِلٌ صَمَدٌ كَرَمٌ آرَحَمُ دَهْرٌ سَرْمَدٌ لَهُ الْحَمْدُ وَالْإِكْرَامُ

صِرْعُ[1] الْاَوَّلِ كَاسِئُهُ[2]

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اَلْحَمْدُ لِاَحْكَمِ الْحُكَّامِ مُعْطِي الْحِسِّ وَالْاِدْرَاكِ وَالسَّمْعِ وَالرَّغَامِ[3] كَامِلِ الْاَسْمَاءِ عَامِّ الْعَطَاءِ الرِّهَامِ[4] الْعَادِلِ مُصَوِّرِ الْوُسَّمَاءِ[5] وَالدُّسَّامِ[6] هُوَ اَسْمَا[7] الْكَحْلَ[8] وَمَالَهُ عِمَادٌ وَدِعَامٌ[9] وَكَسَا[10] الطِّلْمِسَاءَ[11] رِدَاءَ الدَّلَامِ[12] وَسَوَّى الْعَوَالِمَ[13] كَمَا اَرَادَهَا وَمَا مَسَّهُ سَامٌ[14] مَا اَحَدٌ اِلَّا سَائِلُهُ وَمَالَهُ اِلٰى اَحَدٍ لُؤَامٌ[15] وَالسَّلَامُ عَلٰى مُحَمَّدٍ رَسُوْلِهِ الطَّاهِرِ السَّلَامِ اَلدَّالِّ عَلَى الدُّلٰى[16] السَّالِكِ مَسْلَكَ الْاِلْهَامِ الْمُرْسَلِ اِلَى الْاَسْوَدِ وَالْاَحْمَرِ وَالْوَهْدِ[17] وَالْاٰكَامِ[18]

---

[1] صرع مثل مانند و مقابل ۱۲ [2] کاسئی فی آخرہا ہمزہ و در پس یاد ہی آیندہ ۱۲ [3] رغام تیزی نظر ۱۲ [4] جمع رہمہ باران بسیار دایم ۱۲ [5] جمع وسم خوبصورت ۱۲ [6] جمع وسیم بصورت ۱۲ [7] اسمار بلند کردن ۱۲ [8] کحل آسمان ۱۲ [9] دعام بکسر الدال ستون ۱۲ [10] کسا پوشانیدن ۱۲ [11] طلمسار شب تاریک ۱۲ [12] دلام سیاہی ۱۲ [13] عوالم جمع عالم بفتح لام ۱۲ [14] سام درماندگی ۱۲ [15] لوام حاجت ۱۲ [16] دلی راہ روشن ۱۲ [17] وہد زمین پست و ہموار ۱۲ [18] اکام زمین بلند ۱۲

وَالْوَعْرِ وَالسَّهْلِ وَالْحَرِّ وَالصِّرِّ وَمَا لَهٗ حِسٌّ اَوْ مَسَامٌ ۞

مُطَاعُ الْاَمْرِ اُمُوْدٌ دَعَاهُمْ اِلَى الْاِسْلَامِ ۞ وَاسِعُ

الْعِلْمِ وَالْحِلْمِ وَالْكَرَمِ الْاَحْرٰى لِلْاِكْرَامِ ۞ اٰمِرُهٗ اٰمِرٌ مُلْهَمٌ

وَهُوَ لِلْعَوَالِمِ رَحْمٌ عَامٌ ۞ عِدَاۤ اُمَّتِهٖ عَدْوٰى وَوُدُّهٗ

دَوَاۤءٌ لِكُلِّ دَاۤءٍ وَّسَمَامٍ ۞ سَمَّاهُ اللّٰهُ اَحْمَدَ الْمُكَرَّمَ

وَهُوَ مَحْمُوْدُ الْاَعْلَامِ ۞ وَاَعْطَاهُ سُمُوًّا لَا عِدَّ لَهٗ وَحُكْمًا

وَالْوِسَامَ ۞ وَحَصَّلَ لَهٗ كُلَّ اَمْرٍ مِّمَّا اَرَادَ وَرَامَ ۞

وَسَهَّلَ لِمَا دَعَاهُ كُلَّ مُؤَيَّدٍ وَمُهَامٍ ۞ هُوَ رَسُوْلٌ

عَلَى الرُّسُلِ كُلِّهِمْ وَعَلٰى عُلُوِّهِمْ اَسَامٌ ۞ وَاَمَرَ لِهَصْمِ

الْاَهْوَاۤءِ وَهَصْمِ كُلِّ مَكْرُوْهٍ وَحَرَامٍ ۞ وَعَطَّلَ

الْمِلَلَ الْاُوَلَ وَارِدُهُ الْمُوْصِلُ اِلَى الْمَرَامِ ۞ وَسَاعَدَهٗ

---

۱ وعر زمین سخت ناک ۱۲ ۲ سہل زمین نرم ۱۲ ۳ حرّ گرما ۱۲ ۴ عداء عداوت ۱۲ ۵ عدوی یعنی تجاوز مرض متعدی ۱۲ ۶ سمام بیماری و زہر ۱۲ ۷ عِدّ عدد ۱۲ ۸ وسام جمال و زیبائی ۱۲ ۹ رام جستن و قصد کردن ۱۲ ۱۰ مؤید کار بزرگ منتہی الارب ۱۲ ۱۱ آسام اعلام ۱۲ ۱۲ ہصم شکستن ۱۲

عُرُوْمُ الْمَلٰئِکِ عَلٰی اَعْدَآئِہِ اللِّئَامِ ۝ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی
مُحَمَّدٍ اَوْصٰی لِلسِّدَادِ الْاَمْرَامِ ۝ عَدَدَ کُلِّ مُدَّکِرٍ
وَّمُسْلِمٍ صَلّٰی اَوْصَامَ ۝ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ الْمُرْسَلِ
مَعَ اَسْمَحِ الْاَحْکَامِ ۝ عَدَدَ کُلِّ مَوْلُوْدٍ مَسْعُوْدٍ
وَمَطْوَھِمٍ لَّہٗ اِطْرِھْمَامٍ ۝ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ
صَعِدَ السَّمَآءَ صُعُوْدَ الْاَوْھَامِ ۝ عَدَدَ کُلِّ کَھْلٍ
وَّھَرَمٍ اَھْرَمَہٗ مُرُوْرُ الْاَعْوَامِ ۝ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی
مُحَمَّدٍ اَسْعَدَہٗ الْکَھْدَلُ وَالْحَمَامُ ۝ مَادَامَ دَرْکُ
لِلرُّوْحِ وَمَحَلُّہٗ عَطْلُ الْاَحْلَامِ ۝ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی
مُحَمَّدِ الْمَوْعُوْدِ لَہٗ وَلِکُلِّ مُسْلِمٍ دَارُ السَّلَامِ ۝
مَادَامَ الطُّلُوْعُ لِلطَّالِعِ وَلِلْاَسْحَمِ الدُّلَّسِ وَالسُّحَامِ ۝
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ الْمُصَرِّحِ لِمَعَادِ الْاَعْلَامِ ۝

عرم لشکر منتہی اللوب ۱۲ لئام جمع لئیم ناکس ۱۲ امرام گردہ ردم ۱۲ اسمح آسان ۱۲ اطرہمام باعتدال گوائیدن ۱۲ کہل میانہ سال ۱۲
ہرم پیر ۱۲ اہرمہ اہرام پیر گردانیدن ۱۲ کہول جوان فربہ و پیر فانی ۱۲ عطل کالیدہ ۱۲ اسحم سیاہ و شب ۱۲ دلس تاریکی ۱۲ اسحام سیاہی

مَا الوِلَاءُ لِلْأَصُلِ وَالْأَسْحَارِ وَمَا اللُّمَدُ لِهِمْ إِطْهَامُ ؛
وَعَلَى آلِهِ الصُّلَحَاءِ الْأَطْهَارِ الْكِرَامِ ؛ وَأَوِدَّائِهِ
السُّعَدَاءِ هُمْ أُولُو الْآرَاءِ وَالْأَحْلَامِ ؛ أَكْرَمُهُمْ
وَأَوَّلُهُمْ عَوْدٌ مُسَدَّدٌ لِحُكْمِ أَسَاسِ الْإِسْلَامِ ؛
وَأَوْلَى عَلَى وُدِّهِ كُلَّ أَمْوَالِهِ السِّلَعَ الدِّرْهَامِ ؛ وَأَحْكَمُهُمْ
سَدَدًا عُمَرُ الْعَادِلُ الصَّادِعُ الصَّمْصَامُ ؛ أَصْحَرَ أَمْرَ اللهِ
الْمُطَاعَ وَلِإِعْلَائِهِ سَلَّ الْحُسَامَ ؛ وَأَرْحَمُهُمْ صِهْرُهُ
الْأَسْعَدُ وَاصِلُ الْأَرْحَامِ ؛ طَوْدُ الْحِلْمِ السَّمْحُ الْمُوسِرُ
أَحْلَى الْكَلَامِ ؛ وَأَعْلَمُهُمْ أَسَدُ الْمَعَارِكِ الْمُرْعِشُ
الْحَطَّامُ الْمِصْدَعُ الْمُطْعِمُ الْأَسْرَى وَالصُّعْلُوكَ الطَّعَامَ

اصل بضمتین جمع اصل شبانگاه ١٢ ادلهمام تاریک شدن ١٢ احلام جمع حلم بردباری ١٢ عود بهتر قدیم و پیر بہ ابا کر الصدیق ١٢
شدید توفیق سداد یافتن درحال مسدد من کان یعمل بالسداد والقصد ١٢ اولی آ ذ لا ر بمعنی دادن ١٢ سلع متاع
صادع اصدع سخن حق آشکارا گفتن و کشیدن قنع ١٢ اصحار اشکار کردن ١٢ سل تیغ کشیدن ١٢
طود کوه بزرگ ١٢ سمح جوانمرد سخی ١٢ موسر توانگر مالدار ١٢ معارک جمع معرکه ١٢ مرعش ازار حامش
نورانیدن ١٢ حطام شیر ١٢ مصدع رسا در امور دینی ١٢ صعلوک درویش ١٢

وَعَلٰى آلِ دَارِهِ الْمُطَّلِعِ عَلٰى سِرِّهِ الطُّسَامِ الْمُطَهَّرِ عَمَّا هُوَ
عَائِدٌ اِلَى اللَّمَمِ وَالْمُلَامِ ❁ وَعَلٰى عَمِّهِ السَّرْسُوْرِ الْمُطَهَّمِ
اَكْرَمِ الْاَعْمَامِ ❁ هَمَّاسِ الْمَلَاحِمِ الْحَمِسِ الْمُرْعِدِ
الْعِرْصَامِ وَعَلٰى لِهَمِّ الْعُلُوْمِ وَلَدِ عَمِّهِ اللُّهَمِ الدَّلْهَامِ
اَطْلَعَ الْمَلَاءُ عَلٰى حِكَمٍ وَمَسَائِلَ وَمَا رَاعَ لَوْمَ اللُّوَّامِ
وَعَلٰى وَرَآءِ عَمِّهِ وَاَوْلَادِهِ الْكِرَامِ ❁ سُهُمِهِمْ
وَاَوْسَاطِهِمْ وَاُمَرَائِهِمُ السُّوْدِ الْعِمَامِ ❁ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ
عَلٰى كُلِّ سَالِكٍ مَسْلَكَ الْاِسْلَامِ ❁ مَا صَادَ الْمُعَلَّمُ
الدِّرْمَاءَ وَمَا صَادَ الصَّعَاءُ الْعُلَامُ ❁ اَلَا وَحِّدُوْا لِلّٰهِ
وَارْكَعُوْا لَهُ طَوْعًا كُلَّ حَالٍ مُسْكُوَّ الرَّوْحِ

---

۱ طسام پوشیده ۱۲ ۲ لمم زشت و نزدیکی ۱۲ ۳ سرسور دانا ۱۲ ۴ مطهم تمام الخلق ۱۲ ۵ هماس شیر ۱۲
۶ جمع پشت لحم حرف بزرگ ۱۲ ۷ حمس دلاور ۱۲ ۸ مرعد شوراننده ۱۲ ۹ عرصام شیر توانا ۱۲ ۱۰ لهم شگرف
ودقایق تر ۱۲ ۱۱ لهم مرد بسیار عطا و دوربین ۱۲ ۱۲ دلهام مرنگ دور اندیش ۱۲ ۱۳ کرام بسیار کریم ۱۲ ۱۴ سهم
مردان عاقل و حکیم ۱۲ ۱۵ عمام جمع عمامه ۱۲ ۱۶ معلم تعلیم کرده شده ۱۲ ۱۷ درماء خرگوش ۱۲
۱۸ صعاء مرغ ۱۲ ۱۹ علام باشد ۱۲ ۲۰ روح آسایش ۱۲

وَالسَّرَّاءِ[1] وَالصَّمَّاءِ[2] اَوِ الصَّمَامِ[3] ۞ وَاذْكُرُوْهُ سَحَرًا

وَرَوَاحًا وَاحْمَدُوْهُ حَمْدًا كَامِلًا اِلٰى سَعْوٍ[4]

صَرَعَكُمُ[5] السَّامُ[6] ۞ وَوَالُوْا رَسُوْلَهٗ وَلَاءً مُحْكَمًا

وَطَاوِعُوْهُ وَكُلَّ امْرِءٍ رَكَحَ[7] وِسَادَهٗ وَعَلٰى اَمْرِهٖ

اصْطِحَامٌ[8] ۞ وَاسْلُكُوْا عَلٰى رَسْمِهٖ وَصَلُّوْا

وَصُوْمُوْا وَطَهِّرُوْا اَمْوَالَكُمْ وَاسْعَوْا مُحْرِمًا

اِلٰى دَارِ الْحَرَامِ ۞ وَاعْمَلُوْا كَمَا اَمَرَكُمُ اللّٰهُ

وَرَسُوْلُهٗ عَمَلًا صَالِحًا مَرْوِحًا[9] اَرْوَاحَكُمْ مُوْصِلًا

اِلٰى دَارِ السَّلَامِ ۞ وَاَصْلِحُوْا اَحْوَالَكُمْ وَكِلُوْا عَلَى اللّٰهِ

وَادْعُوْا كُلَّ مُسْلِمٍ اِلَى الصَّلَاحِ وَمَا سِوَاهُمْ

اِلَى الْاِسْلَامِ ۞ وَوُدُّوا الْكَرَمَ وَالسَّدَادَ[10] وَالسَّمْعَ[11] وَالْاَوْرَادَ

---

[1] سرا شادی ۱۲ [2] صمّاء فتنہ ۱۲ [3] صمام بلائے سخت ۱۲ [4] سعو ساعت ۱۲ [5] صرع افگندن ۱۲ [6] سام مرگ ۱۲ [7] رکح تکیہ کردن ۱۲ وساد بالین ۱۲ [8] اصطحام راست ایستادن ۱۲ [9] مرویح شادمان کردن وخوشبوئی گردانیدن ۱۲ [10] سداد دوستی ۱۲ [11] سمع نام نیکو انید ۱۲

وَالسَّمَحِ وَالْحَمْسِ لَدَى السِّلْمِ وَالصِّرَامِ وَالْكِسَاءِ

وَالْحُكْمِ وَالْحِلْمِ وَعُلُوِّ الْهِمَمِ وَالْعَدْلِ وَالْإِسْدَاءِ

وَالْمَكَارِمِ وَالْإِعْسَامِ وَعَادُوا اللُّؤْمَ وَالْوَلَعَ وَالْمِسَاكَ

وَالطَّمَعَ وَالْحِرْصَ وَالْحُسُودَ وَالْمِحَلَ وَالْهِمَامَ وَالْمَرَحَ

وَاللِّدَادَ وَالْهَوَى وَالْإِلْهَادَ وَالدَّلَسَ وَالْمِحَالَ وَسُوءَ

الْعَادِ وَالْإِدْمَامَ ؛ وَاعْلَمُوا الْوُدُّ وُدٌّ وَدُودٌ وَوُدُّ دُودٌ

الْوَدُوْدِ وَدُوْدٌ وَعَدُوُّ الْعَدُوِّ وَدُوْدٌ لِلْوَدُوْدِ

الْإِعْصَامُ وَالْعَدُوُّ عَدُوٌّ وَعَدُوُّ الْوَدُوْدِ عَدُوٌّ وَوَدُوْدُ

الْعَدُوِّ عَدُوٌّ وَالْوَحْوَحُ كَالسِّطَامِ وَاَسْوُ الْمَكْمُوْدِ

وَالْحَسْرَى وَالْعَرُّ وَالْأَسْرَى وَأَوْصُوا الْأَصْدَاعَ

السمح جوانمردی ۱۲ حمس دلیری ۱۲ سلم آشتی ۱۲ صرام جنگ ۱۲ اسدا و اصلاح ۱۲ اعسام دادو ہوش ۱۲ لوم نکوہیش ۱۲ ولع دروغ ۱۲ مساک بخل ۱۲ محل فریب ۱۲ ہمام چغلخوار ۱۲ مرح نیک شاد شدن کہ دراں شائید نخوت وتکبر باید ۱۲ لداد خصومت ۱۲ الہاد ظلم وجور کردن ۱۲ دلس بکاری ۱۲ محال بدی ۱۲ ادمام کار بد کردن ۱۲ اعصام دامن گرفتن ۱۲ وحوح ۱۲ سطام تیزی تیغ ۱۲ واسو غم خواری کردن ۱۲ مکمود اندوہ گین ۱۲ حسری حسرت زدہ ۱۲ عر غمگین ومجنون کردن ۱۲ اصداع مردم۔

دَرًّا وَاَكْرِمُوا الْكَهَامَ حُرِّمَ اِهْدَارُ الدِّمَاءِ
وَالْعِهْرُ وَالصَّمَاصُ وَاَكْلُ الرِّمَاءِ وَمَا حُرِّمَ اَكْلُهُ
وَحَسْوُ الْمُسْكِرِ وَالْمُدَامَ كُلٌّ لَهُ وَعْدَةُ الْحُكَمَاءِ
لَهْوًا مَكْرُوْهٌ اِلَّا لَهْوًا عَوْدٌ كَسُوْدِ الْمَرْءِ مَعَ
اَهْلِهِ وَاللُّهُوْمُ وَالسِّهَامُ وَالتَّحْوُ مُحَلٌّ وَالسِّعْلَاءُ
مَا لَهَا اَصْلٌ وَاللُّحُوْدُ مَا سَامِعٌ وَلَا دَاءٍ وَالْمُدْرِكُ
رُوْحٌ لَاسِمَامَ اُمَمُ الرُّسُلِ الْاُوْلٰى طَعَامُكُمْ حِلٌّ لَهُمْ
وَطَعَامُهُمْ حِلٌّ لَكُمْ وَلَوْ لَحْمَ الْحَمِيلِ وَالْحُلَامِ
اَلدَّهْرُ مَعْدُوْمٌ وَالْعُمُرُ مَوْهُوْمٌ وَالْمَعَادُ مَعْلُوْمٌ
وَالْاَسْعَدُ مَرْحُوْمٌ وَالصِّرَاطُ الْمَوْعُوْدُ كَالصَّمْصَامِ

---

[1] درّا نیکی و نیکوی ۱۲ [2] کہام سر مفلس ۱۲ [3] اہدار مباح گردانیدن خون ۱۲ [4] عہر زنا کردن ۱۲ [5] الصامس دزدی ۱۲ [6] رماء ربا بمعنی سود ۱۲ [7] حسو آشامیدن ۱۲ [8] مدام می ۱۲ [9] اعود سود مند ۱۲ [10] لہوم اسپ ۱۲ [11] محل مکر و بدی ۱۲ [12] سعلاء غول ۱۲ [13] لحود مرده و دفن کرده [14] سمع بارز ۱۲ [15] سمام کالبد ۱۲ [16] حمل بره ۱۲ [17] احلام بزغاله که از شکم مادرش بیرون آرند ۱۲

مَأْوَى الصُّلَحَاءِ سَحَاحُهُ[1] دَوْحٌ[2] وَمَائُهُ سَلْسَالٌ[3]

وَحَصْحَصُهُ[4] مِسْكٌ وَدُوْرُهُ[5] صُرُوحٌ وَآطَامٌ[6] وَلِأَهْلِهِ

حُوْرٌ وَحُلَلٌ[7] وَحُلِيٌّ[8] وَحُمُوْلٌ[9] وَأُكُلٌ أَحْلَى وَمَاعِدُوْهُ

وَهُمْ أَصْدَاعٌ[10] وَسَامِرٌ وَدَارًا لِلسَّاعُوْرِ مِهَالٌ[11] مَمْلُوٌّ

سُعْرًا[12] كَالسَّاعُوْرِ أَهْلُ مَعَاصٍ لَهَا مَسَاعِرُ[13]

وَالْأَسْطَامِ[14] وَوَارِدُهَا أُعِدَّ لَهُ مُهْلٌ[15] وَسَلَاسِلُ

وَسُعُرٌ وَحَاصِرُهُ سُوْءٌ[16] وَمُوْلِمُهُ سُعَارٌ[17] وَأُوَامٌ[18]

أَلَا أَمَا أَلْهَاكُمْ عَمَّا أَمَرَكُمُ اللهُ وَرَسُوْلُهُ أَمْوَالُكُمْ

وَأَوْلَادُكُمْ وَأَحِمَّائُكُمْ وَالْمَهُوْسُ وَالْإِدْمَامُ وَمَا أَمَالَكُمْ

الْهَوٰى إِلَى الطَّلَاحِ[19] وَالْمُرُوْدِ[20] وَالطِّمَاحِ[21] وَإِهْمَالِ الْأَوَامِرِ[22]

---

[1] سحاح ہوا ۱۲ [2] روح نسیم خوش ۱۲ [3] سلسال آب خوش کہ بہ گلو فرو دوران شود ۱۲ [4] حصحص خاک ۱۲ [5] دور جمع دار سرائے ۱۲ [6] آطام قصور ۱۲ [7] حلل جمع حلہ ۱۲ [8] حلی جمع حلیہ زیور ۱۲ [9] حمود ہودج ہا ۱۲ [10] اصداع و قدر شاہ [11] مہال مس گداختہ ۱۲ [12] سعر گرمی آتش ۱۲ [13] ساعر فروزیندہ آتش ۱۲ [14] اسطام فروزیندہ آتش ۱۲ [15] مہل عذاب و مس گداختہ ۱۲ [16] سوائی عذاب دہی و آتش ۱۲ [17] سعار گرمی آتش و سختی گرسنگی ۱۲ [18] اوام حرارت تشنگی ۱۲ [19] اطلاح فساد ۱۲ [20] مرود سرکشی ۱۲ [21] اطماح سرکشی ۱۲ [22] اہمال فروگذاشتن چیزے را بجود ۱۲

وَالْمُحَرَّمِ وَالْإِلْمَامِ ۞ اَللّٰهُمَّ وَالِ وَلَاءَ مُحَمَّدٍ وَعَمِّرْهُمْ وَعَادِ

أَعْدَائَهُمْ وَدَمِّرْهُمْ وَدَمِّرْ أَعْدَاءَ الْإِسْلَامِ ۞ اَللّٰهُمَّ احْمِ

مَلِكَ الرُّوْمِ وَعَسَاكِرَهٗ وَهُوَ حَارِسُ دَارِكَ وَدَارِ

رَسُوْلِكَ وَعَالِ عَسَاكِرَهٗ عَلٰى أَعْدَائِهِ اللِّئَامِ ۞ اَللّٰهُمَّ

احْمِ الْمَلِكَ الْمُكَرَّمَ اِسْمُهٗ اِسْمَا صِهْرَيِ الرَّسُوْلِ الْأَكْرَمِ

وَأَعْلِهٖ عَلٰى أَهْلِ الْعَالَمِ وَالْأَعْلَامِ ۞ اَللّٰهُمَّ أَعْطِهٖ عُمُرًا

أَطْوَلَ مَعَ اِصْلَاحِ الْعَمَلِ وَارْحَمْ عَلٰى أَهْلِ مُلْكِهٖ وَاحْمِ اَللّٰهُمَّ

كُلَّ مُلُوْكِ الْإِسْلَامِ وَارْحَمْ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ سَامِعٍ وَأَصَمَّ وَدَحْدَاحٍ

وَأَعَمَّ وَحَمُوْلٍ وَصَالِحٍ وَطَمُوْلٍ وَطَالِحٍ وَكُرَّمٍ وَمِرْدَامٍ ۞ عُصَا

الْإِسْلَامِ رَحِمَكُمُ اللّٰهُ الْعَلَّامُ اِذْكُرُوا اللّٰهَ السَّلَامَ وَعَسَلُ اللّٰهِ

أَحْلٰى وَأَعْلٰى وَأَوْلٰى وَأَهَمُّ وَأَطْهَرُ ۔

---

[1] اَلْمام بدی وگنہ کردن ۱۲ [2] اسما صہری الرسول وہما عثمان وعلی و یرید بہ میر عثمان علیخان بادشاہ دکن ۱۲ [3] دحداح کوتاہ بالا ۱۲ [4] اعم گروہ بسیار ۱۲ [5] طمول غیر صالح ۱۲ [6] کرم مردان جوانمرد ۱۲ [7] مردام بے خبر ۱۲ [8] عصا جماعت ۱۲ [9] عسل ذکر جمیل ۱۲

در مدحِ علم و مذمتِ مالِ بے کرم

صار دار العلم دار السلام
وَالسّلام علی الاوداء الکرام

عَلّمَ الاسماءَ آدمَ کُلّھا
مدح علم آمد سراسر در کلام

در کلام اللہ آمد مدح علم
علم راس المال آمد لا کلام

علم را مداح اللہ و رسول
علم مردم را کملحِ لِلطّعام

علم را در دہر حاصل ہر کہ کرد
مر محال آمد کہ او گردد مُلام

گوہر مال و مراد علم دہد
علم عروس دہر و طاؤس مرام

علم حل کردہ مہام کار ما
علم عالم را دہد عمر دوام

علم آرامِ دلِ اہلِ کمال
سرمۂ اعمیٰ مگر دار کرام

علم در ہر حال روح حور دل
مال گردد گہ حلال و گہ حرام

در حصول علم دلہا را سرور ⁂ در حصول مال دلہا را کلام

مَا لَكَ دَاءٌ دَوَاءُ الدَّاءِ علم ⁂ مال درد و علم دارو والسلام

مال ماء گرم و ماء سرد علم ⁂ مال مالک علم حارس لاکلام

ہم عمل دُرّ کلاه اہل علم ⁂ راه علامہ صراط کالسہام

مصدر صلح و کرم علم و عمل ⁂ لمعِ طوسِ العلم ہادِ للکرام

صالح و موسیٰ محمدؐ ہود و لوط ⁂ بر ہمہ علام و عالم را امام

مر محمدؐ عالم کل آمده ⁂ روح او را صد درود و صد سلام

سَلَّمَ اللّٰهُ عَلٰى اَعْمَامِهِ ⁂ عم اسد المعارك والہمام

صاح اسلم على الرسول وآلہ ⁂ وَعَلٰى مَلِكِ الملوك والكرام

آنکرم گرد و رگرد ملک ⁂ حاکم مصر کرم ممدوح عام

اسم او اسم دو دا مادرِ رسول ⁂ رہبر و عدل و مکارم لاکلام

سرمه ام گرد و شم ہوا را او ⁂ کاہو حرص و ہوا را کرد رام

دہر در علم و عمل مداح او ⁂ سالک راه ہدیٰ مولی الکرام

مرکلام او همه سحر حلال — که کلام الملک ملک الکلام

هور ما سردار ما سرکار ما — مالک الاحرار والملک الهمام

همسر کاؤس دارا کاو راک — راو مرد ده دله دلدار عام

خاتمہ دیگر تحقیق انیق متعلق مسئلہ تراویح میں

پہلی فصل میں بیس تراویح پر خلفائے راشدین اور دیگر صحابہ سید المرسلین صلوات اللہ علیہ وعلی آلہ وصحبہ اجمعین کے عمل کرنے اور مواظبت فرمانے کا ثبوت روایۃً اور درایۃً دیا گیا ہے جس سے یہہ امر یقیناً واضح ہو گیا کہ بیس تراویح کا پڑہنا خلفائے راشدین اور صحابہ کی سنت ہے۔ اور کسی محقق محدث نے بیس تراویح کی سنت صحابہ ہونے میں شک نہیں کیا۔ ہاں اس امر میں اختلاف ہے کہ خود حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی بیس تراویح پڑھی ہیں یا نہیں۔ اس باب میں حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے پانچ حدیث کی کتابوں میں ایک روایت موجود ہے جس سے ثابت ہے کہ خود حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بیس تراویح پڑہی ہیں۔ الفاظ اس حدیث[1] کے یہہ ہیں۔ کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی فی رمضان فی غیر جماعۃ بعشرین رکعۃ والوتر۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان شریف میں جماعت کے بغیر بیس تراویح

[1] تحفۃ الاخیار صہ ۱۹

اور وتر پڑھتے تھے۔ روایت کیا اس حدیث کو بیہقی نے اور ابن ابی شیبہ نے مگر اس میں لفظ بغیر جماعت کا نہیں ہے۔ اور روایت کیا اس حدیث کو بغوی نے معجم میں اور عبد حمید نے اپنے مسند میں۔ اور طبرانی نے اپنی حدیث کی کتاب میں مگر ان سب روایتوں میں مابین الاسناد ابراہیم بن عثمان واقع ہوتا ہے اور وہ بالاتفاق متکلم فیہ اور مجروح ہے۔ اسواسطے یہہ سب روایتیں ضعیف ہیں لیکن واضح ہو کسی محدث نے اس حدیث کو موضوع نہیں کیا کسی حدیث کا ضعیف ہونا اس کے موافق عمل کرنے کو مانع نہیں خاص کر جب عمل صحابہ سے اس حدیث کی تائید ہو گئی ہو غرض روایتہ بیشک یہہ حدیث ضعیف ہے لیکن درایتہ بوجہ مواظبت صحابہ خصوصًا خلفائے راشدین اسکو پوری قوت ہے۔ فتح المنان[1] میں ہے۔

فالظاهر انه ثبت عندهم صلوة النبي صلى الله عليه وسلم عشرين ركعة كما جاء في حديث ابن عباس فاختاره عمر رضي الله عنه

ترجمہ ظاہر یہہ ہے کہ صحابہ کے نزدیک حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا بیس تراویح پڑھنا ثابت تھا جیسا حدیث ابن عباس میں آیا ہے پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسکو اختیار کیا۔ اب اس مقام پر ایک بڑا شبہ وارد ہوتا ہے کہ حدیث ابن عباس کے مقابلہ میں جو بالاتفاق ضعیف ہے۔ دوسری حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا جو بالاتفاق صحیح ہے معارض واقع ہوئی ہے۔

الفاظ اس[2] کے یہہ ہیں کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یزید فی رمضان ولا فی غیرہ علی احدی عشرۃ یصلی اربعًا

[1] تحفۃ الاخیار صفحہ ۲۸ [2] تحفۃ الاخیار


ثم یصلی اربعا ثم یوتر ثلاثا حضرت عائشہ فرماتی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان اور غیر رمضان میں گیارہ رکعت سے زیادہ نہیں پڑھتے تھے پہلے چار پڑھتے پھر چار پڑھتے پھر تین وترادا فرماتے۔ جواب اسکا ارکان اربعہ میں محدث شیخ عبدالحق دہلوی نے تو یہہ دیا ہے کہ فی الواقع حدیث ابن عباس اور حدیث ام المومنین عائشہ باہم متعارض ہی نہیں حضرت نے اپنے علم کے موافق خبر دی اور ہوسکتا ہے یہہ بیس رکعتیں حضرت ام المومنین میمونہ کے گھر میں ہوں جسکی خبر حضرت عائشہ کو نہوئی ہو۔ اور ابن عباس رضی اللہ عنہ نے دیکھا ہو اور صحابہ کا بیس رکعات پر مداومت کرنا حدیث ابن عباس کی صحت کا قرینہ ہے عبارت ارکان اربعہ کی یہہ ہے قال الشیخ عبدالحق قالوا الاسناد ضعیف یعارضہ حدیث ام المومنین و الظاہر انہ لامعارضۃ لان ام المومنین انما اخبرت بما علمت ولعل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صلی عشرین رکعۃ فی بیت ام المومنین میمونۃ و شاھد ذلک ابن عباس و مواظبۃ الصحابۃ علی عشرین قرینۃ صحت ذلک الروایۃ اور خاتم المحدثین مولانا شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے رفع تعارض میں یہہ تحریر فرمایا ہے کہ حدیث عائشہ صدیقہ جس سے گیارہ رکعت نماز شب ثابت ہوتی ہے۔ اسکو قیام رمضان سے تعلق ہی نہیں یہہ حدیث نماز تہجد کے متعلق ہے۔ اسیواسطے کتب احادیث میں باب قیام رمضان کا جدا لکھتے ہیں اور باب قیام اللیل کو علحدہ۔ عبارت شاہ صاحب بجنسہ نقل کیجاتی ہے۔ پس وجہ تطبیق این روایات کہ دلالت بر زیادت می کنند نماز تراویح

ے فتوی میں تراویح صرف مطبع نظامی ے فتوی میں تراویح صرف ے تحفۃ الاخیار

حضرت صلی الله علیه وسلم در رمضان و غیر آن میکنند و دران روایت که نفی زیادت میکند نیست که آن روایت محمول بر نماز تهجد است که در رمضان و غیر رمضان یکسان بود و غالبًا عددش بقدر یازده رکعت مع الوتر میرسید.

و دلیل برین حمل آنست که راوی این حدیث ابوسلمه در تتمه این روایت میگوید قالت عائشة فقلت یا رسول الله اتنام قبل ان توتر قال یا عائشة ان عینی تنامان ولا ینام قلبی کذا رواه البخاری. و ظاهر است که نوم قبل از وتر در نماز تهجد متصور میشود نه در غیر آن. و روایات زیادت محمول بر نماز تراویح است که در عرف آن وقت بقیام رمضان مسمی بود که آن حضرت صلی الله علیه وسلم در حق آن فرموده است من قام رمضان ایمانا واحتسابا غفر الله له ما تقدم من ذنبه. و لهذا در کتب حدیث باب قیام رمضان را جداگانه از باب قیام اللیل که عبارت از تهجد است منعقد کرده اند. بالجمله از احادیث مذکوره والفاظ مسطوره یعنی مزید جد و اجتهاد و احیاء لیله و شد مئزر و ترغیب قیام رمضان این قدر معلوم شد که عدد رکعات صلوٰة در لیل رمضان نسبت غیر رمضان بسیار بود و در مصنف ابن ابی شیبه و سنن بیهقی بروایت ابن عباس وارد شده که کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یصلی فی رمضان فی غیر جماعة عشرین رکعة والوتر اما بیهقی این روایت را تضعیف کرده بعلت آنکه راوی این حدیث ابوشیبه جد ابی بکر بن ابی شیبه است حالانکه ابوشیبه آنقدر ضعف ندارد که روایت او مطروح کرده شود آرے اگر معارض او حدیث صحیح می بود البته ساقط میشود و قد سبق ان ما یتوهم معارضا له اعنی حدیث ابی سلمة

عن عائشة المقدم ذكره ليس معارضا بالحقيقة فيبقى سالماً
كيف وقد تأيد بفعل الصحابة كما روى البيهقي باسناد صحيح عن
السائب بن يزيد قال كانوا يقومون على عهد عمر بن الخطاب في
شهر رمضان بعشرين ركعة وروى مالك في الموطا عن يزيد
بن رومان قال كان الناس يقومون في زمن عمر بثلاث وعشرين
وفي رواية باحدى عشرة. وبیہقی درین ہر دو روایت جمع نمودہ است باین
طریق کہ اول صحابہ کرام عدد یازدہ را کہ عدد مشہور تہجد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
بودہ درین نماز ہم اختیار کردہ بودند لعلة المشترکة بینہما چون کہ ہر دو صلوة
اللیل وچون نزد ایشان ثابت شد کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم در رمضان در قیام
زیادت می کردند صحابہ ہم زیادت کردند بعشرین میرسانیدند عدد بیست را
اختیار کردند وبرین عدد اجماع شد. واختیار صحابہ کرام ہرچہ در ان مدخلت
عقل نباشد محمول بر تعمیم قولی یا فعلی از آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم باشد کما تقرر
في اصول الحديث. انتہی کلامہ الشریف. وفي هذا كفاية لمن له دراية وآخر
دعوانا ان الحمد لله رب العالمين والصلوة والسلام على سيد الانبياء
والمرسلين وعلى آله وصحبه اجمعين.



یہ سب کتابیں دفتر مجلس اشاعۃ العلوم مدرسۂ نظامیہ شبلی گنج حیدرآباد دکن میں مل سکتی ہیں۔

زاد السبیل الی دار الخلیل ۔ مؤلفہ مولانا مولوی مفتی محمد سعد اللہ صاحب مرحوم

یہ رسالہ حجاج و زائرین بیت اللہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ اس میں مناسک فضائل حج و عمرہ و بدعات وغیرہ [illegible] خطبہائے حج و مقامات قبولیت دعا اور مقامات متبرکہ وغیرہ کے احوال [illegible] فقہ [illegible] کے نہایت خوبی کے ساتھ لکھے گئے ہیں۔ یہ رسالہ پیشتر [illegible] چھپ [illegible] اشاعۃ [illegible] تہذیب [illegible] چھپائی عمدہ۔ کاغذ سفید [illegible]

العروۃ الوثقیٰ ۔ مؤلفہ [illegible]

یہ رسالہ [illegible] وسلم کی رویت مبارک [illegible]

[illegible]

[illegible] ۔ مؤلفہ جناب مولوی [illegible]


[illegible]

مقاصد الاسلام حصہ پنجم

حضرت مولانا مولوی حاجی حافظ عارف باللہ محمد انوار اللہ صاحب فضیلت
مد ظلہ کی مفید تصانیف اور ان کے برکات سے کون ہے جو واقف نہیں
ہے حضرت قبلہ ممدوح کی تصانیف موجودہ زمانہ کی، اقتضاء کے
موافق حمایت اسلام کی کامل ضمانت اور علوم و برکات اسلام کی اشاعت
کیلئے پوری کفیل ہیں مقاصد الاسلام کے نام سے حضرت ممدوح نے
ایک مفید سلسلۂ تصانیف کی بنیاد ڈالی ہے انعقاد مجلس اشاعۃ العلوم کے پیشتر اس سلسلہ
کے چار حصے شایع ہو چکے ہیں اب مجلس نے یہ پانچواں حصہ بھی شایع کیا ہے اور
دیگر حصص زیر طبع ہیں۔ اس حصہ میں تصوف، سزا و جزا، الفقر و فقیری،
خلافت، نبوت، اہلبیت، و صحابہ کے مفید حالات و خلفائے راشدین کی
خلافت پر نہایت عمدہ پیرایہ میں عقلی و نقلی بحثیں کی گئی ہیں اور نہایت
محققانہ طریقہ سے ایک بات ثابت کی گئی ہے چھپائی عمدہ کاغذ سفید
چکنا ۵۰ پونڈی حجم ۱۶۸ صفحات قیمت
۱ ؍

المعلن

محمد ولی الدین مہتمم مجلس اشاعۃ العلوم



سلسلہ مجلس اشاعت العلوم نمبر (۳۲)

وَإِلٰهُكُمْ إِلٰهٌ وَاحِدٌ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ

بعون عنایات رب ودود در زمن سعادت اقتران این رسالہ مفیدہ بہ پیرایہ اسلوب معنوی

یعنی

فیصلۂ شاہ صاحب دہلوی

حسب الحکم

عالیجناب معلی القاب صدر الصدور شیخ الاسلام والمسلمین

مولانا مولوی حافظ محمد انوار اللہ صاحب قبلہ دامت برکاتہ

باہتمام

جناب مولوی محمد ولی الدین صاحب مہتمم مجلس اشاعت علوم

[illegible]

فیصلہ شاہ صاحب دہلوی

نسبت

توحید وجودی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ الذی لا الٰہ الا ھو وحدہ والصلوٰۃ والسلام علیٰ من لا نبی بعدہ وعلیٰ آلہ وصحبہ واتباعہ المؤمنین عندہ اما بعد عاجز مشتاق احمد حنفی چشتی انبہٹوی عرض کرتا ہے۔ عاجز کے بعض احباب نے راقم الحروف سے ارشاد فرمایا کہ بقیۃ السلف حجۃ الخلف شیخ مشائخنا حضرت مولانا شاہ عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ نے مسئلہ وحدت الوجود کے ثبوت میں جو فیصلہ مابین قطب دوران حضرت مولانا شاہ محمد رمضان رحمۃ اللہ علیہ و مابین مولوی نور محمد جو کہ منکر توحید کے فرمایا ہے اور جس میں توحید وجودی کو ثابت کیا ہے

اس کی شرح کی ضرورت ہے کیونکہ علاوہ مشکل ہونے کے وہ عربی زبان میں ہے اردو میں شرح ہو جائے گی تو معمولی استعداد والے بھی اسکو سمجھ سکینگے اور ایسے مستند فاضل کے فتوے سے فائدہ اٹھاکر عقیدہ درست رکھینگے ۔

فاقول وباللہ التوفیق اصل قصہ یوں ہے کہ جب علاقہ سرحصار میں مولوی نور محمد نے قائلین توحید وجودی پر کفر کا فتویٰ دیا اور تحریر و تقریر کے ذریعے اولیائے سلف اہل توحید کی حد سے زیادہ توہین کرنی شروع کردی تو حسبۃً للہ ۱۲۳۵ھ میں حضرت مولانا شاہ محمد رمضان قدس سرہ نے مولوی نور محمد منکر کو ہمراہ لیا اور دہلی پہونچکر حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کو اس اختلاف کے متعلق اپنا سرپنچ اور حکم قرار دیا چنانچہ حضرت شاہ صاحب ممدوح نے طرفین کے خیالات معلوم فرماکر ایک فیصلہ تحریر فرمایا جس میں مولانا شاہ محمد رمضان قائل وحدت وجود کو عالم حقانی اور اس مسئلہ توحید وجودی کو صحیح تسلیم کیا اور مولوی نور محمد کے خیالات فاسدہ کی تردید کرکے انکار توحید وجودی سے اور بزرگان دین کو برا کہنے سے توبہ لی اور اس مشکل مسئلہ کو اچھی طرح سمجھا دیا اور تسلیم کرا دیا کہ یہ حق ہے اس فیصلہ کی عربی عبارت کو میں قولہ سے نقل کرکے اَقُوْلُ میں اسکی شرح لکھتا ہوں ۔

قولہ قالوا ان اللہ سبحانہ واحد بسیط انبسط علی ھیاکل

الموجود است بعینیته الذاتیة ویمثل بالبحر وظهوره فی صورة
الامواج المتکثرة مع انه لیس هناك الا حقیقة البحر فایجاد الحق
عبارة عن ظهور الحقیقة المطلقة بالصور المختلفة المتعددة
المشاهدة قال الله تعالیٰ الله نور السمٰوات والارض
وهو الذی فی السماء اِلٰهٌ وَّفِی الاَرضِ اِلٰهٌ وقال الله
تعالیٰ اَینَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجهُ اللهِ وقال الله تعالیٰ جُعتُ فلم
تُطعِمنِی الحدیث۔

اقول مراد یہ ہے کہ صوفیہ قدس اللہ اسرارہم نے یہ لکھا ہے کہ
اللہ پاک اپنی ذات وصفات میں یکتا، وحدہٗ لاشریک لہٗ ہے بسیط
ہے۔ یعنی ترکیب اور اجزا سے پاک ہے موجودات میں [illegible] کا ظہور
ایسا ہے جیسا دریا کہ وہ ایک چیز ہے مگر بے تعداد موجوں میں دریا کا
ظہور پایا جاتا ہے باوجود بے تعداد اور کثرت امواج کے دریا [illegible]
ایک ہی چیز ہے اس تعدد امواج سے دریا کے توحید میں فرق
نہیں آیا ہے اگر دریا میں موجیں بالتعدد پیدا ہوں [illegible] حباب یعنی
بلبلے بکثرت آشکارا ہوں یا برف کے ٹکڑے [illegible] جائیں تو ہر چند
موج یا حباب یا برف [illegible] سے گرفی الواقع [illegible] دریا [illegible]
کا پانی ہے موجیں اور بلبلے و برف کے ٹکڑے [illegible]
ہیں پھر [illegible] میں [illegible]
معیت ذاتیہ ہے۔ [illegible]

مختلف اور متعدد صورتوں میں ظاہر کرتا ہے اسی واسطے قرآن پاک میں فرمایا اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یعنی اللہ آسمانوں اور تمام زمین کا نور ہے۔ نور وہ ہے کہ بذات خود ظاہر ہو ظہور اس کا مستقل ہو دوسری شئے کا محتاج نہو دیگر اشیاء اس کے سبب ظاہر ہوں اگر نور نہو تو وہ عدم کے ظلمات میں معدوم ہوں لہذا فی الواقع موجود بوجود حقیقی بجز واجب الوجود کے اور کوئی چیز نہیں وہی آسمان میں معبود ہے وہی زمین میں معبود ہے جیسا کہ اُس نے فرمایا وَھُوَ الَّذِیْ فِی السَّمَآءِ اِلٰہٌ وَّفِی الْاَرْضِ اِلٰہٌ دوسرے مقام پر اپنے کلام قدیم میں فرماتا ہے اَیْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْہُ اللّٰہِ یعنی جس طرف منہ پھیرو وہیں معبود برحق اور وجود مطلق موجود ہے حدیث قدسی میں یہانتک آشکارا بتلایا کہ جُعْتُ فَلَمْ تُطْعِمْنِیْ یعنی اے طالب نادان میں بھوکا تیرے سامنے آیا یعنی مظہر اتم انسان خیفہ میں ظہور کیا مگر تو نے کھانا نہ دیا غرض معبود برحق ہی موجود حقیقی ہے اور تمام موجودات مخلوقات کا وجود انتزاعی اور اعتباری ہے مثلاً سیاہی سے نقوش اور حروف قسم قسم کے لکھے جاتے ہیں ان نقوش اور حروف کے نام جدا جدا بھی ہیں مگر غور کرنے سے معلوم ہو جاتا ہے کہ حقیقت ان تمام نقوش اور حروف کی سیاہی ہے سیاہی اُن کی غیر نہیں اور یہ سیاہی سے جدا نہیں کیا اچھا فرمایا کسی عارف نے۔

ہر نقش کہ بر تختۂ ہستی پیدا ست
آں صورت آنکس است کاں نقش اراست

دریائے کہن چو برزند موجے نو موجش خوانند و در حقیقت دریاست

قوله وقال فی جامع الاصول فی آخر حرف الضاد فی الکتاب الله تعالیٰ فی الصفات عن ابی هریرة رضی الله عنه قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقرأ هٰذه الایة ان الله یامرکم ان تؤدّوا الامانات الیٰ اهلها الیٰ قوله تعالیٰ ان الله کان سمیعاً بصیراً ورأیت رسول الله صلی الله علیه وسلم یضع ابهامه علیٰ اذنه والتی تلیها علیٰ عینیه اخرجه ابو داؤد وفیه اشعار بانه السمیع بالاذن والبصیر بالعین فی تجلیه الظلی فذوات الممکنات وصفاتهم وافعالهم عاریة وامانة وهو سبحانه یسمع بسمعه الذاتی ویبصر ببصره الذاتی فی مرتبة الالوهیة انتهی عن کتاب معیار الموحدین

اقول حضرت مولانا شاہ عبد العزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ بحوالہ جامع الاصول یہ حدیث نقل کرتے ہیں کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ کہتے ہیں میں نے سنا کہ حضور رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ آیت قرآن شریف پڑھتے ہوئے ان الله یامرکم ان تؤدوا الامانات الی اهلها واذا حکمتم بین الناس ان تحکموا بالعدل ان الله نعما یعظکم به ان الله کان سمیعاً بصیراً جب سمیعاً بصیراً کے الفاظ پر پہنچے تو انگوٹھا شریف کان پر رکھا اور انگشت شہادت حضور نے اپنی آنکھ مبارک پر رکھ لی۔ پس شاہ صاحب

فرماتے ہیں کہ حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس عمل سے اشارہ ہوگیا اس طرف کہ اللہ کریم اپنی تجلی ظلی میں کان سے سنتا ہے اور آنکھ سے دیکھتا ہے یعنی وہ خود کان اور آنکھ جسمانی سے پاک ہے مگر انسان جو مظہر رحمان ہے اور اُس نے اس مظہر خاص میں تجلی فرمائی ہے اس مظہر کا سننا دیکھنا اسی کا سننا اور اسی کا دیکھنا ہے مثلاً جب حضور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کفار پر کنکریاں پھینکیں سب کی آنکھوں میں پڑیں اور وہ صحابہ کے مقابلہ سے بھاگ نکلے تو اس قصہ کی نسبت اللہ کریم قرآن پاک میں فرماتا ہے وما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمٰی اے حبیب کفار پر جب آپ نے کنکریاں پھینکیں وہ آپ نے نہیں پھینکیں بلکہ فی الواقع اللہ یعنی ہم نے پھینکیں۔ پس ممکنات کی ذوات اور انکی صفات اور افعال مستعار اور امانت ہیں اصلی اور حقیقی وجود ذوات وصفات وافعال میں اسی کا ہے وہ اللہ پاک اپنی سمع ذاتی سے سنتا ہے اور اپنی ذاتی بینائی سے دیکھتا ہے وہ اپنے مرتبہ میں معبود برحق ہے کیا اچھا فرمایا کسی بزرگ نے۔ **رباعی**

آفتابے در ہزاراں آبگینہ تاختہ
پس برنگے ہر یکے تابے عیاں انداختہ
اختلافے نیست لیکن رنگہائے مختلف
اختلافے درمیان این وآں انداختہ

قولہ۔ دیگر آیات ہم خواندہ شد چنانچہ نحن یھم آیا متنا

فی الآفاق وفی انفسہم حتی یتبین لہم انہ الحق اولم یکف

بربک انہ علی کل شئ شہید الا انہم فی مریۃ

من لقاء ربہم الا انہ بکل شئ محیط وما رمیت اذ رمیت

ولکن اللہ رمیٰ وان الذین یبایعونک انما یبایعون اللہ ید اللہ

فوق ایدیھم۔

اقولُ: حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مولوی نور محمد منکر توحید کو دیگر آیات سے توحید وجودی کا ثبوت بتلایا گیا مثلاً یہ آیہ سنریہم آیاتنا فی الآفاق الخ یعنی اللہ کریم فرماتا ہے ہم دکھلائیں گے ان کو اپنی نشانیاں جہان میں اور خود ان کے اندر یہانتک کہ ان کو معلوم ہو جائے گا کہ وہ حق ہے کیا تیرے رب کے واسطے یہ کافی نہیں ہے کہ وہ ہر شئے پر حاضر ہے یعنی کوئی شئے اس کے علم سے باہر نہیں خبردار وہ تو اپنے رب کی ملاقات میں شک رکھتے ہیں خبردار اللہ تو ہر شئے پر محیط ہے۔ واضح ہو کہ اللہ کریم کے احاطۂ اشیاء کو علماء احاطۂ علمی اور احاطۂ قدرتی رکھتے ہیں کہ اللہ کریم اپنے علم اور قدرت سے تمام اشیاء ماسوی اللہ کو محیط ہے کوئی چیز اس کے علم سے اور اس کی قدرت سے باہر نہیں۔ مگر محققین صوفیۂ کرام کی تحقیق میں یہ احاطہ ذاتی ہے کیونکہ احاطہ بالذات اسے کہتے ہیں کہ جس میں محاط کے ہر جزو کو محیط کی ذات سے تعلق ہو اور یہاں اسی طرح ہے کہ

تمام اشیاء کو یعنی تمام مخلوق کو خالق کی ذات سے تعلق ہے ورنہ استغنا لازم آجائے۔ یعنی اگر محاط (مخلوق) کے کسی جزو کو محیط (خالق) کے ساتھ تعلق نہ ہو تو لازم آئے کہ وہ محتاج اور ممکن نہ رہے۔ حالانکہ یقیناً ماسوی اللہ تمام مخلوقات و ممکنات خلق میں خالق کے محتاج ہیں۔ پس جب محاط کے کسی جزو کو ذات محیط سے استغنا نہیں بلکہ ہر جزو کو تعلق ہے تو محیط کا احاطۂ ذاتی ثابت ہے وہو المطلوب۔ ہاں یہ شبہ واقع ہوتا ہے کہ اگر احاطۂ ذاتی تسلیم کیا تو اس سے محیط کی تجزّی لازم آئیگی کیونکہ محاط تمام مخلوقات سے ہر ایک کے ساتھ احاطۂ ذاتی سے محیط ہیں اجزائے بے نہایت تسلیم کرنے پڑیں گے اور یہ ناجائز ہے۔

جواب اس شبہ کا یہ ہے کہ جب محققین صوفیۂ کرام کے نزدیک وجود محاط (مخلوقات کا) وہمی اور اعتباری ہے حقیقی اور نفس الامری نہیں تو موجود اعتباری کو احاطہ کرنے سے تجزی لازم نہیں آئیگی۔ دوسرا جواب یہ ہے کہ علماء کے نزدیک بھی اللہ کریم اپنے علم اور قدرت سے محیط ہے اور علم و قدرت اس کی صفات ہیں اور صفات باری تعالیٰ کسی کے نزدیک بھی اسکی ذات سے جدا نہیں خواہ ان کو عین ذات کہیں یا لا عین و لا غیر کہیں جب صفات ذات سے جدا نہیں تو صفات کا احاطہ کرنا ذات باری کا احاطہ کرنا ہے جب ذات ہی محیط ہے اور غیر کا وجود نہیں تو نتیجہ نکلا کہ واقعی

اور حقیقی وجود اللہ ہی کا ہے وہی ہر جگہ موجود ہے۔ دوسری موجودات
جو محسوس بحس ظاہر ہیں اور محاط ہیں ان کا وجود وہمی اور غیر حقیقی ہے
آیہ وما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمی کا بیان پہلے گذر چکا
کہ اس میں اللہ کریم حضور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کنکریاں
پھینکنے کو اپنا پھینکنا بتلاتا ہے اور یہ آیہ ان الذین یبایعونک
انما یبایعون اللہ میں یوں فرماتا ہے کہ اے حبیب جو آپ سے
بیعت کرتے ہیں وہ اللہ سے بیعت کرتے ہیں یعنی آپ کے ہاتھ میں
ہاتھ دینا اللہ ہی کے ہاتھ میں ہاتھ دینا ہے وجہ ان سب کی یہی
ہے کہ وجود مطلق تمام موجودات کو محیط باحاطۂ ذاتی ہے دریا اور
حباب کا فرق ہے کہ نام تو حباب کا دوسرا ہے مگر حقیقت اسکی
وہی دریا ہے فرمایا مولانا جامی علیہ الرحمۃ نے۔ رباعی۔

در کون ومکاں نیست عیاں جز یک نور　　ظاہر شدہ آں نور بانواع ظہور
حق نور وتنوع ظہورش عالم　　توحید ہمین است دگر وہم وغرور

قولہ ودیگر احادیث ولو انکم دلیتم بحبل علی الارض
لسفلی لھبط علی اللہ این ہمہ دلالت میکند بر ثبات وحدت
وجود وحقیقت الحقائق کہ مصطلح صوفیۂ اہل حقائق است وایشاں
اہل اللہ کامل در شرائع واکمل للایمان اند

اقول۔ اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اگر تم نیچے کی زمین پر
رسی لٹکاؤ تو وہ اللہ پر پڑیگی یعنی وہ ہر جگہ موجود ہے آسمان اور

زمین ہیں وجود حقیقی اس کے سوا اور کسی کا نہیں وہی وجود واحد ہے جس کے ظلال اور عکوس کا نام عالم ہے۔ عالم کہتے ہیں اس چیز کو جس سے دوسری شے معلوم ہو پس عالم بوجہ ظل اور بہ سایہ ہونے کے جس کا سایہ ہے اسپر دلالت کرتا ہے اور بوجہ عکس ہونے کے جس کا عکس ہے اس کی ذات بتلاتا ہے جیسے آفتاب کی روشنی ہر ذرہ کو ذرات عالم سے روشن بنا دیتی ہے اسی طرح وجود مطلق کے پرتو نے تمام موجودات کو وجود کا فیض پہنچایا ہے زمین، آسمان، حیوان، انسان، سب نے وجود مطلق کے پرتو سے وجود پایا مگر خود ان سب کا وجود اعتباری ہے اسی واسطے ان پر تغیرات گوناگوں واقع ہوتے ہیں وجود مطلق یعنی واجب الوجود ازل سے ابد تک ایک ہی حالت میں ہے کُلَّ یَوْمٍ ھُوَ فِیْ شَاْنٍ ہر روز اور ہر لحظہ اسی کے ظلال اور عکوس کا ظہور ہوتا ہے اور وہ اپنی وحدت صرفہ پر قائم ہے مثلاً آفتاب ہے کہ مختلف اجسام پر اور متعدد اشیاء پر اپنا نور ڈالتا ہے اور تمام اجسام منور بنور آفتاب ہو جاتے ہیں اور ہر جسم کے خواص جدا جدا ہیں مگر اس اختلاف مظاہر سے اسکی ذات میں تغیر نہیں آیا۔

ایں ہمہ رنگہائے پر نیرنگ ؎ خم وحدت کند ہمہ یک رنگ

قولہ۔ چنانچہ امام غزالی شیخ الاسلام در کیمیائے سعادت آوردہ و صاحب ملتقط در ملتقط ہم نوشتہ اِعْلَمْ اَنَّ التَّوْحِیْدَ عَلٰی اَرْبَعٍ

مراتب الاولیٰ ان یقول لا الٰہ الا اللہ باللسانِ وقلبہ غافل عنہ
او منکر لہ کتوحید المنافق۔ والثانیۃ ان یصدق بمعنی
اللفظ قلبہ کما یصدق بہ عموم المسلمین وھو
اعتقادہ والثالثۃ۔ ان یشاھد ذٰلک بطریق الکشف
بواسطۃ نور الحقّ وھو مقام المقربین وھو ان یری
اشیاءَ کثیرۃ لکن یراھا صادرۃ من الوحدۃ والرابع
ان لا یری فی الوجود الا وحدہ وھو مشاھدۃ الصدّ یقین۔

اقول ۔حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ بحوالہ کیمیائے سعادت وملتقط تحریر فرماتے ہیں کہ توحید کے چار درجے ہیں پہلے درجے میں صرف زبان سے لا الٰہ الا اللہ کہتے ہیں۔ اس میں تو منافق بھی شریک ہیں اس قسم کی زبانی توحید قابل التفات نہیں۔ دوسرا درجہ توحید کا وہ ہے کہ جس میں زبان سے اقرار کے سوا دل سے بھی توحید کی تصدیق اور اس پر یقین ہو شرع شریف میں اسپر اعتبار ہے اور عام اہل اسلام دل سے اسپر اعتقاد رکھتے ہیں کہ اللہ وحدہ لاشریک لہ یکتا ہے۔ تیسرا درجہ توحید کا یہ ہے کہ اعتقاد کے علاوہ مکاشفہ سے بھی توحید کا مقام کھل گیا ہو اگرچہ ظاہر میں بہت اشیاء نظر آتے ہیں مگر سب میں نور حق کی سرایت نظر آتی ہے "توحدۃ فی الکثرۃ" کا مضمون دکھائی دیتا ہے یہ مقام مقربین کا ہے چوتھا درجہ توحید کا جو اعلیٰ درجہ ہے وہ

یہ ہے کہ بجز ایک ذات کے جس کا وجود حقیقی ہے اور واجب الوجود ہے۔ دوسری اشیاء ماسوی اللہ کے وجود ہی نظر نہ آئیں کیونکہ وہ ظلال اور عکوس ہیں موجود بوجود حقیقی کے ہوتے عکسی اور ظلی وجود ایسے شخص کو جس کی بصر بصیرت حق بین ہو نظر میں نہیں آئے گا

قال العارف الربانی مولانا عبد الرحمٰن جامی۔ **رباعی**

مجموعۂ کون را بقانون سبق	کردیم تصفح ورقاً بعد ورق
حقا کہ ندیدیم ونخواندیم درو	جز ذات حق وشیون ذاتیہ حق

اگر یہ شبہ پیدا ہو کہ تمام ممکنات کی موجود بوجود حسی ہونے پر عقلاء اور علماء کا اجماع ہے تکلیف شرعی اسی پر مترتب ہے ثواب وعقاب حساب وکتاب۔ جنت و دوزخ یہ سب اسی وجود کے مسلّم کرنے پر موقوف ہیں پس صوفیہ کس طرح اس کا انکار کرتے ہیں۔

جواب اس کا یہ ہے کہ صوفیۂ کرام موجودات اور ممکنات کے وجود حسی کے منکر نہیں ثواب وعقاب کے مترتب ہونے اور جنت ودوزخ میں جانے پر ایمان رکھتے ہیں ہاں یہ کہتے ہیں کہ واجب الوجود کے سوا اور کوئی شئے نفس الامر میں موجود بوجود حقیقی نہیں کیونکہ کلام الٰہی میں فیصلہ فرمادیا گیا ہے کہ اللہ کریم کی ذات پاک کے سوا ورتمام اشیاء فی الواقع معدوم ہیں چنانچہ فرمایا

كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَهُ بیضاوی شریف میں ہے الا ذاتہ

فان ماعداہ ممکن ہالک ہ نانی سعنوی ہے ہیں فی حد ذ

معدوم یعنی ہر شئے نفس الامر میں معدوم ہے صرف اللہ کریم کی
ذات پاک موجود بوجود حقیقی ہے۔ پس صوفیہ کرام موافق اس آیت کے
یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ جیسے اللہ کریم اپنی ذات اور صفات میں یکتا
اور وحدہٗ لا شریک لہٗ ہے ایسا ہی اپنے وجود میں وحدہٗ
لا شریک لہٗ ہے کیونکہ اس کا وجود حقیقی اور نفس الامری ہے
اس پر کبھی عدم نہیں آتا ماسوی اللہ اور تمام عالم کا وجود اس کے وجود
کا عکس اور ظل ہے۔ قال مولانا جامی علیہ الرحمہ۔ رباعی۔

ای آنکہ خوری غم حاسد تا کے	تا رو تو بہ چند ز غم ہا تا کے
معدومی و خیال ہستی از تو	فاسد باشد خیال فاسد تا کے

اگر یہ شبہ پیدا ہو کہ صوفیہ کرام کے نزدیک وجود حقیقی اور نفس الامری
ہوتا ہے کوئی اس کا شریک نہیں مگر آیت کُلُّ شَیْءٍ هَالِكٌ
اِلَّا وَجْهَهٗ سے حسب تصریح [illegible] ثابت ہے کہ اشیا کا موجود
وجود کے بعد عدم عارض ہوا پس یہ آیت توحید وجودی کی مثبت نہیں
بلکہ منافی ہے۔

جواب۔ معنی هالك کے یہ ہیں کہ ہر موجود چیز معدوم ہو جائے گی [illegible]
[illegible] کے معنی جیسا کہ بیضاوی شریف سے نقل ہو [illegible]
سے کسی چیز سے وجود حاصل نہیں کیا اور جو کچھ ماسوی [illegible]
[illegible] اور دکھائی دیتا ہے وہ بھی [illegible]
[illegible] خواب میں [illegible]

ہوجاتے ہیں مگر فی الواقع اور نفس الامر میں ان کا وجود نہیں ہوتا شعبدہ اور بازی میں درخت اور انسان وغیرہ دنیا کی چیزیں دیکھنے والا دیکھتا ہے مگر نفس الامر میں کچھ نہیں ہوتا۔ قال مولانا جامی۔ **رباعی**۔

ہستی کہ بود ذات خداوند عزیز	اشیا ہمہ در وے اند و در ہمہ چیز
اینست بیاں آنکہ عارف گوید	باشد ہمہ چیز مندرج در ہمہ چیز

سوال۔ ہمنے تسلیم کیا کہ وجود حقیقی ایک ہی ہے اور وہی واجب الوجود ہے مگر بداہتہً جو تمام عالم اور بنی آدم اور حیوانات و نباتات وجمادات نظر آتے ہیں وہ سب نظر کے سامنے موجود ہیں کوئی عاقل ان کے وجود سے انکار نہیں کر سکتا ہے پس وحدت الوجود کے کیا معنی ہوئے

جواب۔ جو کچھ عالم میں نظر آرہا ہے یہ اُس وجود حقیقی ہی کے کمالات او مظاہر ہیں پس ان مظاہر کثیرہ کا وجود اعتباری اس وجود حقیقی کی وحدت کے منافی نہیں اس مضمون کو حضرت شیخ مشائخنا قطب العالم شیخ عبد القدوس گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ رسالہ عجائب الفوائد میں اسطرح تحریر فرماتے ہیں۔

فائدہ۔ چوں وجود نزدیک محققان واحد است وما عدائے او محض عدم است پس خیر و شر و ثواب وعقاب نعیم وجحیم معذِّب ومعذَّب کیست۔

جواب۔ من حیث الذات وحدۃ صرف است امّا من حیث الاسماء والصّفات تعدد وتکثر می نماید کہ در مظاہر بیان اسماء

اسما تقابل درمیان صفات تضاد است سلطنت اسم الہادی موجب ہدایت و ثمرات آں شد و سلطنت اسم المضل موجب ضلالت و ثمرات آں شد پس در حقیقت وجود واحد است - اما بنظر اعتبارات اسمائے متقابلات و حیثیات صفات متضادہ بصور مختلفہ و اشکال متعددہ نمودہ و ایں قادح نیست در طریقت وحدت صرف را پس مظاہر اسمائے جمالیہ با جمال و نعیم و خیر و ثواب مناسبت و ملازمت دارند و مظاہر اسمائے جلالیہ با جلال و عذاب و شر و جحیم مناسبت و ملازمت دارند و آنجاکہ ذات صرف است جمال و جلال ہر دو محو و مستہلک اند - خواجہ عطار فرماتے ہیں - **اشعار** -

غیر حق اندر جہاں نیست اے پسر	باز داں اسرار شو صاحب نظر
غیر حق اندر دو عالم تو مبیں	شک بسوزان و گذر کن از یقیں
غیر حق اندر دو عالم نیست کس	اندریں راہ است ایں ارشاد بس
گر تو بینی غیر حق اندر جہاں	باز مانی از جمال حبا و داں

سوال - تمام موجودات اور ممکنات جب اسی وجود واجب الوجود کے مظاہر ہیں تو موجودات میں نیک و بد پاک و ناپاک خیر و شر دونوں ہی پائے جاتے ہیں کیا بد اور شر اور ناپاک کو واجب الوجود کا مظہر کہینگے؟

جواب - موجودات اور ممکنات میں بحیثیت مظہر واجب الوجود ہونے کے نقصان کسی قسم کا نہیں ہے مگر دوسری حیثیت سے

کہ ان کو عدم سے تعلق ہے کہ معدوم تھے اور معدوم ہو جائینگے
ان میں نقصان پایا جاتا ہے۔ پس شر اور بد اور ناپاک ہونا عدم
کے ساتھ نسبت ہونے سے پایا گیا ہے وجود کے مظہر ہونے
سے نہیں پایا گیا کیونکہ وجود خیر محض ہے اس کے ہمراہ
نسبت ہونے سے نقصان نہیں پایا جا سکتا۔ فرماتے ہیں مولانا
جامی علیہ الرحمہ۔

ہر نعت کہ از قبیل خیر است و کمال	باشد ز نعوت ذات پاک متعال
ہر وصف کہ در حساب شر است و وبال	دارد بقصور قابلیات مآل

حضرت قطب الوقت خواجہ محمد معصوم سر حلقہ سلسلۂ عالیہ مجددیہ اپنے
مکتوب اسمی خواجہ میر نعمان میں فرماتے ہیں" باید دانست کہ ہر چہ
بآنجناب مقدس منسوب است ہمہ خیر و کمال است۔ خیر و کمال را
آئینہ باید تا ظہور خیریت آں بآں شود و آئینہ نمی باشد الا در مقابل شئے
و مقابل خیر و کمال شر و نقص است اذ بضدہا تتبین الاشیاء
و ظاہر است کہ مرأت ہر چند در مرأتیت خود کامل بود ظہور صورت
منعکسہ دراں اتم باشد ہر چند دید بشریت عارف بیشتر بود ظہور
خیریت دروے زیادہ و تر باشد۔ زیرا کہ ممکن فی نفسہ منشاء ہر شر و
نقص است چہ ذات او عدم است۔ قال۔

اے بردہ گماں کہ صاحب تحقیقی	واندر صف صدق و یقین صدیقی
ہر مرتبہ از وجود حکمے دارد	گر حفظ مراتب نکنی زندیقی

سوال - وجود اصلی حقیقی اور وجود ظلی اعتباری میں کیا فرق ہے۔

جواب - کئی وجہ سے فرق ہے اوّل یہ کہ وجود اصلی حقیقی واجب الوجود ہے اور وجود ظلی اعتباری ممکن اور محتاج ہے۔ دوم۔ وجود اصلی قدیم ازلاً وابداً باقی ہے اور وجود ظلی حادث اور فانی اور زوال پذیر ہے۔ سوم یہ کہ وجود اصلی بیحد اور غیر متناہی ہے اور وجود ظلی محدود اور متناہی ہے۔ چہارم یہ کہ وجود اصلی کھانے، پینے، پھرنے، سونے وغیرہ حاجات انسانی وحیوانی سے پاک ہے اور وجود ظلی ان تمام امور کا محتاج ہے۔ پنجم یہ کہ وجود اصلی بغیر کان کے سنتا ہے اور بے آنکھ کے دیکھتا ہے اور بغیر زبان کے متکلم ہے اور وجود ظلی ان اعضاء اور جوارح کے بغیر نہ سن سکتا ہے نہ دیکھ سکتا ہے اور نہ بول سکتا ہے اسیطرح وجود اصلی شکل وصورت عوارض جسمانیہ وامکانیہ سے پاک ہے اور وجود ظلی کا ظہور انہی عوارض جسمانیہ اور اشکال میں ہے مغربی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں۔

چہ آدم را فرستادیم بیروں	جمال خویش در صحرا نہادیم
جمال ما بہ بیں زیں راز پنہاں	کہ ہر چشمہ تو آں پیدا نہادیم
اگر چشمت نباشد آنچناں داں	کہ تو ہر چیز را بینا نہادیم

سوال - اس تمام تحقیق سے یہ معلوم ہو گیا کہ وجود حقیقی اور ہستی مطلق وہی ذات یکتا وحدہ لاشریک ہے، اور تمام اشیاء کا وجود ظلی ہے کہ وجود حقیقی کے مظاہر اور ظلال ہیں لیکن گرگوئی

یہ دریافت کرے کہ عالم کو خداوند جل وعلا کے ساتھ کیا نسبت ہے تو اس کا جواب کیا ہے۔

جواب۔ مابین وجود حقیقی اور عالم کے بالاتفاق خالق اور مخلوق کی نسبت ہے اللہ کریم خالق ہے اور ماسوائے اُس کے تمام عالم اُسکی مخلوق ہے مگر علمائے کرام اور صوفیہ عظام کے اس مضمون کے ادا کرنے اور بیان کرنے میں عنوان کا اختلاف ہے اور معنون ایک ہے حضرت شیخ المشائخ قطب العالم شیخ عبد القدوس گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے رسالۂ غرائب الفوائد کے آخر میں اس سوال کا جواب مفصل دیا ہے اسی سے نقل کیا جاتا ہے فقال رضی اللہ عنہ بنزدیک اہل شریعت عالم را با خداوند تعالیٰ ہمچو نسبت حروف وکلمات است با کاتب ونزدیک اہل حکمت ہمچو نسبت درخت است با تخم ونزدیک اہل وحدت ہمچوں نسبت حروف است با سیاہی ومعلوم است کہ حروف از سیاہی است بلکہ عین سیاہی است فاما حروف را سیاہی نہ گویند تا کہ اگر کسے گوید خطا گفتہ باشد کہ مقید ومشکل بصور دیگر اند اما دیدن ودانستن آنکہ حروف بحقیقت عین سیاہی است درست باشد پس زبان کہ مملوک شرع است جز وقف شرع بر زبان نہ راند ودل کہ مملوک حق است انچہ حقیقت است بباید دانست ونباید گفت وہرچہ دانستنی ودیدنی است گفتنی نیست تا کہ اگر گوید کفر ورزیدہ باشد کہ مفضی بافشاء سر ربوبیت گردد وافشاء سر

ربوبیت کفر است سر وحدت است کہ سالک صفا یابد و در مقام فنا رسد خود را و کل کائنات را نہ بیند وجز حق در مشاہدہ او نباشد تا اگر باخود باز آید و این سر آشکارا کند نزدیک ہمہ کفر بود اما در غلبہ حال و سطوت نور شہود مغلوب گردد از خود برود آنگاہ معذور بود ہرچہ گوید آنرا نہ گیرند خواجہ عطار فرماید ع

چوں زندیوانہ ایں شیوہ لاف	تو زسر کوری مکن با او مصاف
تو زباں از شیوہ او دور دار	عاشق دیوانہ را معذور دار
عاقلاں را شرع تکلیف آمدہ است	بے دلاں عشق تشریف آمدہ است
لاجرم دیوانہ را گرچہ خطاست	ہرچہ می گوید بگستاخی رواست

فائدہ جلیلہ

جمہور حضرات صوفیۂ کرام رحمۃ اللہ علیہم اجمعین وحدۃ الوجود کے اس وجہ سے قائل ہوئے ہیں کہ چشم باطنی اور نظر کشفی سے انکو یہی تحقیق ہوا ہے کہ وجود حقیقی ایک ہی ہے اور وہی واجب الوجود ہے۔ ماسوا اس کے جو کچھ دنیا میں ہے وہ اس کے ظلال وعکوس ہیں اور اس کشف وجود حقیقی کے واحد ہونے میں کسی بزرگ کو اولیاء اللہ میں سے خواہ کسی خاندان میں سے ہوں اختلاف نہیں چنانچہ قائلین وحدت شہود میں سے حضرت قطب الوقت خواجہ محمد معصوم رحمۃ اللہ علیہ فرزند و جانشین حضرت امام ربانی مجدد

الف ثانی رضی اللہ عنہ اسپنے ایک مکتوب اسمی میر محمد نعمان میں
اول صوفیہ وجودیہ کی نسبت یہ تحریر فرماتے ہیں ۔ "وطائفۂ دیگر کہ
اہل سلوک و ریاضت اند و بہ صفائی باطن بلکہ بمحض موہبت خصوصیت
وجود و سائر کمالات را بحضرت واجب الوجود تعالیٰ فہمیدہ اند بلکہ
ہر کمال را عین او دانستہ وا و را سبحانہ وجود مطلق تعین نمودہ اند
و صنوئہ کائنات ظہورات و تقیدات آں مطلق تصور فرمودہ وچوں
مقید عین مطلق است بتوحید وجودی و اتحاد ذاتی قائل گشتہ اند
وصفات و ذوات ممکنات را با صفات ذات واجب متحد میدانند
و فرق باطلاق و تقیید می نمایند" اس کے بعد اپنے فریق قائل
توحید شہودی کی نسبت فرماتے ہیں "و فرقۂ دیگر بسابقہ عنایت و
محض فضل در اختصاص وجود و سائر کمالات با طائفۂ ثانیہ شرکت
دارند۔ لیکن آنرا عین ذات نمی گویند و ذات را تعالیٰ ورائے آں
اثبات می نمایند و محتاج ایں وجود نمیدانند و تحقیق آں بہ تفصیل
نمودہ اند و وجود و صفات ممکن را ظلال آں وجود و آں کمالات
می فرمایند کہ در مرأت عدم کہ بمنزلۂ ذات ممکن است منعکس گشتہ
نمود پیدا کردہ است الیٰ ان قال ۔
پس فرقہ ثالث با طائفۂ ثانیہ در قول بوحدت وجود شرکت
دارند لیکن آنہا باتحاد رفتہ اند و اینہا بہ وحدت وجود بطور ایشاں
بایں معنی است کہ وجود خاصہ حضرت معبود است ممکن فی نفسہ از

از وجود تہی است عدمی است۔ کہ بسبب انعکاس کمالات نمودے پیدا کردہ است لیکن چوں بصنع خداوندی است جل سلطانہ از خلل محفوظ است و معاملہ ابدی بآں مربوط پس وحدۃ وجود باشد و ہیچ کدام بایک دیگر از ممکن بواجب تعالیٰ متحد نہ گردد انتہیٰ۔

الحاصل وجود ایک ہی ہے ماوراء اس کے جو کچھ ہے وہ عدم ہے تمام ممکنات فی نفس الامر نظر کشفی اولیائے کرام میں اعدام ہیں مگر بوجہ کمال صنعت حضرت رب العزت یہ اعدام گویا شیشے ہیں جن میں آفتاب وجود حضرت رب معبود کا عکس نمایاں ہے جو شیشہ صاف اور پاک ہے اور سیدھا ہے عکس صحیح نظر آتا ہے اور اگر شیشہ میلا ہے یا ٹیڑھا ہے یا بالکل تاریک ہے اسی کے موافق عکس کا ظہور اس میں ہے اور اس عکس کا صحیح نظر آنا دو امر پر موقوف ہے۔ پہلے قلب کے تصفیہ پر کہ دل کو ماسوی اللہ سے تعلق نہ رہے اور طالب عاشق اللہ کے ذکر میں ایسا مصروف ہو کہ اپنے آپ کو بھول جائے دوام حضور اس کا حاصل ہو جائے۔ دوسرے نفس کا تزکیہ یعنی اخلاق رذیلہ اور عادات قبیحہ سے نفس پاک ہو جائے اور ترقی کر کے مقامات فنا اور مراتب بقا کو طے کرلے اور یہ دونوں امر تصفیہ اور تزکیہ ریاضت شاقہ اور کامل مجاہدہ پر موقوف ہیں۔ فرمایا اللہ کریم نے وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا یعنی جو شخص ہمارے راستہ میں مجاہدہ کرتے ہیں ہم اُن پر اپنے رستے

کھولتے ہیں ریاضت اور مجاہدہ صورت مشاہدہ اور موجب نجات سرمدیہ اور باعث حصول حیات ابدیہ اسی وقت ہوسکتا ہے کہ شرع شریف کے اتباع کے موافق کیا جائے اگر معاذ اللہ اتباع ظاہری و باطنی شرع شریف میں لاپرواہی ہے تو پھر دھوکا ہے۔ لہذا طالب خدا کو ریاضت موافق اتباع شریعت و طریقت اختیار کر کے کشود کار کا امیدوار رہنا چاہیئے ؎

تو مگو مارا بداں شہ بار نیست	با کریماں کارہا دشوار نیست

طالب کو ابتدا میں نام خدا کے لینے سے ذوق اور حلاوت دل میں پیدا ہونی شروع ہوتی ہے پھر اگر توفیق ایزدی رفیق حال اس کے ہے اور مرشد کامل کا سایہ سر پر اس کے ہے تو ذوق کے بعد شوق اور شوق کے پیچھے محبت اور محبت کمال پر پہنچنے سے عشق کا درجہ حاصل ہو جاتا ہے عشق کی تعریف میں لکھا ہے ہونا ریحرق ماسوی المحبوب۔ عشق ایک آگ ہے کہ مطلوب کے سوا اور تمام اشیاء کو جلا دیتی ہے۔ اسی آگ کے شعلہ زن ہونے پر توحید کا مقام کھلتا ہے اور مطلوب ہی مطلوب نظر آتا ہے کیا اچھا فرمایا کسی بزرگ نے ؎

سربسر طاعت عبادت را بسوز　　آتش عشق از درون خود فروز
عشق آں شعلہ است کاں چوں برفروخت　　ہرچہ جز معشوق باشد پاک سوخت

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ سید الانبیاء المرسلین وعلیٰ آلہ وصحبہ وخواص امتہ اجمعین

یہ کتابیں بھی دفتر مجلس اشاعۃ العلوم مدرسہ نظامیہ شبلی گنج حیدرآباد دکن سے

مل سکتی ہیں

زاد السبیل الی دار الخلیل ۔ مؤلفہ مولانا مولوی مفتی محمد سعید اللہ صاحب مرحوم
یہ رسالہ حجاج و زائرین بیت اللہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ اس میں مسائل
فضائل حج و عمرہ و ممنوعات و مکروہات احرام و خطبہائے حج و مقامات [illegible]
اور مقامات متبرکہ وغیرہ کے احوال معتبر کتب فقہ سے اخذ کرکے نہایت خوبی
کے ساتھ لکھے گئے ہیں۔ یہ رسالہ پیشتر دو دفعہ چھپا تھا لیکن اب کے مجلس اشاعۃ العلوم
نے ایک جدید تہذیب اور دلکش طرز سے اسکو مرتب کرکے اپنے سلسلہ اشاعت میں
داخل کیا ہے۔ چھپائی عمدہ۔ کاغذ سفید چکنا۔ ۵ پونڈی۔ حجم ۲۰۱ صفحات قیمت ۲ر

العروۃ الوثقیٰ ۔ مؤلفہ جناب مولوی سید غلام محمد برہان الدین صاحب قادری مہاجر
یہ رسالہ عربی زبان میں لکھا گیا ہے مؤلف سلمہ اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کی رویت مبارک اور فضائل رویت کو بہت عمدگی کے ساتھ بیان کیا ہے
اپنے رنگ میں بہت عمدہ رسالہ ہے حجم ۱۴۴ صفحات قیمت ۵ر

الوسیلۃ العظمیٰ ۔ مؤلفہ جناب سید غلام محمد برہان الدین صاحب قادری مہاجر۔ یہ رسالہ بھی
عربی زبان میں لکھا گیا ہے۔ مؤلف سلمہ اللہ نے اس رسالہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے
ذکر ولادت باسعادت کے وقت جواز قیام اور فضائل قیام کا ثبوت دیا ہے اور دلائل
عقلیہ و نقلیہ سے اچھی طرح ثابت کردیا ہے کہ قیام کی اصل علت اور طرح کیا ہے حجم ۳۲ صفحات قیمت ۲ر


مقاصد الاسلام حصہ پنجم

حضرت مولانا مولوی حاجی حافظ عارف باللہ محمد انوار اللہ صاحب قبلہ مدظلہ کی مفید
تصانیف اور ان کے برکات سے کون واقف نہیں ہے۔ حضرت قبلہ ممدوح کی
تصانیف موجودہ زمانہ کی اقتضاء کے موافق حمایت اسلام کی کامل ضمانت اور علوم و
برکات اسلام کی اشاعت کیلئے پوری کفیل ہیں۔ مقاصد الاسلام کے نام سے حضرت
ممدوح نے ایک مفید سلسلہ تصانیف کی بنیاد ڈالی ہے۔ انعقاد مجلس اشاعۃ العلوم
کے پیشتر اس سلسلے کے چار حصے شایع ہو چکے ہیں۔ اب مجلس نے یہ پانچواں حصہ بھی
شایع کیا ہے اور دیگر حصص زیر طبع ہیں۔ اس حصہ میں تصوف، سزا، جبر،
فقر و فقیری، خلافت، نبوت، اہلبیت، وصحابہ کے مفید حالات اور خلفائے
راشدین کی خلافت پر نہایت عمدہ پیرایہ میں عقلی و نقلی بحثیں کی گئی ہیں اور
نہایت محققانہ طرز سے ہر ایک بات ثابت کی گئی ہے۔ چھپائی عمدہ، کاغذ
سفید چکنا ۵۰ پونڈی حجم ۱۶۸ صفحات قیمت ۶ ؍

المعلن

محمد ولی الدین مہتمم مجلس اشاعۃ العلوم

سلسلہ مجلس اشاعۃ العلوم نمبر (۳۱)



اَللّٰهُ نُورُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

بفضل و عنایات رب ودود و طفیل رسول اشرف المسجود و صاحب مقام محمود

رسالۂ نادرۂ عجیبی

انوار اللہ الودود

فی

مسئلۃ وحدۃ الوجود

از محمد ترین افاضات خامۂ گرامی عارف نامی مولانا و مقتدانا شیخ الاسلام قدوۃ المسلمین
حقائق و معارف آگاہ مولوی حافظ حاجی محمد انوار اللہ ادام اللہ فیوضہ

باہتمام

مولانا ابو البرکات مولوی حافظ محمد ولی الدین صاحب مہتمم مجلس اشاعۃ العلوم

مسئلہ وحدۃ الوجود

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین

یہ امر پوشیدہ نہیں کہ ہر چیز پیدا ہونے سے پہلے معدوم ہوتی ہے اور جس وقت پیدا ہوتی ہے یکایک محسوس ہو جاتی ہے۔ اب یہاں دیکھنا یہ ہے کہ کس چیز نے اُسے محسوس بنا دیا اور وہ کیا چیز ہی جسکے نہونے سے وہ معدوم تھی اور اُس کے ہونے سے محسوس ہوگئی ادنیٰ تامل سے معلوم ہو سکتا ہے کہ وہ وجود ہی ہو حالت عدم میں اُس چیز کو نہ تھا اور جب دونوں میں باہمی تعلق ہوا تو وہ چیز محسوس اور موجود ہوگئی عقل اس پر گواہی دیتی ہے کہ جو چیز ایسی ہو کہ اُس کے وجود سے معدوم چیز موجود ہو جائے وہ اعتباری نہوگی بلکہ مستقل بالذات

ہوگی اس سے ثابت ہے کہ وجود جس کا ذکر یہاں ہو رہا ہے وہ مصدری
نہیں کیونکہ وجود مصدری ایک اعتباری اور انتزاعی چیز ہے جس کا
منشا رانتزاع دوسری چیز ہوگی۔ اب یہ دیکھنا چاہیئے کہ وہ دوسری
چیز نفس شئے معدوم ہے یا اور کچھ۔ اگر نفس شئے معدوم ہو تو لازم
آئے گا معدوم من حیث ہو معدوم سے وجود خیال میں آئے
جو کسیطرح درست نہیں تو ضرور ہے کہ وہ دوسری شئے منشا رانتزاع
وجود مصدری کا ہے وہ نفس وجود ہو گا مگر مصدری نہو گا۔ بلکہ ایسا
مستقل ہو گا کہ معدوم شئے کو وجود دیسکے اور منشا رانتزاع اسکے
موجودیت کا بنے غرضکہ یہ وجود وجود مصدری کا منشا رانتزاع ہے اور
خارج میں موجود ہے اس وجود کی معنی (ہونا) نہیں ہوسکتے جو معنی مصدری
ہے بلکہ اس کی معنی ما بہ الموجودیت ہے گو اس کی حقیقت سمجھ میں نہ آئے
مگر اتنا تو ضرور سمجھ میں آتا ہے کہ ہر شئے معدوم کے موجود ہونے کے
وقت ایک چیز ایسی اس کے ساتھ متعلق ہوتی ہے جس کی وجہ سے
اسپر موجودیت کا اطلاق ہوتا ہے جب وجود کے دو معنی معلوم
ہوئے تو اب ہم جہاں وجود کہینگے تو اس سے مراد ما بہ الموجودیت
لینگے۔ جب آپ یہ سمجھ گئے تو جو معدوم شئے وجود میں آتی ہے
وہاں تین چیزیں ہونگی۔ ایک وہ معدوم جسکو وجود مل رہا ہے دوسرا
وجود جسکی وجہ سے وہ معدوم شئے وجود میں آرہی ہے تو اب تمام
موجودات عالم کا حال معلوم ہو گیا کہ اگر وجود سے قطع نظر کر لیجئے تو

وہ سب معدوم سے ہے۔ اور موجود ہونا اس کا صرف وجود کی برکت سے ہے۔ اب یہاں یہ بات معلوم کرنے کی ضرورت ہے کہ عالم میں بے انتہا چیزیں ہم دیکھتے ہیں جو شکل و شمائل میں ایک دوسرے سے ممتاز ہیں۔ اس کثرت کا منشا آیا وجود ہے یا وہ معدومات۔ اس میں شک نہیں کہ وجود مصدری میں کثرت ضرور ہے کیونکہ اس کا منشا ہر ایک موجود ہے جو دوسرے سے تشخص میں ممتاز ہے گا۔ نہیں کہہ سکتے کہ وجود خارجی اور اصلی یعنی مابہ الموجودیت میں کثرت ہے کیونکہ اس کی خاصیت تو یہ ہے کہ جس معدوم کے ساتھ ملا اسکو موجود کر دیا۔ اس سے ظاہر ہے کہ کثرت اشیاء معدومہ میں ہے۔ یہاں ایک شبہ پیدا ہوتا ہے کہ اشیاء معدومہ تو معدوم ہیں اور عدم میں امتیاز سمجھ میں نہیں آتا تو اسکو یوں سمجھنا چاہیئے کہ زید مثلاً جو موجود ہوا حالت عدم میں نہ یہ معدوم [illegible] عدم محض نہ تھا [illegible] اس کو نہ یہ معدوم کہنے کی ضرورت [illegible] دیکھئے جب ہم گھر بناتے ہیں تو [illegible] اس کا نقشہ [illegible] میں [illegible] تے ہیں پھر خارج میں اسکو موجود کر [illegible] اس سے ظاہر ہے [illegible] میں معدوم [illegible] میں آیا نہ یہ محض معدوم یعنی عدم محض مقصود یہ ہے کہ کو [illegible] خارج میں معدوم ہے مگر عدم محض نہیں اگر عدم محض ہوتا تو یوں کہتے کہ عدم کو ہم نے وجود [illegible] حالانکہ کہا جاتا ہے کہ معدوم کو ہم نے موجود کیا۔ پھر وہ معدوم

گھر جب وجود میں آیا تو جس قدر آثار و لوازم اس کے خیال سے کئے گئے تھے اُن سب کا وجود خارج میں آگیا۔
حاصل یہ کہ موجود گھر کے وجود سے اگر قطع نظر کیا جائے تو صرف گھر رہ جائے گا۔ جو قبل وجود معدوم تھا اور بعد وجود موجود ہو گیا۔ اسکو اُس گھر کی عین ثابتہ کہینگے گو کہ حالت عدم میں موجود نہیں مگر من وجہ اسکو ثبوت کا ایک درجہ حاصل ہے۔ جسکو وجود نہیں کہہ سکتے جب ہر موجود میں دو چیزیں پائی جاتی ہیں ایک وجود۔ دوسری عین ثابتہ تو معلوم ہوا کہ کثرت موجودات صرف اعیان ثابتہ کی کثرت سے ہے ورنہ نفس وجود واحد ہے۔ اسکو یوں سمجھنا چاہئیے کہ تمام عالم کے اعیان ثابتہ پر وجود محیط ہے اور وجود اُن پر ایسا ہے جیسے چادر مختلف اشیاء پر اڑادی جاتی ہے۔ اور اُن اعیان ثابتہ کا ظہور صرف وجود کی وجہ سے ہو رہا ہے۔ اب تمام عالم کو خیال کر لیجئے کہ کہیں زمین ہے کہیں پانی اور کہیں ہوا اور افلاک وغیرہ اس مجموعہ میں وجود موجود ہے جو سب پر محیط ہے مگر ہر ایک چیز کی عین ثابتہ علحدہ علحدہ ہے اور جتنے آثار و لوازم ہر ایک کے ہیں وہ سب ہر ایک کے عین ثابتہ میں بیت درج و مندرج ہیں ان کو وجود سے کوئی تعلق نہیں اور تعلق ہے تو اس قسم کا کہ ان کا ظہور بغیر وجود کے ممکن نہیں۔
محققین وجود ہی کو ذات الہی کہتے ہیں جو تمام عالم کی مابہ الموجودیت ہے کیونکہ اسی سے ہر چیز کی موجودیت متعلق و وابستہ ہے گو نسبت

ہیں اس لفظ کا اطلاق ذات الٰہی پر وارد نہیں مگر معنی ضرور صادق آتے ہیں اور عقل بھی اسکو تسلیم کرتی ہے والعبرۃ للمعنی اس صورت میں زید مثلاً بلکہ تمام عالم معدوم ہے اور موجود ہے تو اس وجہ سے کہ وجود کے ساتھ اسکو ایک تعلق خاص ہے اگر وہ تعلق اٹھ جائے تو اسکو پھر کسیطرح موجود نہیں کہسکتے - اب اگر ظاہر ہے تو وجود ہی ہے کیونکہ معدوم بحیثیت عدم ظاہر نہیں ہوسکتا - اگر اسکو ظہور ہے تو تعلق وجود کے طفیل سے ہے اس لحاظ سے بندہ اپنے کو فانی اور غیر موجود کہسکتا ہے اور اس لحاظ سے کہ وجود کے ساتھ اسکو تعلق خاص ہے اور نظر صرف وجود کی طرف کرے تو ہمہ اوست کا مضمون بھی صادق آتا ہے اسیوجہ سے بزرگان دین کے قوال دونوں قسم کے وارد ہیں - حضرت شیخ اکبر رضی اللہ عنہ نے متعدد مقامات میں فرمایا ہے مَا اَنْتَ ھُوَ بَلْ اَنْتَ ھُوَ اگر کوئی اس خیال سے کہ وجود واحد ہے اور بزرگان دین نے ہمہ اوست فرمایا ہے اپنی حقیقت جو عین ثابتہ ہے پیش نظر نہ رکھے اور یہ کہے کہ ہمیں عبادت کی ضرورت نہیں تو حضرات صوفیہ کے نزدیک بھی وہ کافر ہے - کیونکہ خدائے تعالےٰ نے صاف فرمایا ہے کہ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنَ اور جگہ جگہ عبادت کی تاکید فرمائی ہے اور نصوص قطعیہ کے انکار سے حضرات صوفیہ کے پاس بھی آدمی کافر ہوجاتا ہے اور وحدت وجود سے اسکو کوئی نفع

نہ ہوگا۔ کیونکہ باوجود وحدت وجود کے دنیا میں ہم دیکھتے ہیں کہ آگ بزار جلاتی ہے اور اس سے درد و مصیبت ہوتی ہے اسی طرح قیامت میں بھی عذاب الیم ہوگا اگر وحدت وجود کا مقتضٰے یہ ہوتا کہ کسی کو اذیت اور ضرر نہ ہو تو دنیا میں بھی اذیت نہ ہوتی اور یہ کوئی نہیں کہہ سکتا کہ وحدت الوجود کا اثر قیامت ہی میں ہوگا کیونکہ وجود دنیا و آخرت میں ایک ہی ہے مقتضائے ذاتی اس کا بدل نہیں سکتا ہاں یہ بات اور ہے کہ کثرت عبادت سے کُنْتُ سَمْعَهُ وَبَصَرَهُ کے مقام تک پہونچ جائے لیکن وحدت الوجود سے کوئی تعلق نہیں وہ کثرت عبادت کا ثمرہ ہے۔ هذا من افادة العالم العارف بالله مولانا الحافظ الحاج المولوی محمّد انوار الله مد ظله العالی وعم فیضه المتعالی بدوام الایام واللیالی فی اثبات وحدة الوجود۔

یہ کتابیں دفتر مجلس اشاعۃ العلوم مدرسہ نظامیہ شبلی گنج حیدرآباد دکن سے مل سکتی ہیں

زاد السبیل الی دار الخلیل - مؤلفہ مولانا مولوی مفتی محمد سعد اللہ صاحب مرحوم
یہ رسالہ حجاج و زائرین بیت اللہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ اس میں مناسک و فضائل حج و عمرہ و ممنوعات و مکروہات احرام و خطبہائے حج و مقامات قبولیت دعا اور مقامات متبرکہ وغیرہ کے احوال متبرکہ کتب فقہ سے اخذ کر کے نہایت خوبی کے ساتھ لکھے گئے ہیں۔ یہ رسالہ پیشتر دو دفعہ چھپا تھا لیکن اب کے مجلس اشاعۃ العلوم نے ایک جدید تہذیب اور دلکش طرز سے اسکو مرتب کر کے اپنے سلسلۂ اشاعت میں داخل کر لیا ہے۔ چھپائی عمدہ۔ کاغذ سفید چکنا ۵۰ پونڈی۔ حجم ۲۳۰ صفحات قیمت ۴ ـ

العروۃ الوثقیٰ - مؤلفہ جناب مولوی سید غلام محمد برہان الدین صاحب قادری مہاجر
یہ رسالہ عربی زبان میں لکھا گیا ہے مؤلف سلمہ اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رویت مبارک اور فضائل رویت کو بہت عمدگی کے ساتھ بیان کیا ہے اپنے رنگ میں بہت عمدہ رسالہ ہے حجم ۴۴ صفحات قیمت ۵ ـ


الوسیلۃ العظمیٰ - مؤلفہ جناب سید غلام محمد برہان الدین صاحب قادری مہاجر یہ رسالہ بھی عربی زبان میں لکھا گیا ہے۔ مؤلف سلمہ اللہ نے اس رسالہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر ولادت باسعادت کے وقت جواز قیام و رد منکرین قیام کا ثبوت دیا ہے اور دلائل عقلیہ و نقلیہ سے بخوبی طرح ثابت کر دیا ہے۔ قیام کی نسبت ... حجم ۲۲ صفحات قیمت ۲ ـ

مقاصد الاسلام حصۂ پنجم

حضرت مولانا مولوی حاجی حافظ عارف باللہ محمد انوار اللہ صاحب قبلہ مدظلہ کی مفید تصانیف اور ان کے برکات سے کون واقف نہیں ہے۔ حضرت قبلہ ممدوح کی تصانیف موجودہ زمانہ کی اقتضاء کے موافق حمایت اسلام کی کامل ضمانت اور علوم و برکات اسلام کی اشاعت کیلئے پوری کفیل ہیں۔ مقاصد الاسلام کے نام سے حضرت ممدوح نے ایک مفید سلسلۂ تصانیف کی بنیاد ڈالی ہے۔ انتقاد مجلس اشاعۃ العلوم کے پیشتر اس سلسلہ کے چار حصے شایع ہو چکے ہیں۔ اب مجلس نے یہ پانچواں حصہ بھی شایع کیا ہے اور دیگر حصص زیر طبع ہیں۔ اس حصہ میں تمہید [illegible] [illegible] فقہ و تقلید، خلافت، نبوت، اہلبیت، و صحابہ کے مفید مباحث اور خلفائے راشدین کی خلافت پر نہایت عمدہ پیرایہ میں عقلی و نقلی بحث کی گئی ہے۔ نہایت تحقیقانہ طرز سے ہر ایک بات ثابت کی گئی ہے۔ چھپائی عمدہ، کاغذ سفید چکنا ۵۰ پونڈی حجم ۱۶۸ صفحات قیمت ۱۲/

المعلن

محمد ولی الدین، مہتمم مجلس اشاعۃ العلوم


عليكم بسنتي وسنة الخلفاء الراشدين المهديين

ثبوت ذکر جہر باحادیث و خبر

مؤلفہ مولانا مولوی مشتاق احمد صاحب حنفی انبہٹوی

حسب الحکم

مولانا شیخ الاسلام والمسلمین حاجی حرمین شریفین ... محمد انوار اللہ صاحب ...

باہتمام

مولانا ابی الدیہات حافظ محمد ولی الدین صاحب مہتمم مجلس اشاعۃ العلوم

ثبوتِ ذکر جہر

بالاحادیث والخبر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ سیدنا محمد وعلی آلہ وصحبہ اجمعین ۔ اما بعد کہتا ہے مشتاق احمد حنفی عفی اللہ عن ذنبہ الخفی والجلی ذکر جہر کے ثبوت میں بعض مخلص احباب نے خاکسار سے دلائل طلب کئے اور یہ کہا کہ جس طرح بعض سلاسل صوفیہ میں بصورت حلقہ مجتمع ہو کر جہر کے ساتھ ذکر کرتے ہیں شرع شریف میں اس کی کیا اصل ہے فاقول صحیحین اور دیگر سنن میں یہ حدیث قدسی مروی ہے یقول اللہ انا عند ظن عبدی بی وانا معہ اذا ذکرنی فان ذکرنی فی نفسہ ذکرتہ فی نفسی وان ذکرنی فی ملاء ذکرتہ فی ملاء

خیر منہ الحدیث ترجمہ۔ اللہ جل شانہ فرماتا ہے میں اپنے بندہ کے گمان کے ساتھ ہوں اور جب بندہ ذکر کرتا ہے اس کے ہمراہ ہوں اگر بندہ دل میں ذکر کرے میں بھی دل میں ذکر کرتا ہوں اور اگر جماعت میں ذکر کرے میں اس کا ذکر ایسی جماعت میں کرتا ہوں جو ان سے بہتر ہے۔ اس حدیث کی شرح میں علامہ جزری فرماتے ہیں۔ فیہ دلیل علی جواز الجہر بالذکر خلافاً لمن منعہ اس حدیث سے جہر کے ساتھ ذکر کرنا ثابت ہوتا ہے برخلاف اس کے جو اسکو منع کرتا ہے۔ اور علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث کی نسبت لکھتے ہیں۔ الذکر فی الملاء لا یکون الا عن جھر فدل الحدیث علی جوازہ (رسالہ نتیجۃ الفکر صفحہ ۱۰) ترجمہ ذکر جماعت میں جہر ہی کے ساتھ ہوتا ہے۔ پس اس حدیث سے جواز ذکر جہر ثابت ہوا۔ ۱ قول (مَلَأ) یعنی جماعت میں ذکر کرنے کے علاوہ ثبوت جہر کے حلقۂ صوفیہ کرام علیہم الرضوان من الرب العلام کا ثبوت بھی بہم پہنچگیا کیونکہ ملاء لغت میں مطلق جماعت مردم کو کہتے ہیں اور وہ عام ہے اس سے کہ صفوف کی حالت میں ہوں یا حلقہ کی صورت میں ہوں اور یہی فتاوائے خیریہ سے رسالہ نتیجۃ الفکر میں نقل کیا ہے کہ کسی شخص نے شیخ ابراہیم سے بابت حلقہ ذکر مع جہر اور نسبت پڑھنے قصائد و اشعار کے دریافت کیا اور یہ کہا کہ بعض اہل علم اسکو منع کرتے ہیں شیخ ممدوح نے ان

الفاظ ہیں جواب دیا حلق الذکر والجہریہ وانشاد القصائد قد جاء فی الحدیث ما اقتضی طلبہ نحو ان ذکرنی فی ملاء ذکرته فی ملاء خیر منه رواہ البخاری ومسلم والترمذی والنسائی وابن ماجة واحمد باسناد صحیح والذکر فی الملاء لا یکون الا عن جہر وکذا حلق الذکر وطواف الملائکة بها وما ورد فیها من الاحادیث ومنها احادیث اقتضت طلب الاسرار والجمع بینهما بان ذالك یختلف باختلاف الاشخاص والاحوال انتهی ملخصا۔

دوسری وہ حدیث جو ترمذی اور مسند احمد میں مروی ہے عن انس رضی اللہ تعالیٰ عنه قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم اذا مررتم بریاض الجنة فارتعوا قالوا یا رسول اللہ وما ریاض الجنة قال حِلَقُ الذکر۔ ترجمہ جب تم جنت کے باغوں پرسے گذرو پس کھاؤ پیو (فائدہ اٹھاؤ) صحابہ نے عرض کیا جنت کے باغ کونسے ہیں ارشاد فرمایا ذکر اللہ کے حلقے۔ اس حدیث سے دونوں امر ثابت ہو گئے۔ اول ذکر جہر کیونکہ دوسرونکو اسیوقت فائدہ پہونچیگا کہ وہ جماعت ذاکرین کا ذکر سنیں اور وہ موقوف ہے جہر پر۔ دوسرا امر حلق الذکر بلفظہ موجود ہے کہا مجمع البحار میں الحلق بکسر الحاء وفتح اللام جمع الحلقة مثل القصعة والقصع وهی الجماعة من الناس مستدیرون کحلقة الباب وغیرہ

الحاصل احادیث بکثرت ذکر جہر کی ثبت ہیں اور جو احادیث کراہت ذکر جہر پر دلالت کرتی ہیں وہ ممانعت کسی دوسرے امر ممنوع کی وجہ سے ہے مثلاً ریا یا اندیشہ عجب ہو یا ایذا ء غیر کہ مصلے ہو یا قائم نہو یا ذاکر ہو مثلاً یا وہاں بیان افضلیت ذکر خفی کی مراد ہے بہر حال نفس جہر بذکر کو کہیں حدیث میں مکروہ نہیں فرمایا کما لا یخفی علی اہل بصیرۃ فی الفقہ۔ اور روایات فقہیہ اس باب میں مختلف ہیں بعض سے منع جہر مطلقاً ثابت ہے بعض سے جواز مطلقا اور بعض سے جہر مفرط کا ممنوع ہونا اور غیر مفرط کا جواز ثابت ہے البتہ اخفا افضل ہے اور یہی محققین حنفیہ کا مشرب ہے کما قال الفاضل الکھنوی فی حاشیہ الحصن اختلفوا فی جواز الذکر بالجھر فمنھم من منعہ مطلقا ومنھم من جوزہ مطلقا ومنھم من فصّل کصاحب الفتاوی الخیریۃ فقال ان کان الجھر مفرطا منع منہ والاجاز نعم السر افضل من الجھر لکنہ امر آخر وھذا ھو المعتمد عند محققی اصحابنا وان کان بعض اصحابنا الحنفیۃ قد منعوا الجہر مطلقاً فاحفظ اور پوری تحقیق اس کی فاضل ممدوح نے اپنے رسالہ سباحۃ الفکر فی الجہر بالذکر میں لکھی ہے من شاء فلیرجع الیہ اور ملا علی قاری حنفی نے مرقاۃ شرح مشکوۃ میں اس حدیث اُبَیّ بن کعب کی شرح میں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وتر سے سلام پھیر کر تین مرتبہ سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ فرماتے اور تیسری مرتبہ میں آواز بلند کرتے تھے

لکھا ہے کہ اس حدیث سے جواز ذکر جہر بلکہ استحباب ثابت ہوتا ہے۔ بشرطیکہ ریا سے پرہیز ہو اور تعلیم دین اور سامعین کو غفلت سے جگانا اور ذکر کی برکات کو دور تک پہنچانا منظور ہو اور بعض مشائخ نے اخفا کو پسند کیا ہے کیونکہ وہ ریا سے دور ہے اور یہ امر نیت کے متعلق ہے عبارت بلفظہ ملا علی قاری کی یہ ہے هٰذا یدل علیٰ جواز الذکر برفع الصوت بل علی الاستحباب اذا اجتنب الریاء اظهارًا للدّین وتعلیما للسامعین وایقاظا لهم من الغفلة وایصالا لبرکة الذکر الیٰ مقدار ما یبلغ الصوت الیه من الحیوان والشجر والمدر وطلباً لاقتداء الغیر بالخیر ویشهد له کل رطب ویابس وبعض المشائخ یختارون اخفاء الذکر لانه ابعد من الرّیاء وهٰذا متعلق بالنّیة انتهٰی۔

تنبیہ

ترجیح اخفاء ذکر کی قوی وجہ جہاں تک نصوص اور اقوال مشائخ سے ثابت ہوتی ہے وہ ریا سے بچنے کے لئے ہے۔ پس جس شخص کو ریا کا اندیشہ ہو اُس کے حق میں ذکر خفی اچھا ہے اور جو طالب صادق اخلاص واثق رکھتا ہو اور حسب فرمودۂ طبیب حاذق یعنی شیخ وقت خود ذکر جہر کرے اس کے حق میں بھی افضل ہے۔ چنانچہ شباحة الفکر میں

فتاوی خیریہ سے نقل کیا ہے وذکر بعض اهل العلم ان الجهر افضل حیث خلا مما ذکر لانه اکثر عملا لتعدی فائدته الی السامعین ویوقظ قلب الذاکر ثم قال فان قلت صرح فی الخانیة بان رفع الصوت بالذکر حرام لقوله علیه الصلوٰة والسلام لمن رفع صوته بالذکر انک لا تدعوا اصم ولا غائبا وقوله علیه الصلوٰة والسلام خیر الذکر الخفی قلت هو محمول علی الجهر الفاحش المضر انتهی و فی هذا کفایة لمن له درایة واللّٰه اعلم وعلمه احکم و اتم ـ قد تم

طبع هذا الکتاب المشتمل علی جواز الذکر بالجهر للفاضل البارع الامجد مولانا مشتاق احمد اعم اللّٰه فیوضه واید بامر العالم العامل السامی الفاضل الکامل النامی حدیقة انوار العلوم وانوار حدیقة السر المکتوم بدر البدور مولانا الحافظ الحاج المولوی محمد انوار اللّٰه الصمد للصدور لازالت انواره منیرة لقلوب المسترشدین ـ و باهتمام مولانا الی الدرجات الحافظ المولوی محمد ولی الدین المهتمم لمجلس اشاعة العلوم

یہ سب کتابیں دفتر مجلس اشاعۃ العلوم مدرسہ نظامیہ شبلی گنج حیدرآباد دکن سے مل سکتی ہیں

زاد السبیل الی دار الخلیل - مؤلفہ مولانا مولوی مفتی محمد سعد اللہ صاحب مرحوم
یہ رسالہ حجاج و زائرین بیت اللہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ اس میں مناسک
فضائل حج و عمرہ و ممنوعات مکروہات احرام و خطبہائے حج و مقامات قبولیت دعا
اور مقامات متبرکہ وغیرہ کے احوال متبرکہ کتب معتبرہ سے اخذ کرکے نہایت خوبی
کے ساتھ لکھے گئے ہیں۔ یہ رسالہ پیشتر دو دفعہ چھپا تھا لیکن اب کے مجلس اشاعۃ العلوم
نے ایک جدید تہذیب اور دلکش طرز سے اسکو مرتب کرکے اپنے سلسلہ اشاعت
میں داخل کرلیا ہے۔ چھپائی عمدہ۔ کاغذ سفید چکنا ۵ پونڈی حجم ۳۲ صفحات قیمت ۸/

العروۃ الوثقیٰ مؤلفہ جناب مولوی سید غلام محمد برہان الدین صاحب قادری مہاجر
یہ رسالہ عربی زبان میں لکھا گیا ہے مؤلف سلمہ اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کی رویت مبارک اور فضائل رویت کو بہت عمدگی کے ساتھ بیان کیا ہے
اپنے رنگ میں بہت عمدہ رسالہ ہے حجم ۱۶ صفحات قیمت ۵/

الوسیلۃ العظمیٰ مؤلفہ جناب سید غلام محمد برہان الدین صاحب قادری مہاجر یہ رسالہ
بھی سلیس عربی زبان میں لکھا گیا ہے۔ مؤلف سلمہ اللہ نے اس رسالہ میں آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کے ذکر ولادت باسعادت کیوقت جواز قیام اور فضائل قیام کا ثبوت دلیلیں دینیہ
اور دلائل عقلیہ و نقلیہ سے اچھی طرح ثابت کردیا ہے کہ قیام کی اصل علت اور لم کیا ہے حجم ۳۲ صفحے

مقاصد الاسلام حصہ پنجم

حضرت مولانا مولوی حاجی حافظ عارف باللہ محمد انوار اللہ صاحب قبلہ مدظلہ کی مفید تصانیف اور ان کے برکات سے کون واقف نہیں ہے۔ حضرت قبلہ ممدوح کی تصانیف موجودہ زمانہ کی اقتضاء کے موافق حمایت اسلام کی کامل ضمانت اور علوم و برکات اسلام کی اشاعت کیلئے پوری کفیل ہیں۔ مقاصد الاسلام کے نام سے حضرت ممدوح نے ایک مفید سلسلہ تصانیف کی بنیاد ڈالی ہے۔ انعقاد مجلس اشاعۃ العلوم کے پیشتر اس سلسلہ کے چار حصے شائع ہو چکے ہیں۔ اب مجلس نے یہ پانچواں حصہ شائع کیا ہے اور دیگر حصص زیر طبع ہیں۔ اس حصہ میں تصوف، سزا و جزا، تقدیر و تدبیر، خلافت، نبوت، اہلبیت، و صحابہ کے مفید حالات اور خلفائے راشدین کی خلافت پر نہایت عمدہ پیرایہ میں عقلی و نقلی بحثیں کی گئی ہیں اور نہایت محققانہ طرز سے ہر ایک بات ثابت کی گئی ہے۔ چھپائی عمدہ کاغذ سفید چکنا ۵۰ پونڈی حجم ۱۷۵ صفحات قیمت ۱/-

المعلن

محمد ولی الدین مہتمم مجلس اشاعۃ العلوم

يا ايها الذين آمنوا اذكروا الله ذكرا كثيرا

الحمد للہ کہ دریں ایام سعادت انضمام رسالہ [illegible]

یعنی

